$$70\text{ kmh}^{-1} = 70 \times \frac{1000}{3600}\text{ ms}^{-1}$$

$$= 19.44\text{ ms}^{-1}$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

.29 عقاب 200 کلومیٹر فی گھنٹا کی سپیڈ سے اُڑ سکتا ہے۔ اس سپیڈ کو SI یونٹ میں تبدیل کیجئے۔ (MLT-I,SRG-II,RWP-II)

حل:

$$200\ kmh^{-2} = \frac{200 \times 1000}{3600} ms^{-1}$$

$$= 55.56 ms^{-1}$$

.30 ویری ایبل سپیڈ سے حرکت کرنے والے جسم کی سپیڈ ٹائم گراف کی کیا شکل ہوگی؟

(GUJ-II,DGK-I,LHR-II)



جواب: ویری ایبل سپیڈ سے حرکت کرتے ہوئے جسم کا گراف خط مستقیم نہیں ہوتا۔ اسکی شکل درج ذیل ہوگی۔

.31 کیا کونسٹنٹ سپیڈ سے حرکت کرنے والے جسم میں ایکسلریشن ہو سکتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,FSD-I,RWP-II,DGK-II,SGD-II]

جواب: جی ہاں، کونسٹنٹ سپیڈ سے حرکت کرنے والے جسم میں ایکسلریشن ہو سکتا ہے۔ اگر وہ سرکلر ٹریک پر حرکت کرتا ہے کیونکہ سرکلر ٹریک پر جسم کی حرکت کی سمت ہر لمحہ بدلتی ہے۔

2.6,2.7	فاصلہ۔ ٹائم گراف، سپیڈ۔ ٹائم گراف، حرکت کی مساواتیں، آزادانہ گرتے ہوئے اجسام کی حرکت

.32 گریوی ٹیشن کے زیر اثر حرکت کرتے ہوئے اجسام کی موشن کی تین مساواتیں لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب:

$$V_f = v_i + gt$$

$$h = v_i t + \frac{1}{2} gt^2$$

$$2gh = v_f^2 - v_i^2$$

.33 ایک کار $2ms^{-2}$ کے یونیفارم ایکسلریشن سے حرکت کرتی ہوئی $10ms^{-1}$ کی ولاسٹی حاصل کر لیتی ہے۔ 5 سیکنڈ کے بعد کار کی ولاسٹی کیا ہوگی؟
[LHR-II,GUJ-I,SGD-II,MTN-II,RWP-I]

جواب:

$$a = 2\ ms^2 \qquad v_i = 10ms^{-1}$$

$$t = 5 sec \qquad v_f = ?$$

حرکت کی پہلی مساوات کی مدد سے

$$v_f = v_i + at$$

$$v_f = 10 + 2(5)$$

$$v_f = 10 + 10$$

$$v_f = 20 ms^{-1}$$

پس 5 سیکنڈ کے بعد کار کی ولاسٹی $20ms^{-1}$ ہوگی۔

.34 حرکت کی پہلی مساوات اخذ کریں۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب:

$$a = \frac{v_f - v_i}{t}$$

$$at = v_f - v_i$$

$$at + v_f - v_i$$

$$\Rightarrow \quad v = vi + at$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم اگھر WHTS APP:03406042418

.35 گریوی ٹیشنل ایکسلریشن کی تعریف کیجیے اور اس کی مساوات لکھیے۔ [SWL-II,FSD-I,GUJ-II,BWP-II,MTN-I]

جواب: آزادنہ گرتے ہوئے اجسام کے ایکسلریشن کو گریوی ٹیشنل ایکسلریشن کہتے ہیں۔اسے g سے ظاہر کرتے ہیں۔زمین کی سطح پر اس کی قیمت تقریباً $10ms^{-2}$ ہے۔

مساوات: گریوی ٹیشنل ایکسلریشن کو مندرجہ ذیل مساوات سے معلوم کر سکتے ہیں۔

$$g = \frac{GM_e}{R^2}$$

انشائیہ سوالات

سوال نمبر1: سکیلرز اور ویکٹرز کی تعریف کریں۔اور مثال دے کر واضح کریں۔

جواب: **سکیلرز(Scalars):** ایسی طبعی مقداریں(Physical quantities) جن کی مکمل تفصیل ان کی عددی قیمت(Magnitude) کیساتھ مناسب اکائیاں(Units) لگا کر ظاہر کی جاسکے سکیلرز کہلاتی ہیں۔مثال کے طور پر ماس، وقت، والیوم، ڈینسٹی سپیڈ۔

ویکٹرز(Vectors): ایسی طبعی مقداریں(Physical quantities) جن کو مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کے لیے ان کی عددی قیمت اور مناسب اکائیوں(Units) کے ساتھ ساتھ سمت(Direction) کا بتانا بھی ضروری ہو، ویکٹرز کہلاتی ہیں۔مثال کے طور پر فورس، مومینٹم، ٹارک، ڈس پلیسمنٹ۔

سوال نمبر2: پوزیشن، فاصلہ اور ڈس پلیسمنٹ کی تعریف کریں۔ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: مندرجہ ذیل اصطلاحات موشن کے بیان میں استعمال کی جاتی ہے۔

(1) **پوزیشن(Position):** حرکت کے دوران چلتی ہوئی چیز کی پوزیشن بتانے کے لیے ریفرنس پوائنٹ مقرر کرنا پڑتا ہے۔اس پوائنٹ کی نسبت سے اس چیز کا فاصلہ بتاتی جاتی ہے۔اس ریفرنس پوائنٹ سے چیز کے فاصلہ کو پوزیشن کہتے ہیں۔

(2) **فاصلہ اور ڈس پلیسمنٹ(Distance and Displacement):** کسی چلتی ہوئی چیز کا طے شدہ فاصلہ جو کہ ابتدائی(Initial) اور آخری(Final) پوزیشن کے درمیان چلتی ہوئی چیز نے طے کیا ہو۔اس کو "S" سے ظاہر کیا جاتا ہے۔فاصلہ ایک سکیلر طبعی مقدار ہے۔اس کو میٹرز میں لکھا جاتا ہے۔



جب کوئی چیز خم دار راستہ پر چلتی ہے۔اور اس کا خم دار راستہ پر طے شدہ فاصلہ "S" سے ظاہر ہوتا ہے۔لیکن ابتدائی (Initial) اور آخری(Final) پوزیشن کے درمیان کم سے کم فاصلہ ایک سیدھی لائن سے ظاہر کیا جاتا ہے اس سیدھی لائن پر آخری (Final) پوزیشن پر تیر کا سرا(Arrow-head) لگا دیا جائے۔تو یہ ایک ویکٹر کو ظاہر کرتا ہے۔اس کو ڈسپلیسمنٹ (Displacement) کہا جاتا ہے۔اس کو بھی میٹر میں لکھا جاتا ہے۔یہ ایک ویکٹر مقدار ہے۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

2.1 دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) کسی جسم کی موشن ٹرانسلیٹری ہوگی اگر وہ حرکت کرتا ہے۔

(a) دائرہ میں (b) خط مستقیم میں (c) خم دار راستہ پر (d) گھومے بغیر

(ii) اپنے ایکسز کے گرد جسم کی موشن کہلاتی ہے۔

(a) سرکلر موشن (b) روٹیشنل موشن (c) وائبریٹری موشن (d) رینڈم موشن

(iii) مندرجہ ذیل میں سے کون سی مقدار ویکٹر ہے؟

(a) سپیڈ (b) فاصلہ (c) ڈس پلیسمنٹ (d) پاور

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

(iv) اگر ایک جسم کونسٹنٹ سپیڈ کے ساتھ حرکت کر رہا ہو تو اس کی موشن کا سپیڈ-ٹائم گراف ایک ایسا خط مستقیم ہوگا جو:

(a) ٹائم ایکسز کی سمت میں ہے
(b) فاصلہ کے ایکسز کی سمت میں ہے
(c) ٹائم ایکسز کے پیرالل ہے
(d) ٹائم ایکسز پر ترچھا ہے

(v) فاصلہ-ٹائم گراف پر ٹائم ایکسز کے پیرالل خط مستقیم ظاہر کرتا ہے کہ جسم:

(a) کونسٹنٹ سپیڈ سے حرکت کر رہا ہے
(b) ریسٹ میں ہے
(c) ویری ایبل سپیڈ سے حرکت کر رہا ہے
(d) موشن میں ہے

(vi) ایک کار کا سپیڈ-ٹائم گراف شکل میں دکھایا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(a) کار کا ایکسلریشن $1.5ms^{-2}$ ہے
(b) کار کی کونسٹنٹ سپیڈ $7.5ms^{-1}$ ہے
(c) کار کا طے کردہ فاصلہ 75m ہے
(d) کار کی اوسط سپیڈ $15ms^{-1}$ ہے



(vii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا گراف یونیفارم ایکسلریشن کو ظاہر کرتا ہے۔

(a)


(b)


(c)


(d)


(viii) کسی متحرک جسم کے ڈس پلیسمنٹ کو وقت پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

(a) سپیڈ (b) ایکسلریشن (c) ولاسٹی (d) ڈی سلریشن

(ix) ایک گیند کو عموداً اوپر کی طرف پھینکا گیا ہے۔ بلند ترین مقام پر اس کی سپیڈ ہوگی۔

(a) $-10ms^{-1}$ (b) صفر (c) $10ms^{-2}$ (d) ان میں سے کوئی نہیں

(x) پوزیشن میں تبدیلی کہلاتی ہے۔

(a) سپیڈ (b) ولاسٹی (c) ڈس پلیسمنٹ (d) فاصلہ

(xi) ایک ٹرین $36kmh^{-1}$ کی سپیڈ سے حرکت کر رہی ہے۔ ms^{-1} میں اس کی سپیڈ ہوگی۔

(a) $10ms^{-1}$ (b) $20ms^{-1}$ (c) $25ms^{-1}$ (d) $30ms^{-1}$

(xii) ایک کار ریسٹ کی حالت سے حرکت کرنا شروع کرتی ہے۔ 20 سیکنڈ کے بعد اس کی سپیڈ $25ms^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ اس وقت کے دوران کار کا طے کردہ فاصلہ ہوگا۔

(a) 31.25 m (b) 250 m (c) 500 m (d) 5000 m

جوابات

i	d	ii	b	iii	c	iv	c	v	a
vi	a	vii	a	viii	c	ix	b	x	d
xi	a	xii	b						

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

مثالیں

مثال 2.1: شمال مشرق کی جانب عمل کرنے والی 80N کی فورس کو نمائندہ لائن سے ظاہر کیجیے۔

حل: پہلا مرحلہ: ایک دوسرے پر عمودی خطوط کھینچیں جن میں سے ایک افقی اور دوسرا عمودی ہو۔ افقی خط مشرق مغرب اور عمودی خط شمال جنوب سمت ظاہر کرتا ہے۔ جیسا شکل میں دکھایا میں گیا ہے۔

دوسرا مرحلہ: دیے گئے ویکٹر کی نمائندہ لائن کھینچنے کے لیے مناسب سکیل منتخب کیجیے۔ اس مثال میں جو سکیل منتخب کی گئی ہے اس کے مطابق 1cm لمبائی کا خط 20N کی فورس کی نمائندگی کرے گا۔



تیسرا مرحلہ: ویکٹر کی سمت میں سکیل کے مطابق ایک خط کھینچیں۔ اس مثال میں شمال مشرق کی سمت میں OA کھینچیں۔ جس کی لمبائی 4cm ہے۔

چوتھا مرحلہ: خط OA کے سرے A پر تیر کا نشان لگا دیجیے۔ اس طرح خط OA دیے گئے ویکٹر کی نمائندہ لائن کو ظاہر کرے گا۔ یعنی شمال مشرق کی سمت میں عمل پیرا 80N کی فورس کو ظاہر کرے گا۔

مثال 2.2: ایک کھلاڑی 12 سیکنڈ میں 100 میٹر کی دوڑ مکمل کرتا ہے۔ اس کی اوسط سپیڈ معلوم کیجیے۔

حل:

کل فاصلہ = 100 m

کل وقت = 12 s

اوسط سپیڈ = $\frac{\text{کل طے کردہ فاصلہ}}{\text{کل وقت}}$

$= \frac{100m}{12s}$

$= 8.33ms^{-1}$

پس کھلاڑی کی اوسط سپیڈ $8.33ms^{-1}$ ہے۔

مثال: ایک بائیسکل سوار 318 میٹر ریڈیس کے سرکلر ٹریک کا آدھا چکر 1.5 منٹ میں مکمل کرتا ہے۔ اس کی سپیڈ اور ولاسٹی معلوم کیجیے۔

حل:



r ٹریک کا ریڈیس = 318 m

t کل وقت = 1min 30s = 90 s

طے کردہ فاصلہ = π × ریڈیس

$= 3.14\times318m = 999m$

ڈس پلیسمنٹ = 2r

$= 2\times318m = 636m$

سپیڈ = $\frac{\text{فاصلہ}}{\text{وقت}}$

سپیڈ = $\frac{999}{90} = 11.1ms^{-1}$

ولاسٹی = $\frac{\text{ڈس پلیسمنٹ}}{\text{کل قیمت}} = \frac{636}{90} m/sec$

$= 7.07ms^{-1}$

پس سرکلر ٹریک پر بائیسکل سوار کی سپیڈ $11.1ms^{-1}$ ہے۔ جبکہ اس کی ولاسٹی ٹریک کے ڈایامیٹر AB کی سمت میں $7.1ms^{-1}$ ہے۔

مثال 2.4: ایک کار ریسٹ کی حالت سے حرکت کرنا شروع کرتی ہے۔ 8 سیکنڈ میں اس کی ولاسٹی $20ms^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ اس کا ایکسلریشن معلوم کیجیے۔

حل:

ابتدائی ولاسٹی = V_i = $0ms^{-1}$

آخری ولاسٹی = V_f = $20ms^{-1}$

وقت t = 8 s

ہم جانتے ہیں کہ $a = \frac{V_f - V_i}{t}$

$= \frac{20ms^{-1} - 0ms^{-1}}{8s}$

$= 2.5ms^{-2}$

پس کار کا ایکسلریشن $2.5ms^{-2}$ ہے۔

مثال 2.5: ایک کار $30ms^{-1}$ کی ولاسٹی سے حرکت کر رہی ہے۔ اس کی ولاسٹی 5s میں کم ہو کر $15ms^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ کار کا ریٹارڈیشن معلوم کریں۔

حل:

ابتدائی ولاسٹی V_i = $30ms^{-1}$

آخری ولاسٹی V_f = $15ms^{-1}$

ولاسٹی میں تبدیلی = $V_f - V_i$

$= 15ms^{-1} - 30ms^{-1}$

$= -15ms^{-1}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

وقت $t = 5\,s$

$a = ?$

$$\text{ایکسلریشن} = \frac{\text{ولاسٹی میں تبدیلی}}{\text{وقت}}$$

$$a = \frac{-15ms^{-1}}{5s} = -3ms^{-2}$$

مثال 2.6: شکل 2.21 میں حرکت کرتی ہوئی کار کا فاصلہ۔ٹائم گراف دکھایا گیا ہے۔ گراف سے معلوم کیجیے۔

(a) کار کا طے کردہ فاصلہ

(b) پہلے پانچ سیکنڈ کے دوران کار کی سپیڈ

(c) کار کی اوسط سپیڈ

(d) آخری 5 سیکنڈ کے اختتام پر کار کی سپیڈ



کار کا فاصلہ ٹائم گراف

(2.21)

حل:

(a) کل طے کردہ فاصلہ = 40m

(b) پہلے 5 سیکنڈ کے دوران طے کردہ فاصلہ = 35m

$$\text{سپیڈ} = \frac{35m}{5s} = 7ms^{-1}$$

(c) $$\text{اوسط سپیڈ} = \frac{40m}{10s} = 4ms^{-1}$$

(d) آخری 5 سیکنڈ میں طے کردہ فاصلہ = 5m

$$\text{سپیڈ} = \frac{5m}{5s} = 1ms^{-1}$$

مثال 2.7: شکل کے گراف میں دکھائے گئے سپیڈ۔ٹائم گراف سے ایکسلریشن معلوم کیجیے

حل: شکل کے گراف میں 5 سیکنڈ کے بعد پوائنٹ A پر جسم کی سپیڈ $2ms^{-1}$ ہے۔ 10 سیکنڈ کے بعد پوائنٹ B پر جسم کی سپیڈ $4ms^{-1}$ ہے۔



ایکسلریشن = خط AB کا سلوپ

جبکہ سلوپ = ولاسٹی میں تبدیلی/وقت

$$\text{ایکسلریشن} = \frac{4ms^{-1} - 2ms^{-1}}{10s - 5s}$$

$$= \frac{2ms^{-1}}{5s} = 0.4ms^{-2}$$

پس گراف پر جسم کا ایکسلریشن $0.4ms^{-2}$ ہے۔

مثال 2.8: شکل میں دکھائے گئے سپیڈ۔ٹائم گراف سے ایکسلریشن معلوم کریں۔

حل: گراف سے ظاہر ہے کہ وقت کے ساتھ جسم کی سپیڈ کم ہو رہی ہے۔ 5 سیکنڈ کے بعد جسم کی سپیڈ $4ms^{-1}$ سے کم ہو کر 10 سیکنڈ کے بعد $2ms^{-1}$ ہو جاتی ہے۔



ایکسلریشن = خط CD کا سلوپ

$$= \frac{2ms^{-1} - 4ms^{-1}}{10s - 5s}$$

$$= \frac{2ms^{-1} - 4ms^{-1}}{5s}$$

$$= -0.4ms^{-2}$$

پس گراف پر جسم کا ایکسلریشن $-0.4ms^{-2}$ ہے۔ نیگیٹو (Negative) ظاہر کرتا ہے کہ سپیڈ۔ٹائم گراف کا سلوپ نیگیٹو ہے۔

مثال 2.9: ایک کار خطِ مستقیم میں حرکت کر رہی ہے۔ اس کی موشن کا سپیڈ۔ٹائم گراف شکل میں دکھایا گیا ہے۔ گراف سے معلوم کیجیے۔

(a) پہلے 10 سیکنڈ کے دوران ایکسلریشن

(b) آخری 2 سیکنڈ کے دوران ڈی سلریشن

(c) کل طے کردہ فاصلہ

(d) سفر کے دوران کار کی اوسط سپیڈ کار کا 30 منٹ کے دوران سپیڈ ٹائم گراف

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

حل:



(a)

$$\text{پہلے 10 سیکنڈ کے دوران ایکسلریشن} = \frac{\text{ولاسٹی میں تبدیلی}}{\text{وقت}}$$

$$= \frac{16ms^{-1} - 0ms^{-1}}{10s}$$

$$= 1.6ms^{-2}$$

(b)

$$\text{آخری 2 سیکنڈ کے دوران ایکسلریشن} = \frac{0ms^{-1} - 16ms^{-1}}{2s}$$

$$= -8ms^{-2}$$

(c)

$$\text{کل طے کردہ فاصلہ} = \text{گراف کے نیچے کا ایریا}$$

$$= (\text{ٹریپیزیم OABC})$$

$$= \frac{1}{2}(\text{متوازی اضلاع کا مجموعہ}) \times (\text{بلندی})$$

$$= \frac{1}{2}(18s + 30s) \times (16ms^{-1})$$

$$= 384m$$

(d)

$$\text{اوسط سپیڈ} = \frac{\text{کل طے کردہ فاصلہ}}{\text{وقت}}$$

$$= \frac{384m}{30s} = 12.8ms^{-1}$$

مثال 2.10: ایک کار $2ms^{-2}$ کے یونیفارم ایکسلریشن سے حرکت کرتی ہوئی $10ms^{-1}$ کی ولاسٹی حاصل کر لیتی ہے۔ 5 سیکنڈ کے بعد کار کی ولاسٹی کیا ہوگی؟

حل:

$$V_i = 10ms^{-1}$$

$$a = 2ms^{-2}$$

$$t = 5s$$

$$V_f = ?$$

حرکت کی پہلی مساوات کی مدد سے

$$V_f = V_i + at$$

$$V_f = 10ms^{-1} + 2ms^{-2} \times 5s$$

$$V_f = 20ms^{-1}$$

پس 5 سیکنڈ کے بعد کار کی ولاسٹی $20ms^{-1}$ ہوگی۔

مثال 2.11: 80 کلومیٹر گھنٹا سے چلنے والی ٹرین کی سپیڈ $2ms^{-2}$ کے یونیفارم ریٹارڈیشن سے کم ہو رہی ہے۔ ٹرین 20 کلومیٹر فی گھنٹا کی سپیڈ حاصل کرنے میں کتنا وقت لے گی؟

حل:

$$V_i = 80kmh^{-1}$$

$$= \frac{80 \times 1000m}{60 \times 60s}$$

$$= 22.2ms^{-1}$$

$$V_f = 20kmh^{-1}$$

$$= \frac{20 \times 1000m}{60 \times 60s}$$

$$= 5.6ms^{-1}$$

$$a = -2ms^{-1}$$

$$t = ?$$

حرکت کی پہلی مساوات کے مطابق

$$t = \frac{V_f - V_i}{a}$$

$$= \frac{5.6ms^{-1} - 22.2ms^{-1}}{-2ms^{-1}}$$

$$t = 8.3\ s$$

پس 20 کلومیٹر گھنٹا کی سپیڈ حاصل کرنے کے لیے ٹرین 8.3 سیکنڈ کا وقت لے گی۔

مثال 2.12: ایک بائیسکل کی ابتدائی سپیڈ $4ms^{-1}$ ہے۔ اس کی سپیڈ میں 10 سیکنڈ تک $1ms^{-1}$ کے ایکسلریشن سے اضافہ ہوتا ہے۔ اس دوران میں اس کا طے کردہ فاصلہ معلوم کیجئے۔

حل:

$$V_i = 4ms^{-1}$$

$$a = 1ms^{-2}$$

$$t = 10s$$

$$S = ?$$

حرکت کی دوسری مساوات کی مدد سے

$$S = v_i t + \frac{1}{2}at^2$$

$$S = 4ms^{-1} \times 10s + \frac{1}{2} \times 1ms^{-2} \times (10s)^2$$

$$S = 40m + 50m = 90\ m$$

پس بائیسکل 10 سیکنڈ میں 90 میٹر کا فاصلہ طے کرے گا۔

مثال 2.13: ایک کار $5ms^{-1}$ کی سپیڈ سے سفر کر رہی ہے۔ اس کی ولاسٹی 50 میٹر تک یونیفارم ایکسلریشن سے سفر کرتے ہوئے $15ms^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ اس سفر کے دوران کار کا ایکسلریشن اور فاصلہ طے کرنے کا وقت معلوم کیجئے۔

حل:

$$V_i = 5ms^{-1}$$

$$S = 50\ m$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

$V_f = 15ms^{-1}$

$a = ?$

$t = ?$

حرکت کی تیسری مساوات کی مدد سے

$$2aS = V_f^2 - V_i^2$$
$$2a \times 50m = (15ms^{-1})^2 - (5ms^{-1})^2$$
$$(100m)\,a = (225 - 25)m^2s^{-2}$$
$$a = \frac{200m^2s^{-2}}{100m}$$
$$a = 2ms^{-2}$$

حرکت کی پہلی مساوات کی مدد سے

$$V_f = V_i + at$$
$$15ms^{-1} = 5ms^{-1} + 2ms^{-2} \times t$$
$$15ms^{-1} - 5ms^{-1} = 2ms^{-2} \times t$$

یا

$$2ms^{-2}t = 10ms^{-1}$$
$$t = \frac{10ms^{-1}}{2ms^{-2}} = 5s$$

پس کار کا ایکسلریشن $2ms^{-2}$ ہے۔ اور اس کے 50m کا سفر طے کرنے کا وقت 5 سیکنڈ ہے۔

مثال 2.14: ایک مینار کی چوٹی سے ایک پتھر کا ٹکڑا گرایا گیا ہے۔ اسے زمین تک پہنچنے میں 5 سیکنڈ لگتے ہیں۔ معلوم کیجیے:

(a) مینار کی بلندی

(b) وہ ولاسٹی جس سے پتھر کا ٹکڑا زمین سے ٹکرائے گا۔

حل:

ابتدائی ولاسٹی $V_i = 0$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $g = 10ms^{-1}$

$t = 5s$

$s = h = ?$

$V_f = ?$

(a) حرکت کی دوسری مساوات کی مدد سے

$$h = V_it + \frac{1}{2}gt^2$$
$$h = 0 \times 5s + \frac{1}{2} \times 10ms^{-2} \times (5s)^2$$
$$h = 0 + 125\ m$$
$$h = 125\ m$$

(b) حرکت کی تیسری مساوات کی مدد سے

$$V_f^2 - V_i^2 = 2gh$$
$$V_f^2 - (0)^2 = 2 \times 10ms^{-2} \times 125ms$$
$$V_f^2 = 2500m^2s^{-2}$$
$$V_f = 50ms^{-1}$$

پس مینار کی بلندی 125m ہے۔ اور زمین سے ٹکراتے وقت پتھر کے ٹکڑے کی ولاسٹی $50ms^{-1}$ ہوگی۔

مثال 2.15: ایک لڑکا ایک گیند کو عموداً اوپر کی طرف پھینکتا ہے۔ گیند کو زمین پر واپس آنے میں 5 سیکنڈ لگتے ہیں۔ معلوم کیجیے

(a) زیادہ سے زیادہ بلندی جہاں تک گیند جائے گی۔

(b) گیند کی ولاسٹی جس سے اسے اوپر کی جانب پھینکا گیا۔

حل:

ابتدائی ولاسٹی $V_i = ?$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $g = 10ms^{-2}$

کل وقت $t_o = 5s$

بلندترین مقام پر گیند کی ولاسٹی $V_f = 0$

$S = h = ?$

کیونکہ کسی جگہ پر گریوی ٹیشنل ایکسلریشن یونیفارم ہوتا ہے۔ اس لیے گیند کے اوپر جانے اور نیچے آنے کا وقت برابر ہوگا۔

یعنی

$$t = \frac{1}{2}t_o$$

(a)

$$t = \frac{1}{2} \times 5s = 2.5s$$
$$t = 2.5sec$$

حرکت کی پہلی مساوات کی مدد سے

$$V_f = V_i + gt$$
$$0 = V_i + 10ms^{-2} \times 2.5s$$
$$= V_i - 25ms^{-1}$$
$$V_i = 25ms^{-1}$$

(b) حرکت کی دوسری مساوات کی مدد سے

$$h = V_it + \frac{1}{2}gt^2$$
$$h = 25ms^{-1} \times 2.5s + \frac{1}{2}(-10ms^{-2}) \times (2.5s)^2$$
$$h = 62.5\ m - 31.25\ m$$
$$= 31.25\ m$$

پس گیند $25ms^{-1}$ ولاسٹی اوپر پھینکی گئی ہے اور یہ 31.25 کی بلندی تک جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

نمیریکلز

2.1 ایک ٹرین $36\,kmh^{-1}$ کی یونیفارم ولاسٹی سے 10 سیکنڈ تک چلتی رہتی ہے۔ اس کا طے کردہ فاصلہ معلوم کیجیے۔

حل:۔ اوسط ولاسٹی $= v_{av} = 36\,kmh^{-1}$

$$= \frac{36\times1000}{3600}$$

$$= 10\,ms^{-1}$$

وقت $= t = 10s$

فاصلہ $= s = ?$

فارمولا

$$S = V_{av}\times t$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$S = 10\,ms^{-1}\times 10s$$

$$S = 100\,m$$

لہذا 36 کلومیٹر فی گھنٹہ کی ولاسٹی سے چلتی ہوئی ٹرین کا طے کردہ فاصلہ 100 میٹر ہے۔

2.2 ایک ٹرین ریسٹ کی حالت سے چلنا شروع کرتی ہے یہ یونیفارم ایکسلریشن کے ساتھ 100 سیکنڈ میں ایک کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے۔ 100s بعد ٹرین کی سپیڈ کیا ہوگی؟

حل:۔ ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 0$

فاصلہ $= S = 1km = 1000m$

وقت $= t = 100s$

آخری ولاسٹی $= v_f = ?$

فارمولا

$$S = v_i t + \frac{1}{2}at^2$$

$$v_f = v_i + at$$

a معلوم کرنے کے لیے حرکت کی دوسری مساوات لگائیں گے

قیمتیں درج کرنے سے

$$1000 = 0 + \frac{1}{2}(a)(100s)^2$$

$$1000 = 0 + \frac{1}{2}\times a\times 10000$$

$$1000 = a(5000)$$

$$\frac{1000}{5000} = a$$

$$a = 0.2ms^{-2}$$

اب دوبارہ قیمتیں درج کرنے سے

$$Vf = Vi + at$$

$$V_f = 0 + 0.2\times100$$

$$V_f = 0 + 20$$

$$V_f = 20ms^{-1}$$

پس جسم کا ایکسلریشن $0.2ms^{-2}$ اور آخری ولاسٹی $20ms^{-1}$ ہے۔

2.3 ایک کار کی ولاسٹی $10\,ms^{-1}$ ہے یہ آدھے منٹ تک $0.2ms^{-2}$ کے ایکسلریشن سے چلتے ہوئے کتنا فاصلہ طے کرے گی؟ نیز اس کی آخری ولاسٹی بھی معلوم کیجیے۔

حل:۔ ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 10\,ms^{-1}$

ایکسلریشن $= a = 0.2\,ms^{-2}$

وقت $= t = 30s$

فاصلہ $= S = ?$

آخری ولاسٹی $= v_f = ?$

فارمولا

$$S = v_i t + \frac{1}{2}at^2$$

$$v_f = v_i + at$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$S = 10ms^{-1}\times30s + \frac{1}{2}\times0.2ms^{-2}\times(30)^2 s$$

$$S = 300 + \frac{1}{2}\times0.2\times900$$

$$S = 300 + \frac{1\times2\times900}{2\times10}$$

$$S = 390$$

اب آخری ولاسٹی کیلئے

$$v_f = v_i + at$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$v_f = 10 + 0.2\times30$$

$$= 10 + 6$$

$$v_f = 16\,ms^{-1}$$

پس کار کا طے کردہ فاصلہ 390m سے جبکہ آخری ولاسٹی $16ms^{-1}$ ہے۔

2.4 ایک ٹینس کی بال کو $30\,ms^{-1}$ کی سپیڈ سے عموداً اوپر کی طرف ہٹ لگائی گئی۔ بلند ترین مقام تک پہنچنے میں اس کو 3s لگے گیند زیادہ سے زیادہ کتنی بلندی تک جائے گی؟

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

گیند کو زمین پر واپس آنے میں کتنا وقت لگے گا؟

حل:۔ ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 30ms^{-1}$

وقت $= t = 3s$

آخری ولاسٹی $= v_f = 0$

کشش ثقل کی وجہ سے ایکسلریشن $= g = -10ms^{-2}$

کل وقت $= T = ?$

فارمولا

$$2gh = v_f^2 - v_i^2$$

$$S = v_i t + \frac{1}{2}gt^2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$2gh = v_f^2 - v_i^2$$

$$2\times(-10)ms^{-2}\times h = 0-(30)^2$$

$$-20\times h = -900$$

$$h = \frac{-900}{-20}$$

$$h = 45m$$

نیچے کی طرف آتے ہوئے

گریویٹیشنل ایکسلریشن $= g = 10ms^{-2}$

ابتدائی ولاسٹی $= vi = 0$

فاصلہ $= S = 45m$

قیمتیں درج کرنے سے

$$h = v_i t + \frac{1}{2}gt^2$$

$$45m = 0\times t + \frac{1}{2}\times 10ms^{-2}\times t^2$$

$$45m = 5\,t^2$$

$$t^2 = \frac{45}{5}$$

$$t^2 = 9$$

دونوں طرف جذر لینے سے

$$\sqrt{t^2} = \sqrt{9}$$

$$t = 3s$$

پس گراؤنڈ تک پہنچنے کا وقت ہوگا۔

نیچے کی جانب آنے کا وقت + اوپر کی جانب جانے کا وقت = کل وقت

$$T = 3 + 3$$

$$T = 6s$$

پس بال کی اونچائی 45 میٹر اور وقت 6 سیکنڈ ہیں۔

2.5 ایک کار 5 سیکنڈ تک $40ms^{-1}$ کی یونیفارم ولاسٹی سے چلتی رہتی ہے یہ اگلے 10 سیکنڈ میں یونیفارم ڈی سلریشن کے ساتھ چلتے ہوئے رک جاتی ہے معلوم کیجیے (i): ڈی سلریشن (ii) فاصلہ

حل:۔ (i) ڈی سلریشن (ii) کار کا کل طے کردہ فاصلہ

ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 40ms^{-1}$

وقت $= t = 10s$

آخری ولاسٹی $= v_f = 0$

ڈی سلریشن $= a = ?$

کل فاصلہ $= S = ?$

فارمولا

$$a = \frac{v_f - v_i}{t}$$

$$v_{av} = \frac{v_i + v_f}{2}$$

$$S = v_{av}\times t$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$a = \frac{0-40ms^{-1}}{10s}\ ;\ a = \frac{-40}{10}\ ;\ a = -4ms^{-2}$$

پہلے 5 سیکنڈ میں طے کردہ فاصلہ کے لیے اوسط ولاسٹی

$$v_{av} = \frac{v_i + v_f}{2} = \frac{40+0}{2} = 20$$

$$v_{av} = 20ms^{-1}$$

پس

$$S_1 = V_{av}\times t$$

$$S_1 = 40\times 5 = 200m$$

اگلے 10 سیکنڈ کیلئے اوسط ولاسٹی

$$v_{av} = \frac{40+0}{2} = \frac{40}{2} = 20ms^{-1}$$

اس وقت میں طے کردہ فاصلہ

$$S_2 = v_{av}\times t$$

$$= 20\times 10$$

$$S_2 = 200m$$

کل طے کردہ فاصلہ $S_1 + S_2 = 200+200 = 400m$

پس کار کا ڈی سلریشن $-4ms^{-2}$ اور کل طے کردہ فاصلہ 400 میٹر ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

2.6 ایک ٹرین ریسٹ کی حالت سے $0.5ms^{-2}$ کے ایکسلریشن کے ساتھ چلنا شروع کرتی ہے۔ 100 میٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد ٹرین کی سپیڈ kmh^{-1} میں کیا ہوگی؟

حل:۔

فاصلہ $= S = 100\ m$

ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 0ms^{-1}$

ایکسلریشن $= a = 0.5ms^{-2}$

آخری ولاسٹی $= v_f = ?$

فارمولا

$$2aS = v_f^2 - v_i^2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$2\times0.5ms^{-2}\times100 = v_f^2 - 0$$

$$v_f^2 = 100$$

دونوں طرف جذر لینے سے

$$\sqrt{v_f^2} = \sqrt{100}$$

$$v_f = 10ms^{-1}$$

پس آخری ولاسٹی $10ms^{-1}$ ہوگی۔ اسے kmh^{-1} میں تبدیل کرنے کیلئے

$$v_f = 10\times\frac{3600}{1000}$$

$$v_f = 36\ kmh^{-1}$$

پس ٹرین کی kmh^{-1} میں ولاسٹی $36\ kmh^{-1}$ ہوگی۔

2.7 ایک ٹرین ریسٹ کی حالت سے یونیفارم ایکسلریشن کے ساتھ حرکت کرتے ہوئے 2 منٹ میں $48\ kmh^{-1}$ کی سپیڈ حاصل کر لیتی ہے۔ وہ اسی سپیڈ کے ساتھ 5 منٹ تک چلتی ہے۔ آخر کار وہ یونیفارم ریٹارڈیشن کے ساتھ چلتے ہوئے 3 منٹ بعد رک جاتی ہے۔ ٹرین کا کل طے کردہ فاصلہ معلوم کریں۔

حل:۔



O-A کے لیے

$$V_i = 0$$

$$V_f = 48kmh^{-1}$$

$$V_f = \frac{48\times1000}{3600}$$

$$V_f = 13.33m/s$$

$$t = 2\min$$

$$t = 2\times60\sec$$

$$S_1 = Vat\times t$$

$$S_1 = \frac{0+13.33}{2}\times2\times60\sec$$

$$S_1 = 800m$$

A $\longrightarrow$ B تک کا

فاصلہ S_2 اور $t = 5$

$$t = 5\min$$

$$t = 5\times60\sec$$

$$S_2 = Vav\times t$$

$$= \frac{13.33+13.33}{2}\times5\times60$$

$$S_2 = 3999$$

B $\longrightarrow$ C تک کا فاصلہ S_3

$$V_i = 13.33m/s$$

$$V_f = 0$$

$$t = 3\min$$

$$t = 3\times60\sec$$

$$S_3 = Vav\times t$$

$$S_3 = \frac{13.33+0}{2}\times3\times60$$

$$S_3 = 1201$$

$$S = S_1 + S_2 + S_3$$

$$S = 800 + 3999 + 1201$$

ثابت ہوا کہ ٹرین کا کل طے کردہ فاصلہ 6000 میٹر ہے۔

2.8 ایک کرکٹ بال کو عموداً اوپر کی طرف ہٹ لگائی گئی ہے۔ بال 6 سیکنڈ کے بعد زمین پر واپس آتی ہے۔ معلوم کیجیے:

(i) بال کی زیادہ سے زیادہ بلندی (ii) بال کی ابتدائی ولاسٹی

حل:۔ گریویٹیشنل ایکسلریشن $= g = -10ms^{-2}$

کل وقت $= T = 6s$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

اوپر طے کردہ فاصلہ $= t_1 = \frac{6}{2} = 3s$

انتہائی فاصلہ پر آخری ولاسٹی $= v_f = 0$

ابتدائی ولاسٹی $= v_i = ?$

انتہائی اونچائی $= S = h = ?$

فارمولا

$$v_f = v_i + gt$$

$$2gh = v_f^2 - v_i^2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$v_f = v_i + gt$$

$$0 = v_i + (-10ms^{-2})(3)$$

$$0 = v_i - 30$$

$$v_i = 30ms^{-1}$$

مساوات درج کرنے سے

$$2gh = v_f^2 - v_i^2 \text{ یا } 2as = v_f^2 - v_i^2$$

$$2 \times (-10ms^{-2}) \times h = 0 - (30)^2$$

$$-20 \times h = -(30)^2$$

$$h = \frac{-(30)^2}{-20}$$

$$h = \frac{-900}{-20}$$

$$h = 45m$$

بال کی ابتدائی ولاسٹی $30ms^{-1}$ اور بال کی زیادہ سے زیادہ بلندی 45 میٹر ہوگی۔

2.9 جب بریک لگائے جاتے ہیں تو ٹرین کی سپیڈ 800m کا فاصلہ طے کرنے کے دوران $96kmh^{-1}$ سے کم ہو کر $48kmh^{-1}$ ہو جاتی ہے۔ ریسٹ کی حالت تک پہنچنے سے پہلے ٹرین مزید کتنا فاصلہ طے کرے گی؟

حل:- ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 96kmh^{-1}$

$$= \frac{96 \times 1000}{3600}$$

$$= 26.7\,ms^{-1}$$

آخری ولاسٹی $= v_f = 48ms^{-1}$

$$= \frac{48 \times 1000}{3600}$$

$$v_f = 13.33\,ms^{-1}$$

فاصلہ $= S = 800$ m

ایکسلریشن $= a = ?$

فارمولا

$$2aS = v_f^2 - v_i^2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$2 \times a \times 800 = (13.33)^2 - (26.7)^2$$

$$1600a = 177.6889 - 712.89$$

$$1600a = -535.2ms^{-2}$$

$$a = -0.3345ms^{-2}$$

حرکت کی مساوات کو استعمال کرنے سے

$$2aS = V_f^2 - V_i^2$$

$$-0.669 \times S = (0)^2 - (13.33)^2$$

$$-0.669 \times S = -(13.33)^2$$

$$S = \frac{(13.33)^2}{0.669}$$

$$S = 266.66m$$

پس ریسٹ کی حالت تک پہنچنے سے پہلے ٹرین $S = 266.66m$ فاصلہ طے کرے گی۔

2.10 مندرجہ بالا مشقی سوالات (2.9) میں بریک لگانے کے بعد ٹرین کے رکنا وقت معلوم کریں۔

حل:- ابتدائی ولاسٹی $= v_i = 96\,kmh^{-1}$

$$= \frac{96 \times 1000}{3600}$$

$$= 26.7\,ms^{-1}$$

آخری ولاسٹی $= v_f = 0$

ایکسلریشن $= a = -0.3342\ ms^{-2}$

وقت $= t = ?$

فارمولا

$$v_f = v_i + at$$

$$t = \frac{v_f - v_i}{a}$$

$$t = \frac{0 - 26.7}{-0.3344}$$

$$t = \frac{-26.7}{-0.3344}$$

$$t = 80\ s$$

پس ثابت ہوا کہ بریک لگانے کیلئے درکار وقت 80 سیکنڈ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

باب	3	ڈائنامکس	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2013ء تا 2021ء

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 1 نیوٹن (N) برابر ہوتا ہے۔ [FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) $1kgms^{-2}$ (B) 1kgms (C) $1kgm^{-1}s^{-1}$ (D) $1kg^{-1}m^{-1}s^{-1}$

-2 مومینٹم حاصل ضرب ہے ماس اور ---------- [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) سپیڈ (B) ولاسٹی (C) ورک (D) ایکسلریشن

-3 سپرنگ بیلنس کی مدد سے پیمائش کی جاتی ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]
(A) وزن (B) ٹمپریچر (C) فورس (D) ٹائم

-4 ایک بچے کا ماس 40 کلوگرام ہے اس کا وزن زمین پر ہوگا: (DGK-II,SWL-I,LHR-II)
(A) 200 N (B) 300 N (C) 400 N (D) 500 N

.5 مومینٹم کا فارمولا ہے: (MLT-II,SWL-II)
(A) P= ma (B) $P = mv^2$ (C) P= mv (D) P= Fxd

.6 وہ فورس جو جسم کی موشن کو روکتی ہے۔ (DGK-I,SRG-II)
(A) پاور (B) فرکشن (C) ورک (D) مومینٹم

.7 Fc = ________ (DGK-II,LHR-II)
(A) mv/r^2 (B) mvr (C) mv^2/r (D) mv^2/r^2

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

3.1 فورس، انرشیا اور مومینٹم

.8 ان میں سے انرشیا کا انحصار کس پر ہے: [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) فورس (B) نیٹ فورس (C) ماس (D) ولاسٹی

.9 ایک لڑکا چلتی ہوئی بس میں سے چھلانگ لگاتا ہے۔اس کے گرنے کا خطرہ ہے۔ (BWP-II,DGK-II,SWL-I)
(A) چلتی ہوئی بس کی طرف (B) بس سے دور (C) حرکت کی سمت میں (D) حرکت کی مخالف سمت میں

.10 فورس کا یونٹ ہے: (BWP-II,MLT-I)
(A) پاسکل (B) نیوٹن (C) کلوگرام (D) واٹ

-11 انرشیا کا قانون کہلاتا ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]
(A) موشن کا پہلا قانون (B) موشن کا دوسرا قانون (C) موشن کا تیسرا قانون (D) مومینٹم

-12 مومینٹم کا یونٹ ہے: (RWP-II-DGK-I)
(A) Nm (B) $kgms^{-2}$ (C) NS^{-1} (D) Ns

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

3.2 نیوٹن کے موشن کے قوانین، ماس اور وزن

.13 ایک جسم کا وزن 147N ہے۔ اس کا ماس ہوگا: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

(A) 1.47kg (B) 14.7kg (C) 0.147kg (D) 147kg

.14 وزن کا SI یونٹ ہے۔ (RWP-II-DGK-I)

(A) نیوٹن (B) کلوگرام (C) نیوٹن میٹر (D) جول

-15 نیوٹن کا موشن کا دوسرا قانون کا فارمولا ہے: [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) $F = ma$ (B) $F = \frac{m}{a}$ (C) $F = \frac{a}{m}$ (D) $F = m^2a^2$

-16 ____ کی غیر موجودگی میں نیوٹن کے پہلے قانون موشن کا اطلاق ہوتا ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) فورس (B) نیٹ فورس (C) فرکشن (D) مومینٹم

-17 سپرنگ بیلنس درج ذیل کی پیمائش کے لئے استعمال کیا جاتا ہے: (LHR-I,SWL-II,BWP-II,MLT-I)

(A) جسم کی ماس (B) جسم کا وزن (C) جسم کا مومینٹم (D) جسم کا دباؤ

-18 سپرنگ بیلنس پیمائش کرتا ہے: (BWP-I,SWL-II)

(A) فورس (B) وزن (C) ولاسٹی (D) سپیڈ

.19 مومینٹم میں تبدیلی کی شرح برابر ہوتی ہے: (LHR-I,FSD-II)

(A) ٹارک (B) فورس (C) کام (D) فاصلہ

.20 ان میں سے مومینٹم کا یونٹ کون سا ہے: (LHR-II,DGK-II)

(A) Nm (B) $Kgms^{-2}$ (C) N S (D) Ns^{-1}

.21 مومینٹم میں تبدیلی کی شرح ہے۔ (SRG-II,BWP-II)

(A) ڈسپلیسمنٹ (B) فورس (C) ایکسلریشن (D) ولاسٹی

.22 سسٹم انٹرنیشنل میں مومینٹم کا یونٹ ہے: (MLT-I,GUJ-II)

(A) Nm (B) $Kgms^{-1}$ (C) NS (D) NS^{-1}

-23 مومینٹم P برابر ہے: [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

(A) $\frac{m}{v}$ (B) $\frac{v}{m}$ (C) mv (D) mv^2

-24 آئسولیٹڈ سسٹم میں دو ٹکرانے والے اجسام کا مومینٹم [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) بڑھ جاتا ہے (B) مستقل رہتا ہے (C) کم ہو جاتا ہے (D) صفر رہتا ہے

3.3 فرکشن، فرکشن کے کوایفی شینٹ (F=μR)، رولنگ فرکشن

.25 فرکشن کا کوایفی شینٹ برابر ہے: (LHR-II,LHR-I,GUJ-II)

(A) F_sR (B) $\frac{R}{F_s}$ (C) $F_s + R$ (D) $\frac{F_s}{R}$

.26 لکڑی اور کنکریٹ کے درمیان کوایفی شینٹ آف فرکشن ہے۔ (LHR-I,SWL-II,BWP-II,MLT-I)

(A) $\mu_s = 0.8$ (B) $\mu_s = 0.2$ (C) $\mu_s = 0.9$ (D) $\mu_s = 0.62$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

27. ٹائر اور گیلا روڈ کے درمیان کوایفی شنٹ آف فرکشن (μ_s) کی قیمت ہے۔ (LHR-I,SWL-II,BWP-II,MLT-I)

(A) 0.2 (B) 0.6 (C) 0.8 (D) 0.9

3.4	سرکلر موشن

28. سینٹری پیٹل فورس 'F_c' معلوم کرنے کا فارمولا: [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

(A) $F_c = \frac{mv}{r^2}$ (B) $F_c = \frac{mr^2}{v}$ (C) $F_c = \frac{m^2v}{r}$ (D) $F_c = \frac{mv^2}{r}$

29. سینٹری پیٹل ایکسلریشن کا فارمولا ہے: [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

(A) $a_c = \frac{v}{r}$ (B) $a_c = \frac{v^2}{r}$ (C) $a_c = \frac{v^2}{r^2}$ (D) $a_c = \frac{r^2}{v^2}$

30. سینٹری پیٹل فورس ڈائریکٹلی پروپورشنل ہے: [DGK-II,MTN-I]

(A) m^2 (B) v (C) r (D) v^2

جوابات

B	10	C	9	C	8	C	7	B	6	C	5	C	4	A	3	B	2	A	1
C	20	B	19	B	18	B	17	B	16	A	15	A	14	B	13	D	12	A	11
D	30	B	29	D	28	A	27	D	26	D	25	B	24	C	23	B	22	B	21

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

1. بس کی چھت پر سفر کرنا کیوں خطرناک سمجھا جاتا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: بس کی چھت پر سفر کرنا اس لیے خطرناک ہے کیونکہ بس کے موڑ کاٹنے یا بریک لگانے کے دوران بس کی چھت پر بیٹھے ہوئے مسافر انرشیا کی وجہ سے سیدھی لائن میں اپنی حرکت کو جاری رکھنے کی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے بس کی چھت سے گر سکتے ہیں۔

2. نیوٹن کے موشن کے تیسرے قانون کو بیان کیجیے۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: ''ہر ایکشن کا ہمیشہ ایک ری ایکشن ہوتا ہے جو مقدار میں ایکشن کے مساوی لیکن سمت میں اس کے مخالف ہوتا ہے۔''

3. ایکشن اور ری ایکشن میں فرق مثال کی مدد سے واضح کیجیے۔ [RWP-II,DGK-II,MTN-II]

جواب: ہر ایکشن کا ہمیشہ ایک ری ایکشن ہوتا ہے جو مقدار میں ایکشن کے مساوی لیکن سمت میں اس کے مخالف ہوتا ہے۔ کتاب کا وزن نیچے کی سمت میں میز پر عمل کر رہا ہے۔ یہ ایکشن ہے۔ میز کا ری ایکشن کتاب پر اوپر کی سمت میں عمل کر رہا ہے۔

4. مومینٹم کی تعریف کیجیے اور اس کا SI یونٹ لکھیے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

جواب: کسی جسم کا مومینٹم P اس کے ماس اور ولاسٹی کے حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے۔

$$P = mv$$

مومینٹم ایک ویکٹر مقدار ہے۔ اس کی سمت وہی ہوتی ہے جس میں جسم حرکت کر رہا ہوتا ہے۔ سسٹم انٹرنیشنل میں مومینٹم کا یونٹ کلوگرام میٹر فی سیکنڈ $kgms^{-1}$ ہے۔

5. فرکشن موشن کو کیوں روکتی ہے؟ [FSD-I,GUJ-II,SWL-II]

جواب: جب دو ناہموار سطحوں کو ملایا جاتا ہے تو یہ اونچ نیچ ایک دوسرے کے اندر فکس ہو جاتے ہیں جس کو کولڈ ویلڈنگ کہتے ہیں۔ یہ وہ وجہ ہے جس کی وجہ سے دونوں سطحوں کے درمیان حرکت میں مزاحمت پیدا ہو جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

[LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

6. سینٹری پیٹل ایکسلریشن کی تعریف کریں اور اس کی مساوات لکھیے۔

جواب: تعریف: دائرے میں حرکت کرتے ہوئے جسم پر سینٹری پیٹل فورس کی وجہ سے پیدا ہونے والا ایکسلریشن سینٹری پیٹل ایکسلریشن کہلاتا ہے۔

مساوات: سینٹری پیٹل ایکسلریشن کا فارمولا مندرجہ ذیل ہے:

$$a_c = \frac{v^2}{r}$$

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

3.1 فورس، انرشیا اور مومینٹم

[LHR-II,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]

7. نیوٹن کا موشن کا پہلا قانون بیان کیجئے۔

جواب: ''ہر جسم اپنی ریسٹ کی حالت یا خطِ مستقیم میں یونیفام موشن کو جاری رکھتا ہے بشرطیکہ اس پر کوئی نیٹ فورس عمل نہ کر رہی ہو۔''

[LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

8. فورس کی تعریف کیجئے نیز اس کا یونٹ لکھیے۔

جواب: فورس: ''فورس کسی جسم کو موشن میں لاتی ہے یا موشن میں لانے کی کوشش کرتی ہے، جسم کی موشن کو روکتی ہے یا روکنے کی کوشش کرتی ہے۔''

یونٹ: فورس کا یونٹ نیوٹن (N) ہے۔

[MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

9. انرشیا سے کیا مراد ہے؟

جواب: انرشیا کسی جسم کی وہ خصوصیت ہے جسکی وجہ سے وہ اپنی ریسٹ کی حالت یا یونیفارم موشن میں تبدیلی کے خلاف مزاحمت کرتا ہے۔

(DGK-II,SWL-I,LHR-II)

10. انرشیا کا قانون بیان کیجئے۔

جواب: ہر جسم اپنی حالت سکون یعنی ریسٹ کی حالت یا خط مستقیم میں یونیفارم موشن کو جاری رکھتا ہے جب تک اس پر کوئی بیرونی قوت (فورس) عمل نہ کرے۔

یہ نیوٹن کا پہلا قانون ہے کیونکہ یہ مادے کی انرشیا کی خصوصیات کے متعلق ہے۔ اسی لیے یہ انرشیا کا قانون بھی کہلاتا ہے۔

[GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

11. مومینٹم کی تعریف کیجیے۔ کیا یہ ویکٹر یا سکیلر ہے؟

جواب: کسی جسم میں اس کے ماس اور ولاسٹی کی وجہ سے موشن کی مقدار مومینٹم کہلاتی ہے۔ یا ماس اور ولاسٹی کے حاصلِ ضرب کو مومینٹم کہتے ہیں۔

مومینٹم = ماس × ولاسٹی

$$\vec{P} = m\vec{v}$$

مومینٹم ایک ویکٹر مقدار ہے۔

[LHR-II,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

12. جب ایک بس موڑ کاٹتی ہے تو اس میں مسافر باہر کی طرف کیوں جھک جاتے ہیں؟

جواب: جب ایک بس موڑ کاٹتی ہے تو اس میں موجود مسافر انرشیا کی وجہ سے باہر کی طرف جھک جاتے ہیں۔

(DGK-II,SWL-I,LHR-II)

13. انرشیا اور مومینٹم کی تعریف کریں۔

جواب: انرشیا: انرشیا کسی جسم کی وہ خصوصیت ہے جسکی وجہ سے وہ اپنی ریسٹ کی حالت یا یونیفارم موشن میں تبدیلی کے خلاف مزاحمت کرتا ہے۔

مومینٹم: مومینٹم ایک ویکٹر ہے۔ اس کی سمت وہی ہوتی ہے جس میں جسم حرکت کر رہا ہوتا ہے۔ سسٹم انٹرنیشنل میں مومینٹم کا یونٹ کلوگرام میٹر فی سیکنڈ $kgms^{-1}$ ہے۔

(SWL-I,FSD-II)

14. اگر ایکشن اور ری ایکشن برابر مگر مخالف سمت میں ہوتے ہیں تو پھر کوئی جسم حرکت کیسے کرتا ہے؟

جواب: ایکشن اور ری ایکشن ہمیشہ دو مختلف اجسام پر عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے یہ ایک دوسرے کے اثر کو زائل نہیں کرتے اس لیے اجسام ایکشن اور ری ایکشن کے برابر مگر سمت میں مخالف ہونے کے باوجود حرکت کر سکتا ہے۔ (یا) ایکشن اور ری ایکشن کی لائن آف ایکشن مختلف ہوتی ہیں اس لیے جسم حرکت کر سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

3.2 نیوٹن کے موشن کے قوانین، ماس اور وزن

.15 ماس اور وزن کے درمیان فرق بیان کیجئے۔ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: ماس اور وزن کے درمیان فرق:

ماس(Mass)	وزن(Weight)
کسی جسم میں مادہ کی مقدار کو ماس کہتے ہیں۔ یہ سکیلر مقدار ہے۔ کسی ایک جسم کے اندر ماس کی مقدار فکس ہوتی ہے۔ SI سسٹم میں اس کا یونٹ کلوگرام ہے۔ عام ترازو یا بیم بیلنس کی ذریعہ کسی جسم کے ماس کی پیمائش کی جاسکتی ہے۔ جگہ بدلنے پر جسم کی ماس کی مقدار میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔	کسی جسم پر زمین کی کشش کی وجہ سے جو فورس لگتی ہے۔ اس کو اس جسم کا وزن کہتے ہیں۔ یہ ویکٹر مقدار ہے اور اس کی سمت ہمیشہ زمین کی سطح کے عموداً نیچے کی جانب ہوتی ہے۔ یعنی زمین کے سنٹر کی طرف ہوتی ہے۔ زمین کی سطح سے بلند ہو کر جگہ تبدیل کرنے پر وزن کی مقدار میں تبدیلی آتی ہے کیونکہ وزن کی مقدار کا انحصار گریوی ٹیشنل ایکسلریشن "g" پر ہے۔ کسی جسم کے ماس کو اگر m سے ظاہر کیا جائے تو اس کے وزن کو "mg" فارمولا سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

.16 نیوٹن کا تیسرا قانون حرکت بیان کیجئے اور ایک مثال دیجیے۔ [RWP-II,DGK-II,MTN-II]



جواب: نیوٹن کے موشن کے تیسرے قانون کے مطابق ''ہر ایکشن کا ہمیشہ ایک ری ایکشن ہوتا ہے جو مقدار میں ایکشن کے مساوی لیکن سمت میں اس کے مخالف ہوتا ہے۔''

مثال: ایک کتاب میز پر رکھی ہے کتاب کا وزن نیچے کی سمت میں میز پر عمل کر رہا ہے یہ ایکشن ہے۔ میز کا ری ایکشن کتاب پر اوپر کی سمت میں عمل کر رہا ہے۔

.17 نیوٹن کا موشن کا دوسرا قانون بیان کیجئے۔ [RWP-II,DGK-II,MTN-II]

جواب: جب ایک فورس کسی جسم پر عمل کرے تو اس میں فورس کی سمت میں ایکسلریشن پیدا ہوتا ہے۔ ایکسلریشن کی مقدار فورس کی مقدار کے ڈائریکٹلی پروپورشنل اور ماس کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔ اگر ایک فورس F ماس m کے جسم میں ایکسلریشن پیدا کرے تو اس قانون کے مطابق

$$a \propto F$$

$$a \propto \frac{1}{m}$$

یعنی

$$a \propto \frac{F}{m}$$

$$a \propto ma$$

یا

$$F = kma$$

k کو بطور کونسٹنٹ کے استعمال کرنے سے
SI یونٹس میں K کی قیمت کے 1 ہے۔ اس لیے مساوات کو اس طرح سے لکھا جاسکتا ہے۔

$$F = ma$$

.18 ماس اور وزن کے درمیان کوئی سے دو فرق لکھیے۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب:

ماس	وزن
کسی جسم میں مادے کی مقدار کو ماس کہتے ہیں۔	وزن وہ قوت ہے جس سے زمین کسی چیز کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے۔
ماس صفر نہیں ہوتی۔	وزن صفر ہوسکتا ہے۔ مرکز زمین پر کسی چیز کا وزن صفر ہوتا ہے۔
ماس ایک سکیلر مقدار ہے۔	وزن ایک ویکٹر مقدار ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

(DGK-II,SWL-I,LHR-II)

.19 جب ایک بندوق چلائی جاتی ہے تو یہ پیچھے کو جھٹکا کھاتی ہے کیوں؟

جواب: بندوق چلانے سے پہلے بندوق اور گولی دونوں کا مومینٹم صفر ہوتا ہے۔لیکن جیسے ہی بندوق سے گولی چلائی جاتی ہے تو گولی کا مومینٹم بڑھ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بندوق پیچھے کو جھٹکا کھاتی ہے۔تا کہ سسٹم کا مومینٹم مستقل رہے۔

(SRG-II,FSD-I)

.20 مومینٹم کے کنزرویشن کا قانون بیان کیجیے۔

جواب: آپس میں ٹکرانے والے دو یا دو سے زیادہ اجسام پر مشتمل آئسولیٹڈ سسٹم کا مومینٹم ہمیشہ کونسٹنٹ رہتا ہے۔

مومینٹم کے کنزورویشن کے قانون کے مطابق

ٹکرانے کے بعد سسٹم کا کل آخری مومینٹم = ٹکرانے سے قبل سسٹم کا کل ابتدائی مومینٹم

$$m_1u_1 + m_2u_2 = m_1v_1 + m_2v_2$$

3.3	فرکشن، فرکشن کے کوایفی شینٹ $(F = \mu R)$، رولنگ فرکشن

[LHR-II,MTN-I,DGK-I,FSD-II]

.21 رولنگ فرکشن، سلائڈنگ فرکشن سے کیوں کم ہوتی ہے؟

جواب: جب ایک پہیے کے ایکسل کو دھکیلا جاتا ہے تو پہیے اور زمین کے درمیان فرکشن کی فورس ری ایکشن فورس فراہم کرتی ہے۔یہ ری ایکشن کی فورس پہیے اور زمین کے درمیان لگائی گئی فورس کے مخالف سمت میں عمل کرتی ہے۔پہیہ کولڈ (Cold welds) کے ٹوٹے بغیر رول کرتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ سلائڈنگ فرکشن کی بہ نسبت رولنگ فرکشن انتہائی کم ہوتی ہے۔اس حقیقت کو کہ رولنگ فرکشن، سلائڈنگ فرکشن سے کم ہوتی ہے، بال بیرنگ اور رولر بیرنگ میں فرکشن کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

[MTN-I,SGD-I,SWL-II,BWP-I/II]

.22 لیمیٹنگ (انتہائی) فرکشن آف فورس کی تعریف کیجیے۔

جواب: فرکشن اس فورس کے برابر ہوتی ہے۔ جو کسی ساکن جسم کو حرکت میں لانے کیلئے لگائی جاتی ہے۔اگر فورس میں اضافہ کیا جائے تو فرکشن میں بھی اضافہ ہوگا۔لیکن فرکشن ایک خاص حد تک ہی بڑھ سکتی ہے لہٰذا۔

$$F_s \alpha R$$

$$F_s = \mu R$$

''فرکشن کی زیادہ سے زیادہ مقدار کو انتہائی فرکشن کہتے ہیں''۔

μ ایک کونسٹنٹ ہے جسے فرکشن کا کوایفی شنٹ کہتے ہیں۔

[LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

.23 کوایفی شینٹ آف فرکشن کی تعریف کیجیے اور اس کی مساوات لکھیے۔

جواب: **تعریف:** دو مخصوص سطحوں کے لیے انتہائی فرکشن اور نارمل ری ایکشن کا تناسب ایک کونسٹنٹ ہوتا ہے جسے فرکشن کا کوایفی شینٹ کہتے ہیں۔اسے μ سے ظاہر کرتے ہیں۔

حسابی طور پر: $\mu = \dfrac{Fs}{R}$

(FSD-I,MLT-I)

.24 فرکشن اور انتہائی فرکشن کی تعریف کیجیے۔

جواب: **فرکشن:** ایک دوسرے پر حرکت کرنے والے دو اجسام کے درمیان وہ فورس جو ان کی ایک دوسرے کے لحاظ سے حرکت کی مخالفت کرتی ہے، فرکشن کہلاتی ہے۔

انتہائی فرکشن: اگر کسی رکھی گئی چیز کے اوپر افقی سمت میں فورس لگائی جائے تو ابتدائی طور پر فرکشن فورس کی قیمت اس قدر بڑھتی جاتی ہے کہ جس قدر لگائی جانے والی فورس کو بڑھاتے ہیں ایک خاص حد تک ایسا ہوتا رہتا ہے اور ایک زیادہ ترین فرکشن فورس کی حد آتی ہے۔اس کو انتہائی فورس آف فرکشن کہتے ہیں۔

3.4	سرکلر موشن

(LHR-II,DGK-II)

.25 سینٹری پیٹل فورس کی تعریف کیجیے۔

جواب: سینٹری پیٹل فورس وہ فورس ہے جو کسی جسم کو دائرے میں حرکت کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

فارمولا: $F_C = \dfrac{mv^2}{r}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر- WHTSAPP:03406042418

26. سینٹری پیٹل فورس کی تعریف کیجئے اور اس کی حسابی شکل لکھیے۔ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: سینٹری پیٹل فورس وہ فورس ہے جو کسی جسم کو دائرے میں حرکت کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

حسابی شکل: $F_c = \frac{mv^2}{r}$

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: فورس، انرشیا اور مومینٹم پر نوٹ لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,MTN-II]

جواب: فورس (Force): کسی ٹھہرے ہوئے جسم میں موشن پیدا کرنے کے لیے یا پھر چلتے ہوئے جسم کو روکنے کے لیے جس کا استعمال لازمی ہے۔ اس کو فورس کہتے ہیں۔ "وہ طبیعی مقدار جس کی وجہ سے کسی ٹھہرے جسم میں موشن پیدا ہو جائے۔ یا پھر اس میں موشن پیدا کرنے کی کوشش کی جا سکے فورس کہلاتی ہے۔"

فورس کے استعمال سے کسی چیز کی شکل یا سائز کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کسی غبارے پر فورس لگا کر اس کی شکل کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

انرشیا (Inertia): جب کبھی کسی ٹھہری ہوئی چیز کو چلانا چاہیں یا پھر چلتی ہوئی چیز کو روکنا چاہیں تو ان دونوں طریقوں میں جو چیز مزاحمت پیش کرتی ہے۔ انرشیا کہلاتی ہے۔

گلیلیو (Galileo): گلیلیو نے تجربات سے ثابت کیا کہ رُکے ہوئے بھاری اجسام کو چلاتے وقت یا چلتے ہوئے بھاری اجسام کو روکتے وقت مشکل پیش آتی ہے۔ ان تجربات کی بنیاد پر نیوٹن (Newton) نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہر جسم اپنی ریسٹ پوزیشن یا اپنی یونیفارم موشن میں تبدیلی کے خلاف مزاحمت پیش کرتا ہے۔ مادہ اجسام کی اس خصوصیت کو انرشیا (Inertia) کا نام دیا گیا۔ انرشیا کی قیمت کا انحصار مادہ جسم کے ماس پر ہے۔ جس قدر ماس زیادہ ہوگا اسی قدر اس جسم میں انرشیا کی خصوصیت بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انرشیا کا اندازہ جسم کے ماس کی قیمت سے لگایا جا سکتا ہے۔

سوال نمبر 2: سرکلر موشن (Circular Motion) کی تعریف کریں اور سینٹری پیٹل فورس کی وضاحت کریں۔

جواب: سرکلر موشن (Circular Motion): جب کوئی جسم مکمل طور پر کسی دائرے کے سرکم فیرنس (Circumference) پر حرکت کرے تو اس کی حرکت کو سرکلر موشن کہتے ہیں۔



مثال کے طور پر جب کسی پتھر کو ڈوری کے ایک سرے سے باندھ کر ڈوری کے دوسرے سرے سے پکڑ کر دائرے میں گھمائیں تو پتھر کی حرکت کو سرکلر موشن کہتے ہیں۔

دائرے میں حرکت کرتے ہوئے جسم کی ولاسٹی دائرے کے اوپر پوائنٹ پر کھینچے ہوئے ٹینجنٹ (Tangent) کی سمت میں ہوتی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے۔ ولاسٹی کی سمت ہر نئے پوائنٹ پر مختلف ہوگی۔ یعنی ولاسٹی تبدیل ہوتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

ولاسٹی کے تبدیل ہونے کی وجہ سے ثابت ہوتا ہے کہ دائرے میں حرکت کرتے جسم کا ایکسلریشن (Acceleration) ہوتا ہے۔ یہ ایک لگائی گئی فورس کی وجہ سے ممکن ہے۔ جس کو سینٹری پیٹل (Centripetal) فورس کہتے ہیں۔

یہ لازمی طور پر مہیا کرنا پڑتی ہے تاکہ چیز دائرے میں حرکت کر سکے ڈوری سے بندھے پتھر کے اوپر فورس ہمیں اپنے ہاتھ کے ذریعہ لگانی پڑتی ہے۔

زمین سورج کے گرد اور چاند زمین کے گرد گھومتا ہے۔ زمین کے اوپر سورج کی وجہ سے گریوی ٹیشنل (Gravitational) فورس اور چاند کے اوپر زمین کی وجہ سے گریوی ٹیشنل (Gravitational) فورس لگ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کی حرکت ممکن ہے۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

3.1 دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) مندرجہ ذیل میں سے کس کی غیر موجودگی میں نیوٹن کے پہلے قانون موشن کا اطلاق ہوتا ہے؟

(a) مومینٹم (b) فرکشن (c) نیٹ فورس (d) فورس

(ii) مندرجہ ذیل میں سے انرشیا کا انحصار کس پر ہے؟

(a) فورس (b) نیٹ فورس (c) ماس (d) ولاسٹی

(iii) ایک لڑکا چلتی ہوئی بس میں سے چھلانگ لگاتا ہے۔ اس کے کس طرف گرنے کا خطرہ ہے؟

(a) چلتی ہوئی بس کی طرف (b) بس سے دور

(c) حرکت کی سمت میں (d) حرکت کی مخالف سمت میں

(iv) ایک ڈوری کو دو مخالف فورسز کی مدد سے کھینچا جا رہا ہے۔ ہر ایک فورس کی مقدار 10N ہے۔ ڈوری میں ٹینشن کتنا ہوگا؟

(a) صفر (b) 5 N (c) 10 N (d) 20 N

(v) ایک جسم کا ماس

(a) ایکسلریٹ کرنے پر کم ہو جاتا ہے (b) ایکسلریٹ کرنے پر زیادہ ہو جاتا ہے

(c) تیز ولاسٹی سے چلنے پر کم ہو جاتا (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) ایک بے فرکشن پلی پر سے گزرنے والی ڈوری کے سروں پر m_1 اور m_2 ماس کے دو اجسام اس طرح منسلک ہیں کہ دونوں عموداً حرکت کرتے ہیں۔ ان اجسام کا ایکسلریشن ہوگا۔

(a) $\frac{m_1 \times m_2}{m_1 + m_2}g$ (b) $\frac{m_1 - m_2}{m_1 + m_2}g$ (c) $\frac{m_1 + m_2}{m_1 - m_2}g$ (d) $\frac{2m_1m_2}{m_1 + m_2}g$

(vii) مندرجہ ذیل میں سے مومینٹم کا یونٹ ہے۔

(a) Nm (b) $kgms^{-2}$ (c) Ns (d) Ns^{-1}

(viii) مندرجہ ذیل میں سے کس میٹریل کو سلائیڈ کرنے والی سطحوں کے درمیان رکھنے سے ان کے درمیان فرکشن کم ہو جاتی ہے؟

(a) پانی (b) سنگ مرمر کا پاؤڈر (c) ہوا (d) آئل

جوابات

d	v	a	iv	c	iii	c	ii	b	i
				d	viii	c	vii	b	vi

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

مثالیں

مثال 3.1: 8 کلوگرام ماس کے ایک جسم پر 20N کی فورس عمل کر رہی ہے۔ اس جسم میں پیدا ہونے والا ایکسلریشن معلوم کریں۔

حل: یہاں

$m = 8kg$

$F = 20N$

$a = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $F = ma$

$20N = 8kg \times a$

یا $a = \dfrac{20N}{8kg}$

یا $a = 2.5\dfrac{kgms^{-2}}{kg}$

$a = 2.5ms^{-2}$

پس دی گئی فورس کی وجہ سے پیدا ہونے والا ایکسلریشن $2.5ms^{-2}$ ہے۔

مثال 3.2: ایک فورس 5kg کے جسم میں $10ms^{-2}$ کا ایکسلریشن پیدا کرتی ہے۔ یہ فورس 8kg ماس جسم میں کتنا ایکسلریشن پیدا کرے گی؟

حل:

یہاں

$m_1 = 5kg$

$m_2 = 8kg$

$a_1 = 10ms^{-2}$

$a_2 = ?$

نیوٹن کے دوسرے قانون کے مطابق

$F_1 = m_1a_1$

$F_2 = m_2a_2$

چونکہ $F_1 = F_2$

مندرجہ بالا مساواتوں کا موازنہ کرنے پر

$m_1a_1 = m_2a_2$

$(5kg)(10ms^{-2}) = (8kg)a_2$

یا $a_2 = 6.25ms^{-2}$

پس 8kg ماس کے جسم میں پیدا ہونے والا ایکسلریشن $6.25ms^{-2}$ ہے۔

مثال 3.3: $3ms^{-2}$ کے ایکسلریشن سے بائیسکل چلانے کے لیے 40kg ماس والا بائیسکل سوار 200N کی فورس لگاتا ہے۔ سڑک اور ٹائروں کے درمیان فرکشن کی فورس کتنی ہے؟

حل: یہاں

$m = 40kg$

$a = 3ms^{-2}$

$f_o = 200N$

$F = ?$

$f = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$F = ma$

$= 40kg \times 3ms^{-2}$

$= 120\ N$

نیٹ فورس = فرکشن کی فورس-لگائی گئی فورس

$120\ N = 200N - f$

$f = 80\ N$

پس سڑک اور ٹائروں کے درمیان فرکشن کی فورس 80N ہے۔

مثال 3.4: ایک بے لچک ڈوری کے سروں سے 5.2kg اور 4.8 kg کے دو ماسز منسلک ہیں۔ ڈوری ایک بے فرکشن پلی کے اوپر سے گزرتی ہے۔ اس سسٹم میں ایکسلریشن اور ٹینشن معلوم کریں جبکہ دونوں ماسز عموداً حرکت کر رہے ہوں۔

حل:

$m_1 = 5.2\ kg$

$m_2 = 4.8\ kg$

$a = \dfrac{m_1 - m_2}{m_1 + m_2}g$

$= \dfrac{5.2kg - 4.8kg}{5.2kg - 4.8kg} \times 10ms^{-2}$

$a = 0.4ms^{-2}$

$T = \dfrac{2m_1m_2}{m_1 + m_2}g$

$T = \dfrac{2 \times 5.2kg \times 4.8kg}{5.2kg + 4.8kg} \times 10ms^{-2}$

$T = 50\ N$

پس اس سسٹم کا ایکسلریشن $0.4ms^{-2}$ ہے اور ڈوری میں ٹینشن 50N ہے۔

مثال 3.5: دو اجسام جن کے ماسز بالترتیب 4kg اور 6kg ہیں۔ ایک بے لچک ڈوری جسم کے سروں سے منسلک ہیں جو ایک بے فرکشن پلی کے اوپر سے گزر رہی ہے۔ ایک جسم کا ماس 6kg ہے ایک افقی بے فرکشن سطح پر حرکت کر رہا ہے جبکہ دوسرا جسم جس کا ماس 4kg ہے عموداً نیچے کی طرف حرکت کر رہا ہے۔ اس سسٹم کا ایکسلریشن اور ٹینشن معلوم کریں۔

حل:

$m_1 = 4\ kg$

$m_2 = 6\ kg$

$a = \dfrac{m_1}{m_1 + m_2}g$

$= \dfrac{4kg}{4kg + 6kg} \times 10ms^{-2}$

$a = 4ms^{-2}$

$T = \dfrac{m_1m_2}{m_1 + m_2}g$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر- WHTSAPP:03406042418

مثال 3.8: 100 گرام ماس کے ایک پتھر کے ٹکڑے کو 1 میٹر لمبی ڈوری کے سرے سے باندھا گیا ہے۔ پتھر کا یہ ٹکڑا $5ms^{-1}$ کی سپیڈ سے دائرے میں حرکت کر رہا ہے۔ ڈوری میں ٹینشن معلوم کریں۔

حل:

$m = 100\ g = 0.1\ kg$

$v = 5ms^{-1}$

$r = 1\ m$

$T = f_c$

ڈوری میں ٹینشن T ضروری سینٹری پیٹل فورس فراہم کرتی ہے۔ یعنی

$$f_c = \frac{mv^2}{r}$$

$$T = \frac{0.1kg \times (5ms^{-1})^2}{1m}$$

$T = 2.5\ N$

نمیریکلز

3.1 20 نیوٹن کی ایک فورس ایک جسم کو $2\ ms^{-2}$ کے ایکسلریشن سے حرکت دیتی ہے۔ جسم کا ماس کیا ہوگا؟

ایکسلریشن $= a = 2\ ms^{-2}$

فورس $= F = 20N$

ماس $= m = ?$

فارمولا

$F = ma$

$$m = \frac{F}{a}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$m = \frac{20N}{2ms^{-2}}$$

$m = 10kg$

پس ثابت ہوا کہ جسم کا ماس 10 kg ہے۔

3.2 ایک جسم کا وزن 147 N ہے۔ اس کا ماس کیا ہوگا؟

حل:۔

وزن $= W = 147N$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $= g = 10\ ms^{-2}$

ماس $= m = ?$

فارمولا

$W = mg$

$$m = \frac{W}{g}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$T = \frac{4kg \times 6kg}{4kg + 6kg} \times 10ms^{-2}$$

$T = 24\ N$

پس سسٹم کا ایکسلریشن $4ms^{-2}$ ہے۔ اور ڈوری میں ٹینشن 24N ہے۔

مثال 3.6: 5 کلوگرام ماس کا ایک جسم $10ms^{-1}$ کی ولاسٹی سے حرکت کر رہا ہے۔ اس کو 2 سیکنڈ میں روکنے کے لیے درکار فورس معلوم کریں۔

حل:

$m = 5kg$

$V_i = 10ms^{-1}$

$V_f = 0ms^{-1}$

$t = 2s$

$F = ?$

$P_i = 5kg \times 10ms^{-1}$

$= 50\ Ns$

$P_f = 5kg \times 0ms^{-1}$

$= 0\ Ns$

کیونکہ $F = \frac{P_f - P_i}{t}$

اس لیے $= \frac{0Ns - 50Ns}{2s} = -25\ N$

پس جسم کو روکنے کے لیے درکار فورس 25N ہے۔ منفی کی علامت ظاہر کرتی ہے کہ اس فورس کی سمت جسم کی موشن کی سمت کے مخالف ہوگی۔

مثال 3.7: ایک 20 گرام ماس کی گولی جس کی ولاسٹی بندوق کی نالی سے نکلتے وقت $100ms^{-1}$ ہے۔ بندوق کے ریکوائل کی ولاسٹی معلوم کریں جبکہ اس کا ماس 5kg ہے۔

حل:

$m = 20\ g = 0.02\ kg$

$v = 100ms^{-1}$

$M = 5\ kg$

$V = ?$

مومینٹم کے کنزرویشن کے قانون کے مطابق

$MV + mv = 0$

قیمتیں درج کرنے پر

$5kg \times V + (0.02kg) \times (100ms^{-1}) = 0$

$5kg \times V = -(0.02kg) \times (100ms^{-1})$

$$V = \frac{-(0.02kg) \times (100ms^{-1})}{5kg}$$

$= -0.4ms^{-1}$

منفی کی علامت ظاہر کرتی ہے کہ بندوق $0.4ms^{-1}$ کی ولاسٹی سے ریکوائل کرتی ہے۔ یعنی بندوق گولی کی مخالف سمت میں حرکت کرتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP:03406042418

$m = \frac{147}{10}$

پس جسم کا ماس 14.7 kg ہے۔

3.3 10 کلوگرام ماس کے ایک جسم کو گرنے سے روکنے کے لیے کتنی فورس درکار ہوگی؟

حل:۔

ماس $= m = 10\ kg$

گریویٹیشنل ایکسلریشن $= g = 10\ ms^{-2}$

فورس $= F = ?$

فارمولا

$W = mg$

کیونکہ جسم پر عمل کرنے والی فورس، اس جسم کو روکنے والی فورس کے برابر ہوگی لہذا

$F = w = mg$

قیمتیں درج کرنے سے

$W = 10 \times 10$

$W = 100\ N$

پس 100 کلوگرام وزنی جسم کو روکنے کے لیے 100 نیوٹن فورس درکار ہوگی۔

3.4 50 کلوگرام ماس کے ایک جسم میں 100 N کی فورس کتنا ایکسلریشن پیدا کرے گی؟

حل:۔

فورس $= F = 100N$

ماس $= m = 50kg$

ایکسلریشن $= a = ?$

فارمولا

$F = ma$

$a = \frac{F}{m}$

قیمتیں درج کرنے سے

$a = \frac{100N}{50kg}$

$a = 2ms^{-2}$

پس جسم میں پیدا شدہ ایکسلریشن $2ms^{-2}$ ہے۔

3.5 ایک جسم کا وزن 20N ہے۔ اس کو $2ms^{-2}$ کے ایکسلریشن سے سیدھا اوپر کی طرف لے جانے کے لیے کتنی فورس کی ضرورت ہوگی؟

حل:۔

وزن $= W = 20\ N$

کیونکہ جسم پر عمل کرنے والی فورس، اس جسم کے وزن کے برابر ہوتی ہے۔ لہذا

$w = F_1 = 20N$

ایکسلریشن $= a = 2ms^{-2}$

ماس $= m_1 = \frac{w}{g} = \frac{20}{10} = 2kg$

فورس $= F_2 = ?$

کل فورس $= F = ?$

فارمولا

$F_2 = ma$

قیمتیں درج کرنے سے

$F_2 = 2kg \times 2ms^{-2}$

$F_2 = 4N$

کیونکہ ہوا کی مزاحمتی فورس جسم کے وزن کے برابر ہوگی لہذا

$F_1 = 20N$

پس

کل فورس $= F = F_1 + F_2$

$= 20 + 4 = 24\ N$

لہذا جسم کو عموداً اوپر کی جانب حرکت دینے کے لیے 24 نیوٹن فورس کی ضرورت ہوگی۔

3.6 ایک بے فرکشن پلی سے گزرنے والی ڈوری کے سروں سے 52kg ماس اور 48kg ماس کے دو اجسام منسلک ہیں۔ ڈوری میں ٹینشن اور اجسام کا ایکسلریشن معلوم کریں جبکہ دونوں اجسام عموداً حرکت کر رہے ہوں۔

حل:۔

پہلے جسم کا ماس $= m_1 = 52kg$

دوسرے جسم کا ماس $= m_2 = 48kg$

گریویٹیشنل ایکسلریشن $= g = 10\ ms^{-2}$

ڈوری میں ٹینشن $= T = ?$

ڈوری میں ایکسلریشن $= a = ?$

فارمولا

$T = \frac{2m_1m_2}{m_1 + m_2}g$

قیمتیں درج کرنے سے

$T = \frac{2 \times 52kg \times 48kg \times 10ms^{-2}}{52kg + 48kg}$

$T = \frac{5000}{100} = 100 = \frac{49920}{100} = 499.2$

تقریباً $= 500N$

$T = 500N$

$a = \frac{m_1 - m_2}{m_1 + m_2}g$

$= \frac{52 - 48}{52 + 48} \times 10$

$= \frac{4 \times 10}{100}$

$= 0.4ms^{-2}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHATSAPP:03406042418

پس ڈوری میں پائی جانے والی ٹینشن 500N ہوگی۔ اور ایکسلریشن $0.4ms^{-2}$ ہے۔

3.7 ایک بے فرکشن پلی پر سے گزرنے والی ڈوری سے 26kg ماس اور 24kg ماس کے دو اجسام منسلک ہیں۔ 26kg ماس عموداً نیچے کی طرف حرکت کر رہا ہے۔ ڈوری میں ٹینشن اور دونوں اجسام کا ایکسلریشن معلوم کریں۔

حل:۔

پہلے جسم کا ماس	=	m_1	=	24kg
دوسرے جسم کا ماس	=	m_2	=	264kg
گریوی ٹیشنل ایکسلریشن	=	g	=	$10\ ms^{-2}$
ڈوری میں ٹینشن	=	T	=	?
ایکسلریشن	=	a	=	?

فارمولا

$$T = \frac{m_1 m_2}{m_1 + m_2} g$$

$$a = \frac{m_1 g}{m_1 + m_2}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$T = \frac{26kg \times 24kg \times 10ms^{-2}}{(26kg + 24kg)}$$

$$T = \frac{6240}{50} = 124.8 = 125N \text{ تقریباً}$$

$$T = 125\ N$$

ایکسلریشن معلوم کرنے کے لیے

$$a = \frac{m_1 g}{m_1 + m_2}$$

$$a = \frac{24kg \times 10ms^{-2}}{24kg + 26kg}$$

$$a = \frac{240}{50}$$

$$a = 4.8\ ms^{-2}$$

پس ڈوری میں موجود ٹینشن 125N ہے۔ جبکہ جسم کا ایکسلریشن $4.8ms^{-2}$ ہوگا۔

3.8 کسی جسم کے مومینٹم میں 22Ns کی تبدیلی پیدا کرنے کے لیے 20N کی فورس کو کتنا وقت درکار ہوگا؟

حل:۔

مومینٹم میں تبدیلی $= P_f - P_i = 22Ns$

فورس $= F = 20N$

وقت $= t = ?$

فارمولا $F = \frac{P_f - P_i}{t}$

$$\Rightarrow t = \frac{P_f - P_i}{F}$$

$$= \frac{22Ns}{20s} = 1.1s = \text{Ans}$$

3.9 5 کلوگرام ماس کے لکڑی کے بلاک اور سنگِ مرمر کے افقی فرش کے درمیان فرکشن کی کتنی فورس ہوگی؟ لکڑی اور سنگِ مرمر کے درمیان کوایفی شینٹ آف فرکشن کی قیمت 0.6 ہے۔

حل:۔

ماس	=	m	=	5kg
فرکشن کوایفی شینٹ	=	μ	=	0.6
فورس	=	Fs	=	?

فارمولا

$$Fs = \mu R$$

R کیلئے ہم پہلے جسم کا وزن (W) معلوم کرتے ہیں کیونکہ

$$R = W = mg$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$R = W = 5kg \times 10\ ms^{-2}$$

$$R = 50N$$

اب $Fs = \mu R$

$$= 0.6 \times 50N$$

$$Fs = 30N$$

پس فورس آف فرکشن 30N ہوگی۔

3.10 0.5 کلوگرام ماس کے جسم کو 50cm ریڈیس کے دائرے میں $3ms^{-1}$ کی سپیڈ سے گھمانے کے لیے کتنی سینٹری پیٹل فورس کی ضرورت ہوگی؟

حل:۔

Given Data:

ماس	=	m	=	0.5kg
ولاسٹی	=	v	=	$3\ ms^{-1}$
دائرے کا ریڈیس	=	r	=	$50cm = \frac{50}{100} = 0.5m$
سینٹری پیٹل فورس	=	F_C	=	?

فارمولا

$$F_C = \frac{mv^2}{r}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$F_C = \frac{0.5kg \times (3)^2 ms^{-1}}{(0.5)m}$$

$$= \frac{0.5 \times 9}{0.5}$$

$$F_C = 9N$$

پس جسم کو دائرے میں گھمانے کے لیے درکار سینٹری پیٹل فورس 9N ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE | https://www.facebook.com/102079175269999 | WHTSAPP 03406042418

باب	4	فورسز کو گھمانے کا اثر	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2013ء تا 2021ء

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 کسی فورس کے عمودی کمپوننٹس کی تعداد ہے۔ (LHR-I,FSD-II)

(A) 4 (B) 3 (C) 2 (D) 1

.2 ایک فورس کی مقدار معلوم کریں جب کہ اس کے عمودی کمپوننٹس کی مقدار ہے: Fx = 4N اور Fy = 3N (BWP-I,SWL-II)

(A) 5N (B) 16N (C) 9N (D) 7N

.3 ایکسز آف روٹیشن سے فورس کی لائن آف ایکشن تک کا عمودی فاصلہ فورس کا کہلاتا ہے: [RWP-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

(A) ٹارک (B) مومنٹ آرم (C) مومینٹم (D) ورک

.4 ایک یونیفارم ٹھوس سلنڈر کا سینٹر آف گریویٹی ہوتا ہے: (BWP-II,MLT-I)

(A) ایکسز کے درمیانی پوائنٹ پر (B) سلنڈر کے مرکز پر

(C) وتروں کے کاٹنے والے پوائنٹ پر (D) میڈیئنز کے کاٹنے والے پوائنٹ پر

.5 ریسنگ کاریں متوازن بنائی جاتی ہیں۔ ان کی --------: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) سپیڈ بڑھا کر (B) ماس کم کر کے (C) سنٹر آف گریویٹی نیچے کر کے (D) چوڑائی کم کر کے

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

4.1-4.3	لائک اور ان لائک پیرالل فورسز، ریزلٹنٹ آف فورسز، ریزولیوشن آف فورسز

.6 ہیڈ ٹو ٹیل رول سے فورسز کی تعداد جنہیں جمع کیا جا سکتا ہے وہ ہے: (LHR-I,SWL-II,BWP-II,MLT-I)

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) کوئی بھی تعداد

.7 Cosθ ______ کے مساوی ہوتا ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) قاعدہ/وتر (B) عمود/وتر (C) عمود/قاعدہ (D) وتر/قاعدہ

.8 10 نیوٹن کی ایک فورس x ایکسز کے ساتھ 30° کا زاویہ بناتی ہے۔ اس فورس کا افقی کمپوننٹ ہوگا۔ (LHR-II,DGK-II)

(A) 4N (B) 5N (C) 7N (D) 8.7N

.9 مساوات مکمل کیجئے: $\frac{F_y}{F_x}$ = ______ (ویکٹرز) [LHR-II,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) Tanθ (B) Sinθ (C) Cosθ (D) Cosecθ

.10 cos90° کی قیمت ہوتی ہے۔ (LHR-II,DGK-II)

(A) ایک (B) 0.866 (C) 0.707 (D) صفر

.11 sin 30° کی قیمت ہے: [FSD-I,DGK-II,BWP-II]

(A) 0 (Zero) (B) 0.5 (C) 0.707 (D) 0.866

.12 Sin 60° کی قیمت مساوی ہوتی ہے: [GUJ-II,MTN-I]

(A) 0.866 (B) 0.707 (C) 0.5 (D) 0.577

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم گھر WHATSAPP:03406042418

4.4,4.5	ٹارک یا مومنٹ آف فورس، مومنٹس کا اصول

13. ٹارک کا SI یونٹ ہے۔ (BWP-II,MLT-I,SWL-I)

(A) Ns (B) Nm (C) پاسکل (D) واٹ

14. مومنٹ آرم کو علامت ____ سے ظاہر کیا جاتا ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) T (B) L (C) F (D) N

15- ٹارک کا یونٹ ہے: [DGK-I,BWP-II]

(A) N.m (B) $N.m^{-1}$ (C) $N^{-1}.m^{-1}$ (D) $N^{-2}.m^{-2}$

16- کسی فورس کے گردشی اثر کو کہتے ہیں: [FSD-I,SGD-I,MTN-II]

(A) مومینٹم (B) پریشر (C) ٹارک (D) ورک

17- ٹارک برابر ہوتا ہے: [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

(A) $\tau = \frac{1}{FL}$ (B) $\tau = \frac{L}{F}$ (C) $\tau = FL$ (D) $\tau = \frac{F}{L}$

18- ٹارک پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی تعداد ہوتی ہے: [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

19- ٹارک کا انحصار ہے: [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

(A) فورس اور ماس (B) ماس اور ولاسٹی پر (C) فورس اور مومنٹ آرم پر (D) فورس اور ولاسٹی پر

20- یونیفارم سپیڈ سے گھومتے ہوئے جسم پر عمل کرنے والا نیٹ ٹارک ہوتا ہے:

(A) 1 (B) 2 (C) 5 (D) 0

4.6	سنٹر آف فورس

21- ایسا پوائنٹ، جہاں لگائی جانے والی رزلٹنٹ فورس جسم کی روٹیشن کے بغیر حرکت کا باعث بنتی ہو، کہلاتی ہے۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

(A) سنٹر آف گریویٹی (B) سنٹر آف ماس (C) جسم کا سنٹر (D) سنٹر آف ایکسز

22- ایک بے قاعدہ شکل کے جسم کا سنٹر آف گریویٹی کی مدد سے معلوم کی جا سکتی ہے: [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

(A) فانہ (B) میٹر راڈ (C) پلمب لائن (D) سکریو گیج

23- میڈینز (وسطانیے) جس پوائنٹ پر ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں وہ سنٹر آف گریویٹی ہوتا ہے یونیفارم: [DGK-II,MTN-I]

(A) راڈ کا (B) گول چھلے کا (C) ٹھوس سلنڈر کا (D) مثلث شیٹ کا

4.7	سنٹر آف گریویٹی

24. ریسنگ کاریں متوازن بنائی جاتی ہیں اُن کی: (BWP-I,SWL-II)

(A) سپیڈ بڑھا کر (B) ماس کم کر کے (C) سنٹر آف گریویٹی نیچے کر کے (D) چوڑائی کم کر کے

25. ایک بے قاعدہ شکل کے جسم کا سنٹر آف گریویٹی کی مدد سے معلوم کی جا سکتی ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) فانہ (B) میٹر راڈ (C) پلمب لائن (D) سکریو گیج

26. میڈینز (وسطانیے) جس پوائنٹ پر ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں وہ سنٹر آف گریویٹی ہوتا ہے یونیفارم: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) راڈ کا (B) گول چھلے کا (C) ٹھوس سلنڈر کا (D) مثلث شیٹ کا

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

4.8	کپل

27- دو مساوی لیکن ان لائک پیرالل فورسز جن کا لائن آف ایکشن مختلف ہو پیدا کرتی ہے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]
(A) ٹارک (B) کپل (C) ایکوی لبریم (D) نیوٹرل ایکوی لبریم

28- کار کا سٹیرنگ ڈ میل مثال ہے۔ [RWP-II,FSD-II,DGK-II,BWP-I/II,SWL-I]
(A) فورس (B) کپل (C) نیٹ فورس (D) مومینٹم

4.9,4.10	ایکوی لبریم سٹیبلیٹی اور سنٹر آف ماس کی پوزیشن

29- ایکوی لبریم کی دوسری شرط کی حسابی شکل ہے: (DGK-II)
(A) $\sum \tau = 0$ (B) $\sum F = 0$ (C) $\sum P = 0$ (D) $\sum W = 0$

30- ایکوی لبریم کی شرائط ہیں: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

31- ایکوی لبریم کی پہلی شرط کی حسابی شکل ہے: (DGK-II)
(A) $\sum \tau = 0$ (B) $\sum F = 0$ (C) $\sum P = 0$ (D) $\sum W = 0$

32- ایک جسم ایکوی لبریم میں ہوتا ہے جب اس کا: [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]
(A) ایکسلریشن صفر ہو (B) سپیڈ یونیفارم ہو
(C) ایکسلریشن یونیفارم ہو (D) سپیڈ اور ایکسلریشن یونیفارم ہو

جوابات

D	10	A	9	D	8	A	7	D	6	C	5	A	4	B	3	A	2	C	1
D	20	C	19	A	18	C	17	C	16	A	15	B	14	A	13	A	12	B	11
B	30	A	29	B	28	B	27	D	26	C	25	C	24	D	23	C	22	B	21
																A	32	B	31

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

1. ہیڈ ٹو ٹیل رول کی تعریف کیجئے۔ (DGK-II,LHR-II)

جواب: فورسز ویکٹر ہوتی ہیں۔ اس کو عام حسابی طریقے سے جمع نہیں کیا جا سکتا۔ ان کو جمع کرنے کا ایک خاص طریقہ "ہیڈ ٹو ٹیل" کہلاتا ہے۔

2. ایکسز آف روٹیشن کی تعریف کیجئے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I]

جواب: اگر کسی رجڈ باڈی کو گھمایا جائے تو اس کے مختلف حصے دائروں میں گھومنا شروع ہو جائیں گے۔ ان مختلف دائروں کے سنٹر ایک سیدھے خط پر ہونگے۔ اس خط کو ایکسز آف روٹیشن کہتے ہیں۔

3. کلاک وائز مومنٹ اور انٹی کلاک وائز مومنٹ میں کیا فرق ہے؟ (DGK-II,SWL-I,LHR-II)

جواب: **کلاک وائز مومنٹ:** وہ ٹارک یا مومنٹ آف فورس جس کے عمل کی وجہ سے جسم کلاک وائز گھوم جائے کلاک وائز مومنٹ آف فورس کہلاتا ہے۔ اس ٹارک کو منفی ٹارک کہتے ہیں۔

انٹی کلاک وائز مومنٹ: وہ ٹارک یا مومنٹ آف فورس جس کے عمل سے جسم اینٹی کلاک وائز گھوم سکتا ہو اینٹی کلاک وائز مومنٹ یا مثبت ٹارک کہلاتا ہے۔

4. گاڑیوں کی اونچائی ممکن حد تک کم کیوں رکھی جاتی ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: گاڑیوں کی اونچائی ممکنہ حد تک اس لیے کم رکھی جاتی ہے تاکہ سنٹر آف گریویٹی کی بلندی کم سے کم ہو۔ اور جتنی سنٹر آف گریویٹی کی بلندی کم ہو گی اتنی ہی زیادہ گاڑی قیام پذیر ہو گی۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

5. ایکوی لبریم کی پہلی شرط سے کیا مراد ہے؟ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

جواب: ایکوی لبریم کی پہلی شرط: اگر کسی جسم پر عمل کرنے والی فورسز کا حاصل صفر ہو تو جسم توازن کی حالت میں ہوتا ہے۔ پہلی شرط پوری ہونے کی صورت میں جسم میں لی نیئر ایکسلریشن پیدا نہیں ہوتا:

حسابی طریقہ سے ایکوی لبریم کی شرط:

$$\sum F_x = 0$$

$$\sum F_y = 0$$

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

4.1-4.3	لائک اور اَن لائک پیرالل فورسز، ریزلٹنٹ آف فورسز، ریزولیوشن آف فورسز

6. ریزولیوشن آف فورسز کی تعریف کیجئے۔ (MLT-I,RWP-II)

جواب: فورس کو اس کے عمودی کمپونینٹس میں تحلیل کرنے کے عمل کو ریزولیوشن آف فورس کہتے ہیں۔

7. لائک اور ان لائک پیرالل فورسز کے درمیان فرق بیان کیجئے۔ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: لائک اور ان لائک پیرالل فورسز کے درمیان فرق:

لائک پیرالل فورسز:	اَن لائک پیرالل فورسز:
وہ تمام فورسز جو ایک دوسرے کے لحاظ سے پیرالل ہوں اور ان کی سمت ایک جیسی ہو، لائک فورسز کہلاتی ہیں۔	وہ تمام فورسز جو ایک دوسرے کے ساتھ پیرالل ہوں لیکن ان سب کی سمت ایک دوسرے کے مخالف ہو، اَن لائک پیرالل فورسز کہلاتی ہیں۔

8. کسی قائمۃ الزاویہ مثلث کے قاعدہ کی لمبائی 4cm اور عمود کی 3cm ہو تو اس کے وتر کی لمبائی معلوم کیجئے۔ (DGK-II,SWL-I,LHR-II)

جواب: دیا گیا ڈیٹا:

قاعدہ کی لمبائی = 4cm

عمود کی لمبائی = 3cm

وتر کی لمبائی = ?

مسئلہ فیثا غورث کے مطابق:

$$(\text{وتر})^2 = (\text{عمود})^2 + (\text{قاعدہ})^2$$

$$(\text{وتر})^2 = (3)^2 + (4)^2$$

$$(\text{وتر})^2 = 9 + 16$$

$$(\text{وتر})^2 = 25$$

$$\sqrt{(\text{وتر})^2} = \sqrt{25}$$

$$\text{وتر} = 5\text{ cm}$$

9. رزلٹنٹ فورس کی تعریف کریں؟ [DGK-II,MTN-I]

جواب: دو یا دو سے زیادہ فورسز کا مجموعہ رزلٹنٹ فورس کہلاتا ہے۔

10. لائک پیرالل فورسز اور مومنٹ آرم کی تعریف کیجئے۔ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: لائک پیرالل فورسز: "کسی جسم پر عمل کرنے والی فورسز جن کا لائن آف ایکشن ایک ہی ہو، لائک پیرالل فورسز کہلاتی ہیں۔"

مومنٹ آرم: "مومنٹ آرم اس عمودی فاصلہ کا نام ہے جو کہ ایکسز آف روٹیشن سے لے کر لائن آف ایکشن آف فورس تک ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- استعلم اگر - WHTSAPP:03406042418

.11 ہیڈ ٹو ٹیل رول ویکٹرز کا ریزلٹنٹ معلوم کرنے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟
[FSD-I,SWL-II,MTN-I,LHR-II,GUJ-II,RWP-II]



جواب: ویکٹرز کو جمع کرنے کا ایسا طریقہ جس میں پہلے ویکٹر کا ہیڈ دوسرے ویکٹر کی ٹیل سے ملا دیا جاتا ہے۔ لہذا مختلف ویکٹرز کی جمع سے حاصل ہونے والا ویکٹر رزلٹنٹ ویکٹر کہلاتا ہے۔

.12 ایک قائمۃ الزاویہ مثلث کے قاعدہ کی لمبائی 4 سم اور عمود کی لمبائی 3 سم ہے۔ وتر کی لمبائی معلوم کریں۔ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

حل:

$$(\text{وتر کی لمبائی})^2 = (\text{عمود کی لمبائی})^2 + (\text{قاعدہ کی لمبائی})^2$$
$$= (3)^2 + (4)^2$$
$$= 9 + 16$$
$$(\text{وتر کی لمبائی})^2 = 25$$
$$\text{وتر کی لمبائی} = 5cm$$

4.4,4.5	ٹارک یا مومنٹ آف فورس، مومنٹس کا اصول

.13 رجڈ باڈی اور لائن آف ایکشن آف فورس کی تعریف لکھیے۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: رجڈ باڈی: ''کوئی بھی جسم بے شمار چھوٹے چھوٹے پارٹیکلز پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر اس جسم پر کسی فورس کے عمل کرنے سے اس کے پارٹیکلز کے مابین فاصلوں میں تبدیلی نہ آئے تو یہ ایک رجڈ باڈی کہلاتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں ایک رجڈ باڈی ایک ایسا جسم ہے جو فورس یا فورسز کے زیر اثر اپنی شکل تبدیل نہیں کرتا۔

لائن آف ایکشن آف فورس: وہ خط جس کی سمت میں کوئی فورس عمل کرتی ہے، لائن آف ایکشن آف فورس کہلاتی ہے۔

.14 مومنٹس کا اصول بیان کیجئے۔ [DGK-I,BWP-II]

جواب: مومنٹس کا اصول: ایک جسم ایکوی لبریم میں ہوتا ہے اگر اس پر عمل کرنے والے تمام کلاک وائز مومنٹس کا ریزلٹنٹ تمام اینٹی کلاک وائز مومنٹس کے ریزلٹنٹ کے مساوی ہو۔

.15 رجڈ باڈی اور مومنٹ آرم کی تعریف کیجئے۔ (BWP-II,SWL-I)

جواب: رجڈ باڈی: وہ ٹھوس جسم جس پر فورس لگا کر اس کے مختلف حصوں کے درمیان فاصلہ نہ تبدیل کیا جا سکے۔ رجڈ باڈی کہلاتا ہے۔

مومنٹ آرم: مومنٹ آرم اس کم از کم یا عمودی فاصلہ کا نام ہے جو کہ ایکسز آف روٹیشن سے لے کر لائن آف ایکشن آف فورس تک ہوتا ہے۔

.16 ٹارک کی تعریف کریں اور مساوات تحریر کریں۔ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

جواب: کسی فورس کے گردشی اثر کو ٹارک کہتے ہیں۔

مساوات: $\tau = F \times L$ = ٹارک

.17 ٹارک اور مومنٹ آرم کی تعریف کیجیے۔ (BWP-II,MLT-I)

جواب: تعریف: کسی فورس کے گردشی اثر کو ٹارک کہتے ہیں۔

مومنٹ آرم: ایکسز آف روٹیشن سے فورس کی لائن آف ایکشن تک کا عمودی فاصلہ فورس کا مومنٹ آرم کہلاتا ہے۔

.18 ٹارک یا مومنٹ آف فورس کی تعریف کریں۔ S.I نظام میں ٹارک کا یونٹ لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

جواب: تعریف: کسی فورس کے گردشی اثر کو ٹارک کہتے ہیں۔

فارمولا: $\tau = F \times L$ ٹارک

S.I یونٹ: ٹارک کا SI یونٹ Nm ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

.19 رجڈ باڈی اور ایکسز آف روٹیشن کی تعریف کریں۔ (DGK-II,SWL-I,LHR-II)

جواب: رجڈ باڈی: کوئی بھی جسم بے شمار چھوٹے چھوٹے پارٹیکلز پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر اس جسم پر کسی فورس کے عمل کرنے سے اس کے پارٹیکلز کے مابین فاصلوں میں تبدیلی نہ آئے تو یہ ایک رجڈ باڈی کہلاتی ہے۔

ایکسز آف روٹیشن: اگر ایک رجڈ باڈی کسی خط مستقیم کے گرد گھوم رہی ہو تو اس رجڈ باڈی کے پارٹیکلز ایسے دائروں میں گھومتے ہیں۔ جن کے مراکز اس خط مستقیم پر واقع ہوتے ہیں۔ اس خط مستقیم کو اس جسم کا ایکسز آف روٹیشن کہتے ہیں۔

سنٹر آف فورس	4.6

.20 سنٹر آف ماس اور سنٹر آف گریویٹی میں فرق واضح کیجیے۔ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]

جواب:

سنٹر آف ماس	سنٹر آف گریویٹی
کسی جسم کا سنٹر آف ماس ایک ایسا پوائنٹ ہوتا ہے جہاں پر لگائی گئی فورس سسٹم کو گھمائے بغیر فورس کی سمت میں حرکت دیتی ہے۔	کسی جسم کا سنٹر آف گریویٹی وہ پوائنٹ ہے جہاں اس کا تمام وزن عموداً نیچے کی جانب عمل کرتا محسوس ہوتا ہے۔

.21 پلمب لائن سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: پلمب لائن ایک چھوٹے سے دھاتی گولے پر مشتمل ہوتا ہے جسے ایک ڈوری سے لٹکایا جاتا ہے تو یہ اپنے وزن کے باعث جو کہ عموداً نیچے کی جانب عمل کرتا ہے عمودی سمت میں ٹھہر جاتا ہے۔

سنٹر آف گریویٹی	4.7

.22 سنٹر آف گریویٹی کی تعریف کیجیے۔ ایک یونیفارم مثلث نما شیٹ کا سنٹر آف گریویٹی کہاں ہوتا ہے؟ (BWP-I,SWL-II)



جواب: کسی جسم کا سنٹر آف گریویٹی وہ پوائنٹ ہے جہاں اس کا تمام وزن عموداً نیچے کی جانب عمل کرتا ہوا محسوس ہوتا ہے

مثلث نما شیٹ کا سنٹر آف گریویٹی: کسی مثلث کا یا مثلث نما جسم کا سنٹر آف گریویٹی اس کے میڈینز (وسطانیوں) کے ایک دوسرے کو کاٹنے کا پوائنٹ ہوتا ہے۔

.23 گاڑیاں نیچے سے کیوں بھاری رکھی جاتی ہیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: گاڑیاں نیچے سے اس لیے بھاری رکھی جاتی ہیں تاکہ ان کا سنٹر آف گریویٹی نیچے آجائے اور گاڑی کا توازن بڑھ جائے۔

کپل	4.8

.24 کپل آف فورس سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-II,FSD-II,DGK-I,MTN-II,BWP-II]

جواب: دو ایسی اَن لائک پیرالل فورسز جو مقدار میں مساوی لیکن ایک لائن میں نہ ہوں کپل آف فورس کہلاتی ہے۔

.25 ٹارک اور کپل میں فرق لکھیے۔ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب:

ٹارک	کپل
(i) کسی فورس کے گردشی اثر کو ٹارک یا مومنٹ آف فورس کہتے ہیں۔	(i) دو ایسی لائک پیرالل فورسز جو مقدار میں مساوی لیکن ایک لائن میں نہ ہوں کپل پیدا کرتی ہے۔
(ii) ٹارک پیدا کرنے کے لیے صرف ایک فورس کی ضرورت ہوتی ہے۔	(ii) کپل کے لیے کم از کم دو فورسز کی ضرورت ہوتی ہے۔
(iii) ٹارک یا مومنٹ آف فورس (τ) فورس F اور مومنٹ آرم (L) کے حاصل ضرب کے برابر ہوتی ہے۔ $\tau = F \times L$	(iii) کسی کپل کا ٹارک کپل کی دونوں فورسز میں سے کسی ایک فورس اور ان کے درمیان عمودی فاصلہ کے حاصل ضرب سے حاصل ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

4.9,4.10	ایکوی لبریم، سٹیبلیٹی اور سنٹر آف ماس کی پوزیشن

26. ایکوی لبریم کی دوسری شرط کیا ہے؟ اس کا فارمولا لکھئے۔ [LHR-I,FSD-II]

جواب: ایکوی لبریم کی دوسری شرط: اگر کسی جسم پر متعدد قوتیں (فورسز) عمل کریں اور ان کا ٹارکس کا مجموعہ صفر ہو تو جسم ایکوی لبریم کی حالت میں ہوگا۔

فارمولا: $\sum \tau = 0$

27. ایکوی لبریم کی پہلی شرط اور دوسری شرط کیا ہوتی ہیں؟ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

جواب: پہلی شرط: ایکوی لبریم کی پہلی شرط کے مطابق اگر جسم پر عمل کرنے والی تمام فورسز کا رزلٹنٹ (یعنی فورسز کا مجموعہ) حاصل (رزلٹنٹ) صفر ہو تو جسم توازن کی حالت میں ہوتا ہے۔

مساوات: $\sum F = 0$

دوسری شرط: ایکوی لبریم کی دوسری شرط کے مطابق اگر جسم پر متعدد قوتیں (فورسز) عمل کریں اور ان کے ٹارکس کا مجموعہ صفر ہو تو جسم ایکوی لبریم کی حالت میں ہوگا۔

مساوات: $\sum \tau = 0$

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: لائک اور اَن لائک پیرالل فورسز (Like and unlike parallel forces) پر نوٹ لکھیں اور ریزلٹنٹ فورس کی تعریف کریں۔

جواب: **لائک پیرالل فورسز (Like parallel forces):** وہ تمام فورسز جو ایک دوسرے کے لحاظ سے پیرالل ہوں اور ان کی سمت ایک جیسی ہو، لائک فورسز کہلاتی ہیں۔ ایک پیکٹ میں بہت سارے سیب موجود ہوں تو ان میں سے ہر ایک کا وزن عمودی طور پر نیچے کی طرف عمل کر رہا ہوگا۔ ہر سیب پر عمل کرنے والی وزن کی فورس ایک دوسرے کے ساتھ پیرالل ہیں۔ ان کو لائک پیرالل فورسز کہتے ہیں۔



ان لائک پیرالل فورسز (Unlike Parallel Forces): وہ تمام فورسز جو ایک دوسرے کے ساتھ پیرالل ہوں لیکن ان سب کی سمت ایک دوسرے کے مخالف ہو ان لائک پیرالل فورسز کہلاتی ہیں۔

اگر ایک سیب کو ایک ڈوری سے باندھ کر سٹینڈ کی مدد سے لٹکایا جائے تو اس کا وزن عمودی طور پر نیچے کی طرف عمل کرتا ہے لیکن ڈوری میں موجود ٹینشن اوپر کی طرف عمل کرتی ہے۔ یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ پیرالل تو ہیں لیکن آپس میں مخالف سمت میں ہیں۔ ان کو ان لائک پیرالل فورسز کہتے ہیں۔

ریزلٹنٹ فورس: دو یا دو سے زیادہ تعداد میں وہ فورسز جو ایک ہی جسم پر عمل کر رہی ہوں ان سب کے لیے ایک ریزلٹنٹ فورس ہوتی ہے۔ اس فورس کے عمل سے وہی اثرات ہوتے ہیں جو مشترکہ طور پر تمام فورسز کے عمل کرنے پر پیدا ہو سکتے ہیں۔



سوال نمبر 2: رجڈ باڈی (Rigid body) کی تعریف کریں۔ مزید ایکسز آف روٹیشن اور ٹارک کی تعریف بھی کریں۔

جواب: **رجڈ باڈی (Rigid body):** وہ ٹھوس جسم جس پر فورس لگا کر اس کے مختلف حصوں کے درمیان فاصلہ نہ تبدیل کیا جا سکے۔ رجڈ باڈی کہلاتا ہے۔ یا وہ جسم جس پر فورس لگا کر اس کی شکل کو تبدیل کرنا ممکن نہ ہو۔ وہ رجڈ باڈی کہلاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

ایکسز آف روٹیشن (Axis of rotation): اگر کسی رجڈ باڈی کو گھمایا جائے تو اس کے مختلف حصے دائروں میں گھومنا شروع ہو جائیں گے۔ ان مختلف دائروں کے سنٹر ایک سیدھے خط پر ہونگے۔ اس خط کو ایکسز آف روٹیشن کہتے ہیں۔

ٹارک یا مومنٹ آف فورس: کسی جسم پر فورس لگانے پر اس کے گردشی اثرات کو ٹارک کہتے ہیں۔ اس کو مومنٹ آف فورس بھی کہا جاتا ہے۔

مشقی کثیرالانتخابی سوالات

(i) دو مساوی لیکن ان لائک پیرالل فورسز جن کا لائن آف ایکشن مختلف ہو پیدا کرتی ہیں۔

(a) ٹارک (b) کپل (c) نیوٹرل ایکوی لیبریم (d) ایکوی لیبریم

(ii) ہیڈ ٹو ٹیل رول سے ویکٹرز کی تعداد جنہیں جمع کیا جا سکتا ہے وہ ہے:

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) کوئی بھی تعداد

(iii) کسی ویکٹر کے عمودی کمپوننٹس کی تعداد ہوتی ہے:

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

(iv) 10 نیوٹن کی ایک فورس x-ایکسز کے ساتھ 30° کا زاویہ بناتی ہے۔ اس فورس کا افقی کمپوننٹ ہوگا۔

(a) 4 N (b) 5 N (c) 7 N (d) 8.7 N

(v) ایک کپل عمل میں آتا ہے:

(a) دو ایک دوسرے پر عمودی فورسز سے (b) دو لائک پیرالل فورسز سے

(c) ایک ہی لائن میں عمل کرنے والی مساوی اور مخالف فورسز سے

(d) ایک ہی لائن میں عمل نہ کرنے والی دو مساوی اور مخالف فورسز سے

(vi) ایک جسم ایکوی لیبریم میں ہوتا ہے جب اس

(a) کا ایکسلریشن یونیفارم ہو (b) کی سپیڈ یونیفارم ہو

(c) کی سپیڈ اور ایکسلریشن یونیفارم ہو (d) کا ایکسلریشن صفر ہو

(vii) ایک جسم نیوٹرل ایکوی لیبریم میں ہوتا ہے اگر اس کا سنٹر آف گریویٹی

(a) بلند ترین پوزیشن پر ہو (b) پست ترین پوزیشن پر ہو

(c) اپنی بلندی برقرار رکھتا ہے اگر اسے اپنی جگہ سے ہلایا جائے (d) بنیاد کے اندر رہتا ہے

(viii) ریسنگ کاریں متوازن بنائی جاتی ہیں ان کی

(a) سپیڈ بڑھا کر (b) ماس کم کر کے (c) سنٹر آف گریویٹی نیچے کر کے (d) چوڑائی کم کر کے

جوابات

d	v	d	iv	b	iii	d	ii	b	i
				c	viii	c	vii	d	vi

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE | https://www.facebook.com/100079175269999 WHTSAPP:03406042418

مثالیں

مثال 4.1: دی گئی تین فورسز کا رزلٹنٹ معلوم کیجیے۔ 12 نیوٹن فورس x-ایکسز کے ساتھ، 8 نیوٹن فورس x-ایکسز سے 45° کا زاویہ بناتے ہوئے۔ جبکہ 8 نیوٹن فورس y-ایکسز کی جانب۔

حل:

F_1 = 12N (x-ایکسز کے ساتھ)

F_2 = 8N (x-ایکسز کے ساتھ 45° کا زاویہ بناتے ہوئے)

F_3 = 8N (y-ایکسز کی جانب)

سکیل: 1cm = 2 N

(i) دی گئی فورسز کو ویکٹرز F_1، F_2 اور F_3 سے منتخب سکیل کے مطابق ظاہر کیجیے۔

(ii) F_1، F_2 اور F_3 فورسز کو ترتیب دیں۔ فورس F_2 کی ٹیل فورس F_1 کے ہیڈ، پوائنٹ B پر جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ اسی طرح فورس F_3 کی ٹیل فورس F_2 کے ہیڈ، پوائنٹ C پر ہو۔

(iii) پوائنٹ A، فورس F_1 کی ٹیل کو پوائنٹ D، فورس F_3 کے ہیڈ سے ملائیں۔ فرض کیجیے AD فورس F کو ظاہر کرتا ہے۔ ہیڈ ٹو ٹیل رول کے مطابق فورس F رزلٹنٹ فورس کو ظاہر کرتی ہے۔



(iv) AD کی پیمائش کیجیے اور اسے سکیل کے مطابق ضرب دے کر رزلٹنٹ فورس کی مقدار معلوم کریں۔

(v) پروٹیکٹر کی مدد سے زاویہ DAB کی پیمائش کریں جو F فورس x-ایکسز کے ساتھ بناتی ہے۔ یہ زاویہ رزلٹنٹ فورس کی سمت بتاتا ہے۔

مثال 4.2: ایک شخص 200N کی فورس سے جو افقی سڑک کے ساتھ 30° کا زاویہ بناتی ہے ایک ٹرالی کو کھینچ رہا ہے اس فورس کے افقی اور عمودی کمپوننٹس معلوم کیجیے۔

حل:

F = 200 N

θ = 30° (x-ایکسز کے ساتھ)

F_x = ?

F_y = ?

$$F_x = F\cos\theta$$
$$F_x = 200\times\cos 30^\circ$$
$$= 200\times 0.866 = 173.2\text{N}$$
$$F_y = F\sin\theta$$
$$F_y = 200\times\sin 30^\circ$$
$$= 200\times 0.5 = 100\text{N}$$

پس کھینچنے والی فورس کے افقی اور عمودی کمپوننٹس بالترتیب 173.2N اور 100N ہیں۔

مثال 4.3: ایک مکینک 200N کی فورس لگا کر 15cm لمبے سپینر کی مدد سے بائیسکل کا نٹ کستا ہے۔ نٹ کو کسنے والا ٹارک معلوم کیجیے۔

حل:

F = 200N

L = 15 cm = 0.15m

$$\tau = F\times L$$
$$= 200\text{N}\times 0.15\text{m} = 30\text{Nm}$$

مثال 4.4: ایک میٹر راڈ درمیانی پوائنٹ O پر ایکوی لبریم میں ہے۔ جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ 10 N کا ایک بلاک پوائنٹ O سے 40cm کے فاصلہ پر پوائنٹ B سے لٹکایا گیا ہے۔ اس بلاک کا وزن معلوم کیجیے جو پوائنٹ O سے 25 cm کے فاصلہ پر پوائنٹ A پر لٹکانے سے اسے متوازن کرتا ہے۔

حل: w_1 = ? پوائنٹ A پر لٹکائے گئے بلاک کا وزن

w_2 = 10N پوائنٹ B پر لٹکائے گئے بلاک کا وزن

w_1 کا مومنٹ آرم w_1 = OA = 25 cm = 0.25m

w_2 کا مومنٹ آرم w_2 = OB = 40 cm = 0.40m

مومنٹس کے اصول کے مطابق:

اینٹی کلاک وائز مومنٹ = کلاک وائز مومنٹ

w_1 کا اینٹی کلاک وائز مومنٹ = w_2 کا کلاک وائز مومنٹ

پس w_1 × w_1 کا مومنٹ آرم = w_2 × w_2 کا مومنٹ آرم

یعنی $w_1 \times OA = w_2 \times OB$

اور $w_1 \times 0.25\text{m} = 10\text{N} \times 0.4\text{m}$

اس طرح $$w_1 = \frac{10\text{N}\times 0.4\text{m}}{0.25\text{m}}$$

$$w_1 = 16\text{N}$$

پس پوائنٹ A پر لٹکائے جانے والے بلاک کا وزن 16 N ہے۔

مثال 4.5: ایک بلاک جس کا وزن 10N ہے ایک ڈوری کے ساتھ لٹک رہا ہے۔ جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ ڈوری میں موجود ٹینشن معلوم کیجیے۔

حل: بلاک کا وزن w = 10 N

ڈوری میں ٹینشن T = ?

چونکہ بلاک ریسٹ میں ہے اس لیے ایکوی لبریم کی پہلی شرط کے مطابق

$$\Sigma F_y = 0$$

x-ایکسز کی سمت میں کوئی فورس عمل نہیں کرتی جبکہ y-ایکسز کی سمت میں عمل کرنے والی فورسز T اور w ہیں۔ پس

$$\Sigma F_y = 0$$

یا $T - W = 0$

یا $T = w$

یا $T = 10\text{N}$

پس ڈوری میں ٹینشن کی مقدار 10N ہے۔

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHATSAPP:03406042418

مثال 4.6: ایک یونیفارم سلاخ جس کی لمبائی 1.5m ہے ایک کنارے سے 0.5 کے مقام پر فانے پر رکھی ہوئی ہے۔ اسے افقی حالت میں رکھنے کے لیے اس کے ایک سرے پر 100N کی فورس لگائی گئی ہے۔ سلاخ کا وزن اور فانے کا ردِعمل معلوم کیجئے۔

حل:

$$F = 100N$$
$$OA = 0.5\ m$$
$$AG = BG = 0.75\ m$$
$$OG = AG - AO = 0.75m - 0.5m$$
$$= 0.25\ m$$
$$W = ?$$
$$R = ?$$



ایکوی لبریم کی دوسری شرط کا اطلاق کرتے ہوئے O کے گرد ٹارک معلوم کرتے ہیں۔

$$\Sigma\tau = 0$$
$$F \times AO + R \times 0 - W \times OG = 0$$
$$100N \times 0.5 - W \times 0.25m = 0$$
$$w \times 0.25m = 100N \times 0.5$$
$$w = \frac{100N \times 0.5m}{0.25m}$$
$$w = 200N$$

ایکوی لبریم کی پہلی شرط کا اطلاق کرتے ہوئے

$$\Sigma f_y = 0$$

یا
$$R - F - W = 0$$
$$R - 100N - 200N = 0$$

یا
$$R = 300\ N$$

پس سلاخ کا وزن 200N اور فانے کا ردِعمل 300N ہے۔

نمبریکلز

4.1 مندرجہ ذیل فورسز کا ریزلٹنٹ معلوم کیجئے۔

(i) 10 نیوٹن x-ایکسز کی سمت میں (ii) 6 نیوٹن y-ایکسز کی سمت میں

(iii) 4 نیوٹن منفی x-ایکسز کی سمت میں

سکیل: 2N = 1 cm گرافی طریقے کا استعمال کرتے ہوئے۔



$$Fx = 10 - 4 = 6N$$
$$Fy = 6N$$

$$F = \sqrt{(Fx)^2 + (Fy)^2}$$
$$F = \sqrt{(6)^2 + (6)^2}$$
$$F = 8.7N$$
$$\theta = \tan^{-1}\left(\frac{6}{6}\right)$$
$$\theta = \tan^{-1}(1)$$
$$\theta = 45°$$

x-ایکسز کے ساتھ 45° کا زاویہ بناتے ہوئے 8.5N

4.2 50N کی فورس x-ایکسز کے ساتھ 30° کا زاویہ بنارہی ہے۔ اس کے عمودی کمپونینٹس معلوم کریں۔

حل:

فورس $= F = 50\ N$

x-ایکسز کے ساتھ زاویہ $= \theta = 30°$

$$F_x = ?$$
$$F_Y = ?$$

فارمولا

$$F_x = F\cos\theta$$
$$F_Y = F\sin\theta$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$F_x = 50\cos 30°$$
$$F_x = 50 \times \frac{\sqrt{3}}{2}$$
$$F_x = 50 \times 0.866$$
$$F_x = 43.30\ N$$
$$F_Y = F\sin\theta$$

اب

$$t = 50\sin 30°$$
$$t = 50 \times 0.5$$
$$t = 25\ N$$

پس اس کے دو عمودی کمپونینٹس 43.30N اور 25N ہوں گے۔

4.3 اس فورس کی مقدار اور سمت بتایئے جس کا x - کمپونینٹ 12N اور y- کمپونینٹ 5N ہے۔

حل:

کمپونینٹ x $= F_x = 12\ N$

کمپونینٹ y $= F_Y = 5N$

فورس $= F = ?$

سمت $= \theta = ?$

فارمولا

$$F = \sqrt{F_x^2 + F_y^2}$$

Scanned with CamScanner

$$\theta = \tan^{-1}\frac{F_y}{F_x}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$F = \sqrt{(12)^2 + (5)^2}$$

$$F = \sqrt{144 + 25}$$

$$F = \sqrt{169}$$

$$F = 13\ N$$

سمت معلوم کرنے کیلئے

$$\theta = \tan^{-1}\left[\frac{F_y}{F_x}\right]$$

$$\theta = \tan^{-1}\frac{5}{12}$$

$$\theta = 22.6^\circ$$

پس فورس کی مقدار 13 نیوٹن ہے اور یہ 22.6° کا زاویہ بناتی ہے۔

4.4 100 نیوٹن کی فورس نٹ سے 10cm کے فاصلہ پر سپینر پر عموداً عمل کر رہی ہے۔ اس سے پیدا ہونے والا ٹارک معلوم کیجیے۔

حل:

فورس = $F = 100\ N$

مومنٹ آرم = $L = 10cm = \frac{10}{100} = 0.1m$

ٹارک = $\tau = ?$



فارمولا

ٹارک = مومنٹ آرم × فورس

$$\tau = F \times L$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$\tau = 100 \times 0.1$$

$$\tau = 10\ Nm$$

پس پیدا ہونے والے ٹارک کی مقدار 10Nm ہے۔

4.5 ایک فورس کسی جسم پر x-ایکسز کے ساتھ 30° کا زاویہ بناتے ہوئے عمل کر رہی ہے۔ فورس کا x-کمپونینٹ 20N ہے۔ فورس معلوم کیجیے۔

حل:

x- کمپونینٹ = $F_x = 20N$

سمت = $\theta = 30^\circ$

فورس = $F = ?$

فارمولا

$$F_x = F\cos\theta$$

$$F = \frac{20}{\cos 30^\circ}$$

$$F = \frac{20}{0.866}$$

$$F = 23.1\ N$$

پس فورس کی مقدار 23.1 N ہے۔

4.6 کسی کار کے سٹیئرنگ وہیل کا ریڈیس 16cm ہے۔ 50N کے کپل سے پیدا ہونے والا ٹارک معلوم کیجیے۔

حل:



فورس = $F = 50N$

سٹیئرنگ وہیل کا ریڈیس = $r = 16cm$

عمودی فاصلہ = $AB = (16 + 16)cm$

$= 32\ cm = \frac{32}{100} = 0.32\ m$

فارمولا

کپل کا ٹارک = $F \times AB$

قیمتیں درج کرنے سے

$$\tau = 50 \times 0.32$$

$$\tau = 16\ Nm$$

پس ٹارک کی مقدار 16Nm ہے۔

4.7 ایک پکچر فریم عمودی ڈوریوں سے لٹک رہی ہے۔ ڈوریوں میں ٹینشن 3.8N اور 4.4N ہے۔ پکچر فریم کا وزن معلوم کیجیے۔

حل:

پہلی ڈوری میں ٹینشن = $T_1 = 3.8\ N$

دوسری ڈوری میں ٹینشن = $T_2 = 4.4N$

پکچر فریم کا وزن = $W = ?$



فارمولا

$$W = T_1 + T_2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$W = 3.8 + 4.4$$

$$W = 8.2\ N$$

پس پکچر فریم کا وزن 8.2N ہے۔

4.8 5kg اور 3kg کے دو بلاکس ڈوریوں سے لٹکائے گئے ہیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ ہر ایک ڈوری میں ٹینشن معلوم کیجیے۔

حل:

بلاک A کا ماس = 5 kg

بلاک B کا ماس = 3 kg

3kg سے منسلک ڈوری میں ٹینشن = $T_1 = ?$



Scanned with CamScanner

فارمولا

ڈوری میں ٹینشن اس سے منسلک جسم کے وزن کے برابر ہوتی ہے۔لہذا 3kg سے منسلک ڈوری میں ٹینشن کیلئے۔

$T_1 = W = mg$

$= 3 \times 10$

$= 30\ N$

5kg سے منسلک ڈوری میں ٹینشن معلوم کرنے کیلئے

$T_2 = W = mg$

$= 5 \times 10$

$T_2 = 50N$

کیونکہ اس کے ساتھ 3kg کا بلاک بھی 5kg سے منسلک ہے۔

$T_3 = T_1 + T_2$

$T_3 = 50 + 30$

$T_3 = 80N$

پس 3kg کے ساتھ منسلک ڈوری میں ٹینشن 30N اور 5kg بلاک کے ساتھ منسلک ڈوری میں ٹینشن 80N ہے۔

4.9 ایک نٹ 10cm لمبا سپینر استعمال کر کے 200N کی فورس سے کس دیا گیا ہے اسے 150N کی فورس سے ڈھیلا کرنے کے لیے کتنا لمبا سپینر درکار ہوگا؟

حل:

سپینر کی لمبائی $= L = 10cm$

$= \frac{10}{100} = 0.1m$

فورس $= F = 200\ N$



دوبارہ لگائی گئی فورس $= F_1 = 150N$

F_1 فورس کیلئے سپینر کی لمبائی $= L_1 = ?$

نٹ کو کسنے کے لیے ٹارک $= \tau = ?$

فارمولا

نٹ کو کسنے کیلئے ٹارک کی مقدار

متبادل

کسنے اور کھولنے کے لیے ٹارک کی مقدار برابر ہوگی لہٰذا

$\tau_1 = \tau$

$F_1 \times L_1 = F_2 \times L_2$

$\frac{F_1 \times L_1}{F_2} = L_2$

$\frac{200N \times .1m}{150N} = L_2$

$.133m = L_2$

$13.3cm = L_2$

$\tau = F \times L$

20Nm ٹارک کیلئے فورس

$\tau = F_1 \times L_1$

$L_1 = \frac{\tau}{F_1}$

$\tau = 200 \times 0.1$

$\tau = 20\ Nm$

20Nm ٹارک فورس کی مقدار

$\tau = F_1 \times L_1$

$L_1 = \frac{\tau}{F_1}$

قیمتیں درج کرنے سے

$L_1 = \frac{20}{150}$

$L_1 = 0.133 \times 100$

$L_1 = 13.3\ cm$

پس نٹ کو ڈھیلا کرنے کے لیے 13.3 cm لمبا سپینر درکار ہوگا۔

4.10 10 کلوگرام ماس کا ایک بلاک 1m لمبی سلاخ کے مرکز سے 20 cm کے فاصلے پر لٹکایا گیا ہے۔سلاخ کو اس کے سنٹر آف گریویٹی پر ایکوی لبریم میں لانے کے لیے اس کے دوسرے سرے پر کتنی فورس لگانے کی ضرورت ہے؟

حل:

سلاخ کی لمبائی $= L = 1m = 100\ cm$

بلاک کا ماس $= m = 10\ kg$

بلاک کا وزن $= W = 10 \times 10 = 100\ N$



بلاک کا سلاخ کے مرکز سے فاصلہ $= AC = 20\ cm$

$= \frac{20}{100} = 0.2m$

فورس کا مرکز سے فاصلہ $= BC = 50cm$

$= \frac{50}{100} = 0.5m$

فورس کی مقدار $= F = ?$

Formula used:

ایکوی لبریم کی دوسری شرط کے مطابق

اینٹی کلاک وائز ٹارک = کلاک وائز ٹارک

$F \times BC = W \times AC$

$F \times 0.5 = 100 \times 0.2$

$F = \frac{100 \times 0.2}{0.5}$

$F = 40\ N$

پس درکار فورس کی مقدار 40N ہوگی۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP-03406042418

باب	5	گریوی ٹیشن	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2013ء تا 2021ء

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 چاند کی سطح پر 'g' کی قیمت $1.6ms^{-2}$ ہے۔ چاند پر 100Kg کے ایک جسم کا وزن کیا ہوگا؟ (LHR-II,LHR-I,GUJ-II)

(A) 100N (B) 160N (C) 1000N (D) 1600N

.2 اجسام کے مراکز کے درمیانی فاصلہ کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

(A) فرکشنل فورس (B) سینٹری فیوگل فورس (C) سینٹری پیٹل فورس (D) گریوی ٹیشنل فورس

.3 زمین کا ریڈیس ہے۔ (DGK-II,LHR-II)

(A) 6.4×10^{6} m (B) 6.4×10^{6}km (C) 6×10^{24} m (D) 6.6×10^{7} m

.4 زمین اور چاند کے درمیان قریباً فاصلہ ہے۔ (LHR-I,FSD-II)

(A) 370,000 کلومیٹر (B) 380,000 کلومیٹر (C) 390,000 کلومیٹر (D) 480,000 کلومیٹر

.5 گلوبل پوزیشننگ سسٹم (G.P.S) کل کتنے سیٹلائٹس پر مشتمل ہے؟ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) 3 (B) 20 (C) 22 (D) 24

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

5.1	فورس آف گریوی ٹیشن، گریوی ٹیشن کا قانون، گریوی ٹیشن کا قانون اور نیوٹن کا موشن کا تیسرا قانون

.6 زمین کی گریوی ٹیشنل فورس _________ پر غائب ہو جاتی ہے۔ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) 6400 کلومیٹر (B) لامحدود فاصلہ (C) 42300 کلومیٹر (D) 1000 کلومیٹر

.7 گریوی ٹیشنل کونسٹنٹ 'G' کی قیمت ہے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

(A) $6.673\times10^{-11}\,Nm^2Kg^{-2}$ (B) $6.673\times10^{-13}\,Nm^2Kg^{-2}$

(C) $6.673\times10^{11}\,Nm^2Kg^{-2}$ (D) $6.673\times10^{13}\,Nm^2Kg^{-2}$

.8 'g' کی قیمت سطح زمین سے زمین کے ریڈیس کے برابر بلندی پر ہوتی ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) 2 g (B) $\frac{1}{2}g$ (C) $\frac{1}{3}g$ (D) $\frac{1}{4}g$

.9 گریویٹی کا تصور سب سے پہلے ______ نے پیش کیا: [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]

(A) آئن سٹائن (B) ہک (C) نیوٹن (D) گلیلیو

.10 گریوی ٹیشن کے قانون کے مطابق F برابر ہے: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) $G\frac{m_1m_2}{d^5}$ (B) $G\frac{m_1m_2}{d^4}$ (C) $G\frac{m_1m_2}{d^3}$ (D) $G\frac{m_1m_2}{d^2}$

5.2	زمین کا ماس

.11 زمین کا ماس ہے۔ (BWP-II,MLT-I,SWL-I)

(A) 6×10^{22}Kg (B) 6×10^{23}Kg (C) 6×10^{24}Kg (D) 6×10^{-24}Kg

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

12. زمین کے ماس کا فارمولا ہے: (LHR-II,DGK-II)

(A) $Me = \frac{Gg}{R^2}$ (B) $Me = \frac{R^2 g}{G}$ (C) $Me = \frac{R^2 G}{g}$ (D) $Me = \frac{G^2 g}{R^2}$

5.3	بلندی کے ساتھ g میں تبدیلی

13. چاند کی سطح پر "g" کی قیمت ہوتی ہے: [GUJ-I,SGD-II,MTN-II,RWP-I/II,DGK-II]

(A) $1.06ms^{-2}$ (B) $1.62ms^{-2}$ (C) $1.6ms^{-2}$ (D) $0.16ms^{-2}$

14. "g" کی قیمت بڑھتی ہے: [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) جسم کا ماس بڑھنے سے (B) بلندی بڑھنے سے (C) بلندی کم ہونے سے (D) جسم کا وزن بڑھنے سے

15. 1000 کلومیٹرز زمین کی سطح سے بلندی گریوی ٹیشنل ایکسلریشن کی قیمت: [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

(A) $3.7ms^{-2}$ (B) $7.3ms^{-2}$ (C) $37.3ms^{-2}$ (D) $9.8ms^{-2}$

16. سمندر کی سطح پر "g" کی قیمت پہاڑی کی نسبت ______ ہوتی ہے۔ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

(A) کم (B) زیادہ (C) برابر (D) آدھی

5.4	مصنوعی سیٹلائٹس

17. نچلے آربٹ کے سیٹلائٹ کی گردش کرنے کی سپیڈ ہوتی ہے: (BWP-II,DGK-II,SWL-I)

(A) صفر (B) $8ms^{-1}$ (C) $800ms^{-1}$ (D) $8000ms^{-1}$

18. چاند زمین کے گرد ایک چکر کتنے دنوں میں مکمل کرتا ہے؟ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

(A) 27.3 (B) 27.4 (C) 27.5 (D) 27.1

19. زمین کے لحاظ سے جیو سٹیشنری سیٹلائٹ کی ولاسٹی ہے: [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

(A) صفر (B) $8\ kms^{-1}$ (C) $80\ kms^{-1}$ (D) $800\ kms^{-1}$

جوابات

D	10	C	9	D	8	A	7	B	6	D	5	B	4	A	3	D	2	B	1
		A	19	A	18	D	17	B	16	B	15	C	14	B	13	B	12	C	11

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

1. ہم اپنے اردگرد گریوی ٹیشنل فورس کیوں محسوس نہیں کر سکتے؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: ہم اپنے اردگرد گریوی ٹیشنل فورس اس لیے محسوس نہیں کرتے کیوں کہ "G" کی قیمت انتہائی کم ہے جو کہ $6.673 \times 10^{-11} Nm^2kg^{-2}$ اور یہ ہر جگہ ایک ہی رہتی ہے۔

2. گریوی ٹیشنل کونسٹنٹ کی تعریف کیجئے۔ (SRG-I,FSD-II)

جواب: "کائنات کا ہر جسم دوسرے جسم کو اپنی طرف ایک ایسی فورس سے کھینچتا ہے جو ان کے ماسز کے حاصلِ ضرب کے ڈائریکٹلی پروپورشنل اور ان کے درمیانی فاصلے کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔" G ایک کونسٹنٹ ہے جسے یونیورسل گریوی ٹیشنل کونسٹنٹ کہتے ہیں۔ SI یونٹس میں اس کی قیمت $6.673 \times 10^{-11} Nm^2kg^{-2}$ اور یہ ہر جگہ ایک ہی رہتی ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم-گھر WHTSAPP 03406042418

3. مصنوعی سیلائٹس کیا ہیں؟ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: کوئی جسم جو کسی سیارے کے گرد گھومتا ہے وہ سیلائٹ کہلاتا ہے۔ سائنس دانوں نے بے شمار سیلائٹس خلا میں بھیجے ہیں۔ ان میں سے کچھ زمین کے گرد گھومتے ہیں انہیں مصنوعی سیارے یا مصنوعی سیلائٹس کہتے ہیں۔ بہت سے زمین کے گرد گھومنے والے مصنوعی سیلائٹس کمیونیکیشن کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ مصنوعی سیلائٹس پر جا کر سائنس دان خلا میں تجربات کرتے ہیں۔

4. جیو سٹیشنری سیلائٹ زمین سے کتنی بلندی پر ہے اور زمین کے لحاظ سے اس کی سپیڈ کتنی ہے؟ (DGK-II,FSD-I,MLT-II)

جواب: جیو سٹیشنری سیلائٹ کی زمین سے بلندی تقریباً 42,300 کلومیٹر ہے۔ زمین کے لحاظ سے اس کی سپیڈ صفر ہے۔

5. کسی سیلائٹ کی زمین کے گرد گردش کن چیزوں پر منحصر ہوتی ہے؟ (SRG-II,SWL-II)

جواب: چونکہ: $v_o \sqrt{gR}$ لہٰذا گردش کا انحصار:

(1) گریوی ٹیشنل ایکسلریشن پر (2) آربٹ کے رداس پر

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

5.1 فورس آف گریوی ٹیشن، گریوی ٹیشن کا قانون، گریوی ٹیشن کا قانون اور نیوٹن کا موشن کا تیسرا قانون

6. نیوٹن کا گریوی ٹیشن کا قانون بیان کیجئے۔ [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]

جواب: ''کائنات کا ہر جسم دوسرے جسم کو اپنی طرف ایک ایسی فورس سے کھینچتا ہے جو ان کے ماسز کے حاصلِ ضرب کے ڈائریکٹلی پروپورشنل اور ان کے درمیانی فاصلے کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔''

$$F \propto m_1 m_2$$

$$F \propto \frac{1}{d^2}$$

$$F \propto \frac{m_1 m_2}{d^2}$$

$$F = G\frac{m_1 m_2}{d^2}$$

G ایک کونسٹنٹ ہے جسے یونیورسل گریوی ٹیشنل کونسٹنٹ کہتے ہیں۔ SI یونٹس میں اس کی قیمت $6.673 \times 10^{-11} Nm^2kg^{-2}$ اور یہ ہر جگہ ایک ہی رہتی ہے۔

7. ایک جسم کا وزن 147N ہے۔ اس کا ماس معلوم کیجئے۔ (g کی قیمت $10ms^{-2}$ ہے)۔ (LHR-II,DGK-II)

جواب:

جسم کا وزن $= W = 147N$

$g = 10ms^{-2}$

ماس $= m = ?$

$w = mg$

$m = w/g$

$$m = \frac{147N}{10ms^{-2}} = 14.7\,kg$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP 03406042418

8. فورس آف گریوی ٹیشن سے کیا مراد ہے؟ (LHR-II,DGK-II)

جواب: نیوٹن اپنے مشاہدات کی بنیاد پر اس نتیجے پر پہنچا کہ وہ فورس جو سیب کے زمین پر گرنے کا باعث بنی اور وہ فورس جو چاند کو اس کے آربٹ میں رکھتی ہے، ان کی نوعیت ایک ہی ہے۔ اس نے مزید یہ نتیجہ بھی نکالا کہ کائنات میں ایک ایسی فورس موجود ہے جس کے باعث ہر جسم ہر دوسرے جسم کو اپنی جانب کھینچتا ہے۔ اس نے اس فورس کو فورس آف گریوی ٹیشن کا نام دیا ہے۔

$$F = G\frac{m_1 m_2}{d^2}$$

9. گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) سیٹلائٹس کا ایک نیوی گیشن سسٹم ہے۔ یہ سسٹم کسی جسم کی زمین پر کسی بھی جگہ پر، سطح پر یا ہوا میں درست پوزیشن کو معلوم کرنے کے لیے ہماری مدد کرتا ہے۔ GPS کل 24 سیٹلائٹس پر مشتمل ہے۔ یہ سیٹلائٹس دن میں دو مرتبہ زمین کے گرد $3.87kms^{-1}$ کی سپیڈ سے گردش کرتے ہیں۔

10. G سے کیا مراد ہے؟ SI سسٹم میں اس کی قیمت تحریر کیجئے۔ [LHR-II,FSD-I,GUJ-I/II,DGK-II,MTN-I/II,SWL-II]

جواب: 'G' سے مراد گریوی ٹیشنل کونسٹنٹ ہے۔ سسٹم انٹرنیشنل میں اس کی قیمت $6.673\times10^{-11}Nm^2kg^{-2}$

11. آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ گریوی ٹیشنل فورس ایک فیلڈ فورس ہے؟ [RWP-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: اگر ہم ایک گیند ا ہوا میں اچھالیں تو اسکی سپیڈ کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ اور جیسے ہی یہ گیند زمین کی طرف واپس لوٹتی ہے تو اسکی سپیڈ بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔ اسکی سپیڈ میں اضافہ گریوی ٹیشنل فورس کی وجہ سے ہے۔ لہذا یہ ایک فیلڈ فورس ہے کیونکہ یہ ہر وقت کسی جسم پر عمل کرتی رہتی ہے خواہ وہ جسم اس سے متصل ہو یا نہ ہو۔

5.2 زمین کا ماس

12. زمین کا ماس معلوم کرنے کا فارمولا لکھیے۔ نیز اس کی قیمت تحریر کیجئے۔ (GUJ-II,FSD-I,DGK-II)

$$M_e = \frac{R^2 g}{G}$$

جبکہ R = زمین کا ریڈیس

G = گریوی ٹیشنل ایکسلریشن

$R = 6.4\times10^6 m$

$g = 10m/s^2$

$G = 6.673\times10^{-11}Nm^2Kg^{-2}$

پس $$M_e = \frac{(6.4\times10^6 m)^2\times10ms^{-2}}{6.673\times10^{-11}Nm^2kg^{-2}}$$

$$M_e = 6.0\times10^{24}Kg$$

13. زمین کے ماس کی تعریف کریں۔ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: زمین میں موجود مادہ کی مقدار زمین کا ماس کہلاتا ہے۔ اس کی قیمت 6×10^{24} ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

5.3 بلندی کے ساتھ g میں تبدیلی

.14 g کی قیمت کا زمین کے ریڈیس سے تعلق بیان کیجیے۔ [FSD-II,DGK-I,SWL-I/II]

جواب: ہم جانتے ہیں کہ:

$$g = \frac{GM_e}{R^2}$$

اس تعلق سے g زمین کے ریڈیس (R) کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہے۔

.15 سورج اور مریخ پر "g" کی قیمت کیا ہے؟ [DGK-II,MTN-I,SGD-I/II,BWP-I]

جواب: سورج پر g کی قیمت $274.2ms^{-2}$ ہے۔

مریخ پر g کی قیمت $3.73ms^{-2}$ ہے۔

.16 ایک سیب جس کا وزن 1 نیوٹن ہے۔ زمین کو کتنی فورس سے کھینچتا ہے؟ [BWP-II,MTN-I,SWL-II,DGK-I]

جواب: نیوٹن کے موشن کے تیسرے قانون کے مطابق "ہر ایکشن کا ایک ری ایکشن ہوتا ہے مگر سمت میں مخالف"۔ اس لیے، سیب زمین کو اپنے وزن کے برابر قوت سے کشش کرے گا۔ پس

$$\therefore W = 1N \qquad F = W$$

$$F = 1N$$

5.4 مصنوعی سیٹلائٹس

.17 مصنوعی سیٹلائٹ کی آربٹل سپیڈ معلوم کرنے کا فارمولا لکھیے۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]

جواب: فرض کریں ایک سیٹلائٹ جس کا ماس m ہے زمین سے h بلندی پر ایک آربٹ میں جس کا ریڈیس r_o ہے v_o سپیڈ سے گردش کر رہا ہے۔ اس کو درکار ضروری سینٹری پیٹل فورس ہے۔

$$F_c = mv_o^2 / r_o$$

یہ فورس سیٹلائٹ اور زمین کے درمیان گریویٹیشنل فورس کی کشش مہیا کرتی ہے جو سیٹلائٹ کے وزن w (mg_h) کے مساوی ہے۔ پس

$$F_c = W = mg_h$$

یا

$$mg_h = \frac{mv_o^2}{r_o}$$

$$v_o^2 = g_h r_o$$

$$v_o = \sqrt{g_h r_o}$$

چونکہ

$$r_o = R + h$$

اس طرح

$$v_o = \sqrt{g_h (R + h)}$$

.18 قدرتی سیٹلائٹ کیا ہیں؟ (LHR-I,FSD-II)

جواب: وہ اجسام جو سیاروں کے گرد گردش کرتے ہیں قدرتی سیٹلائٹ کہلاتے ہیں۔ چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔ پس چاند زمین کا قدرتی سیٹلائٹ ہے۔

.19 گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: گلوبل پوزیشننگ سسٹم (GPS) سیٹلائٹس کا ایک نیوی گیشن سسٹم ہے۔ یہ سسٹم کسی جسم کی زمین پر کسی بھی جگہ پر، سطح پر یا ہوا میں درست پوزیشن کو معلوم کرنے کے لیے ہماری مدد کرتا ہے۔ GPS کل 24 سیٹلائٹس پر مشتمل ہے۔ یہ سیٹلائٹس دن میں دو مرتبہ زمین کے گرد $3.87kms^{-1}$ کی سپیڈ سے گردش کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999- تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

.20 ہم اپنے اردگرد گریویٹیشنل فورس کیوں محسوس نہیں کر سکتے؟ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: ہم اپنے اردگرد گریویٹیشنل فورس اس لیے محسوس نہیں کرتے کیوں کہ "G" کی قیمت انتہائی کم ہے جو کہ $6.673\times10^{-11}Nm^2kg^{-2}$ اور یہ ہر جگہ ایک ہی رہتی ہے۔

.21 کمیونیکیشن سیٹلائٹ سے کیا مراد ہے؟ (RWP-II,LHR-I)

جواب: زمین کے گرد گھومنے والے مصنوعی سیٹلائٹس جو کمیونیکیشن کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ کمیونیکیشن سیٹلائٹس کہلاتے ہیں۔

.22 مصنوعی سیٹلائٹس کے دو استعمالات بیان کیجئے۔ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: (i) زمین کے گرد گھومنے والے مصنوعی سیٹلائٹس کمیونیکیشن (Communication) کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

(ii) مصنوعی سیٹلائٹس پر جا کر سائنسدان خلا میں تجربات کرتے ہیں۔

.23 کمیونیکیشن سیٹلائٹس زمین کے لحاظ سے ساکن کیوں نظر آتے ہیں؟ [DGK-II,SGD-I,MTN-II,RWP-I]

جواب: کمیونیکیشن سیٹلائٹس زمین کے لحاظ کے گرد اپنی گردش 24 گھنٹوں میں مکمل کرتے ہیں۔ چونکہ زمین بھی اپنے ایکسز کے گرد 24 گھنٹے میں ایک چکر مکمل کرتی ہے، اس لیے کمیونیکیشن سیٹلائٹس زمین کے لحاظ سے ساکن نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے سیٹلائٹس کا آربٹ جیوسٹیشنری آربٹ کہلاتا ہے۔

.24 کمیونیکیشن سیٹلائٹ جیوسٹیشنری آربٹ میں کیوں بھیجے جاتے ہیں؟ [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: کمیونیکیشن سیٹلائٹس جیوسٹیشنری آربٹ میں اس لئے بھیجے جاتے ہیں تاکہ یہ زمین کے ایک حصے سے سگنلز کو وصول کر کے کسی دوسرے حصے میں بھیج سکیں۔

.25 مصنوعی اور قدرتی سیٹلائٹس میں کیا فرق ہے؟ (GUJ-II,FSD-I,DGK-II)

جواب: مصنوعی سیٹلائٹس: ایسے سیٹلائٹس جو سائنس دانوں نے تیار کیے اور خلاء میں بھیجے جو مخصوص مداروں میں گردش کرتے ہیں مصنوعی سیٹلائٹس کہلاتے ہیں۔

قدرتی سیٹلائٹس: ایسے سیٹلائٹس جو قدرتی طور پر کسی سیارے کے گرد گردش کر رہے ہیں قدرتی سیٹلائٹس کہلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر چاند زمین کا قدرتی سیٹلائٹ ہے۔

.26 کس مقصد کے لیے مصنوعی سیاروں کو خلا میں بھیجا جاتا ہے؟ [LHR-II,GUJ-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: سائنس دانوں نے بے شمار سیٹلائٹس خلا میں بھیجے ہیں ان میں سے کچھ زمین کے گرد گھومتے ہیں انہیں مصنوعی سیارے کہتے ہیں۔ یہ مصنوعی سیارے سیٹلائٹس کمیونیکیشن کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ان پر جا کر سائنسدان خلا میں تجربات بھی کرتے ہیں۔

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: نیوٹن کا لاء آف گریویٹیشن بیان کریں اور اس کا حسابی فارمولا لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: نیوٹن کا لاء آف گریویٹیشن (Newton Law of Gravitation)



نیوٹن نے کئی مرتبہ تجربات کر کے فورس آف گریویٹیشن کے بارے میں کچھ نتائج اخذ کیے۔ جس کو ایک قانون کی شکل میں بیان کیا۔ اس کو نیوٹن کا قانون برائے گریویٹیشن کہتے ہیں۔ جس کا بیان مندرجہ ذیل ہے۔

کائنات میں ہر دو اجسام کے درمیان کشش کی فورس موجود ہے۔

اس قانون کے مطابق

$$F_1 = F_2 = G\frac{m_1\times m_2}{r^2}$$

"کائنات کا ہر جسم دوسرے جسم کو اپنی طرف ایک ایسی فورس سے کھینچتا ہے جو ان کے ماسز کے ڈائریکٹلی پروپورشنل اور ان کے درمیانی فاصلے کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔"

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/10207917526999-تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

فرض کیا دو اجسام A اور B بالترتیب m_1 اور m_2 ماسز کے ہیں۔ جن کے مراکز کے درمیان d فاصلہ ہے۔
جس کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں۔

(1) یہ فورس دونوں اجسام کے ماس کے حاصل ضرب (Product) کے ڈائریکٹلی پروپورشنل ہوتی ہے۔ یا پھر

$$F \propto m_1 m_2$$

(2) یہ فورس دونوں اجسام کے درمیانی فاصلہ کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔ یا پھر

$$F \propto \frac{1}{d^2}$$

$$F \propto \frac{m_1 m_2}{d^2}$$

$$F = (\text{Constant})\ \frac{m_1 m_2}{d^2}$$

اس (Constant) کو G سے ظاہر کیا جاتا ہے اور اس کو یونیورسل گریویٹیشنل کونسٹنٹ کہتے ہیں۔
اس لئے اوپر لکھی گئی مساوات مندرجہ ذیل شکل میں لکھ سکتے ہیں۔

$$F = G\frac{m_1 m_2}{d^2}$$

اس کو نیوٹن کا لاء آف گریویٹیشن کی حسابی شکل کہتے ہیں۔ اگر دو اجسام کے ماسز ایک ایک کلوگرام کے برابر ہوں۔ اور وہ ایک دوسرے سے ایک میٹر کے فاصلہ پر ہوں۔ تو ان کے درمیان کشش کی فورس اوپر لکھے گئے فارمولا کے مطابق یہ آتی ہے۔

$$F = G$$

گریویٹیشنل کونسٹنٹ (G)

اس مساوات میں G ایک کونسٹنٹ ہے۔ جس کو گریویٹیشنل کونسٹنٹ کہتے ہیں۔
اگر d=1m اور $m_1 = m_2 = 1\text{kg}$ تو F = G کے یعنی G وہ فورس ہوتی ہے جو ایک کلوگرام والے ماس کا جسم ایک میٹر فاصلے پر موجود دوسرے ایک کلوگرام والے جسم پر لگاتا ہے۔ سسٹم انٹرنیشنل میں $G = 6.67\times10^{-11}\ \text{Nm}^2\text{Kg}^{-2}$ گریویٹیشنل فورس عام طور پر بہت کم ہونے کی وجہ سے ہم اسے اپنے اردگرد موجود اجسام میں محسوس نہیں کرتے۔

اگر دو اجسام میں سے کسی ایک کا ماس بہت زیادہ ہو تو پھر گریویٹیشنل فورس کا آسانی سے مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام اجسام زمین کی طرف گرتے ہیں کیونکہ زمین کا ماس، بہت زیادہ ہے۔ اسی کشش کی وجہ سے زمین پر اجسام کا وزن ہوتا ہے۔

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ گریویٹیشنل کونسٹنٹ اس فورس کے برابر ہوتا ہے جو ایک کلوگرام کے دو ماس کے درمیان اس وقت ہوگی۔ جب یہ ایک دوسرے سے ایک میٹر دور رکھے گئے ہوں۔ اس کی قیمت 6.67×10^{-11} اور اس کا یونٹ $(\text{Nm}^2\text{Kg}^{-2})$ ہے۔

سوال نمبر 2: اگر $G = 6.673\times10^{11}\text{Nm}^2\text{kg}^{-2}$، $R = 6.4\times10^6\text{m}$ اور $g = 10\text{ms}^{-2}$ ہو تو زمین کا ماس معلوم کریں؟ **RWP-G2**

حل: دیا گیا ڈیٹا:

$$R = 6.4\times10^6\text{m}$$

$$G = 6.673\times10^{-11}\text{Nm}^2\text{kg}^{-2}$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

$g = 10ms^{-2}$

مطلوبہ معلومات: $M_e = ?$

فارمولا: $M_e = \frac{R^2 g}{G}$

$$M_e = \frac{(6.4\times10^6 m)^2 \times 10ms^{-2}}{6.673\times10^{-11} Nm^2kg^{-2}}$$

$$M_e = \frac{(6.4)^2 \times (10^6)^2 \times 10}{6.673\times10^{-11}}$$

$$M_e = \frac{40.96\times10^{12}\times10}{6.673\times10^{-11}}$$

$$M_e = 6\times10^{12+1+11}$$

$$M_e = 6\times10^{24} kg$$

پس، زمین کا ماس 6×10^{24} kg ہے۔

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

5.1 دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) زمین کی گریوی ٹیشنل فورس غائب ہو جاتی ہے۔

(a) 6400 km پر (b) لامحدود فاصلہ پر (c) 42300 km پر (d) 41000 km پر

(ii) g کی قیمت بڑھتی ہے۔

(a) جسم کا ماس بڑھنے سے (b) بلندی بڑھنے سے (c) بلندی کم ہونے سے (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(iii) g کی قیمت سطح زمین سے زمین کے ریڈیس کے مساوی بلندی پر ہوتی ہے۔

(a) 2 g (b) ½ g (c) $\frac{1}{3}$g (d) ¼ g

(iv) چاند کی سطح پر g کی قیمت $1.6ms^{-2}$ ہے۔ چاند پر 100 kg کے ایک جسم کا وزن ہوگا۔

(a) 100 N (b) 160 N (c) 1000 N (d) 1600 N

(v) جیوسٹیشنری آربٹ جن میں کمیونیکیشن سیٹلائٹ گردش کرتے ہیں ان کی بلندی سطح زمین سے ہوتی ہے۔

(a) 850 km (b) 1000 km (c) 6,400 km (d) 42,300 km

(vi) نچلے آربٹ کے سیٹلائٹ کی گردش کرنے کی سپیڈ ہوتی ہے۔

(a) صفر (b) $8ms^{-1}$ (c) $800ms^{-1}$ (d) $8000ms^{-1}$

جوابات

i	b	ii	c	iii	d	iv	b	v	d
vi	d								

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر- WHTSAPP:03406042418

مثالیں

مثال 5.1: دو لیڈ کے گولے جن میں سے ہر ایک کا ماس 1000kg ہے ایک دوسرے کے مرکز سے 1m کے فاصلے پر رکھے گئے ہیں۔ان کے درمیان گریوی ٹیشنل فورس معلوم کریں، جس سے وہ ایک دوسرے کو کھینچتے ہیں۔

حل:

$m_1 = 1000kg$

$m_2 = 1000kg$

$d = 1m,\ G = 6.673\times10^{-11}Nm^2Kg^{-2}$

چونکہ $F = G\dfrac{m_1m_2}{d^2}$

قیمتیں درج کرنے سے

$$G = 6.673\times10^{-11}Nm^2Kg^{-2}\times\frac{1000kg\times1000kg}{(1m)^2}$$

$F = 6.673\times10^{-5}N$

پس لیڈ کے گولوں کے درمیان گریوی ٹیشنل فورس $6.673\times10^{-5}N$ ہے۔

مثال: 1000 کلومیٹر کی بلندی پر گریوی ٹیشنل ایکسلریشن g کی قیمت معلوم کیجئے۔زمین کا ماس $6\times10^{24}kg$ اور زمین کا ریڈیس 6400km ہے۔

حل:

$R = 6400\ km$

$h = 1000km$

$M_e = 6.0\times10^{24}kg$

$g_h = ,G = 6.673\times10^{-11}Nm^2Kg^{-2}$

$R+h = \Rightarrow 7400\times1000$

6400km +1000km=7400 km

$= 7.4\times10^6 m = 7.400000$

$g_h = G\times\dfrac{m_e}{(R+h)^2} = 7.4\times10^6 m$

$$g_h = \frac{6.673\times10^{-11}Nm^2kg^{-2}\times6.0\times10^{24}kg}{(7.4\times10^6 m)^2}$$

$= 7.3kg^{-1} = 7.3ms^{-2}$

پس گریوی ٹیشنل ایکسلریشن g کی قیمت 1000km کی بلندی پر $7.3ms^{-2}$ ہوگی۔

نمیریکلز

مندرجہ ذیل تجربہ ثابت کرتا ہے۔ کہ واقعی ایٹما سفیرک پریشر موجود ہوتا ہے۔ ایک ڈھکن خوب مضبوطی سے لگا کر اس کے اوپر ٹھنڈا پانی ڈالیں۔ جب واٹر ویپرز ٹھنڈے ہو کر پانی میں تبدیل ہوں گے تو ٹن کے اندر پریشر اردگرد میں موجود ایٹما سفیرک پریشر سے کم ہو جائے گا۔ تو اس کی وجہ سے ٹن ہر طرف پچک جائے گا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایٹما سفیرک پریشر ہر سائڈ پر برابر موجود ہے جو کہ ٹن کو ہر طرف سے پچکا دیتا ہے۔

سوال نمبر 2: ارشمیدس کا اصول بیان کریں۔ [LHR-I/II,FSD-II,SGD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: ارشمیدس کا اصول (Archimedes Principle)



جب کسی لکڑی کی چیز کو پانی کے اندر دبایا جائے تو وہ سطح کی طرف اچھال محسوس کرتی ہے۔ اس کا نظریہ ارشمیدس نے اپنے بیان کردہ اصول میں یوں کیا۔ کہ

"جب کسی چیز کو مائع کے اندر رکھا جائے تو اس کے رکھنے پر مائع کی جو مقدار اپنی جگہ سے ہٹتی ہے۔ اس کے وزن کے برابر چیز کو اچھال کی فورس محسوس ہوتی ہے۔"

اگر اچھال کی فورس چیز کے وزن سے زیادہ ہو تو چیز مائع کی سطح پر تیرتی ہے۔

"اگر اچھال کی فورس رکھی جانے والی چیز کے وزن سے کم ہو تو چیز مائع کے اندر ڈوب جاتی ہے۔"

ایک سلنڈر کا ایریا آف کراس سیکشن A اور اس کی لمبائی h= سے ظاہر کریں تو اس کا والیوم = (A x h)

اس سلنڈر کو پانی میں ڈبو دیا جائے تو اس سلنڈر کی نچلی سطح سے پانی کی سطح کی بلندی کو h_1 اور سلنڈر کے اوپر کی سطح سے پانی کی بلندی کو h_2 سے ظاہر کریں تو

$$h = h_2 - h_1$$

اگر مائع کا پریشر پانی میں ڈبوئے ہوئے سلنڈر کی نیچے والی سطح پر P_2 اور اس کی اوپر والی سطح پر پریشر P_1 سے ظاہر کرنے پر لکھا جا سکتا ہے۔

$$P_1 = \rho g h_1$$
$$P_2 = \rho g h_2$$

اس کا استعمال کرتے ہوئے فورس کی قیمت لکھی جا سکتی ہے۔

$$F_1 = P_1 A = \rho g h_1 A$$
$$F_2 = P_2 A = \rho g h_2 A$$
$$F_2 - F_1 = \rho g h_2 A - \rho g h_1 A$$
$$(F_2 - F_1) = \rho g (h_2 - h_1) A$$

$(F_2 - F_1)$ برابر ہے اچھال کی فورس:

اچھال کی فورس $= F_2 - F_1$

$= \rho g (h_2 - h_1) A$

$= \rho g (h) A$

$= \rho g (V)$

یہاں $V = Ah$ (والیوم)۔ یہ مائع کا وہ والیوم ہے جو سلنڈر کے رکھے جانے کی وجہ سے ہٹایا گیا ہے۔ اسی وجہ سے

اچھال کی فورس $= \rho g (V)$

ثابت ہوا کہ اچھال کی فورس ہٹائے جانے والے مائع کے وزن کے برابر ہے۔ یہی ارشمیدس کا اصول ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHATSAPP:03406042418

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

7.1 دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) مادہ کی کون سی حالت میں مالیکیولز اپنی پوزیشن نہیں چھوڑتے؟

(a) ٹھوس (b) مائع (c) گیس (d) پلازما

(ii) کون سی شے (دھات) سب سے ہلکی ہے؟

(a) کاپر (b) مرکری (c) ایلومینیم (d) سیسہ

(iii) سسٹم انٹرنیشنل میں پریشر کا یونٹ پاسکل ہے اور ایک پاسکل برابر ہوتا ہے:

(a) $10^4 Nm^{-2}$ (b) $1 Nm^{-2}$ (c) $10^2 Nm^{-2}$ (d) $10^3 Nm^{-2}$

(iv) پانی کا بیرومیٹر بنانے کے لیے شیشے کی ٹیوب کی لمبائی اندازاً کتنی ہونی چاہیے؟

(a) 0.5m (b) 1m (c) 2.5m (d) 11m

(v) ارشمیدس کے اصول کے مطابق اچھال کی فورس برابر ہوتی ہے:

(a) ہٹ جانے والے مائع کے وزن کے برابر (b) ہٹ جانے والے مائع کے والیوم کے برابر
(c) ہٹ جانے والے مائع کے ماس کے برابر (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(vi) کسی شے کی ڈینسٹی معلوم کی جا سکتی ہے۔

(a) پاسکل کے قانون کی مدد سے (b) ہک کے قانون کی مدد سے
(c) ارشمیدس کے اصول کی مدد سے (d) تیرنے کے اصول کی مدد سے

(vii) ہک کے قانون کے مطابق:

(a) سٹرین × سٹریس = کونسٹنٹ (b) سٹرین/سٹریس = کونسٹنٹ
(c) سٹریس/سٹرین = کونسٹنٹ (d) سٹریس = سٹرین

نیچے دیے گئے کسی سپرنگ کے فورس-ایکسٹینشن گراف کو ایک ہی سکیل پر بنایا گیا ہے۔



(viii) کون سے گراف پر ہک کا قانون لاگو نہیں ہوتا



(ix) کون سے گراف میں سپرنگ کونسٹنٹ کی قیمت سب سے کم ہے۔



(x) کون سے گراف میں سپرنگ کونسٹنٹ کی قیمت سب سے زیادہ ہے۔



جوابات

a	v	d	iv	b	iii	c	ii	a	i
a	x	d	ix	c	viii	b	vii	c	vi

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

مثالیں

مثال 7.1: ایک $200cm^3$ والیوم کے پتھر کا ماس 500g ہے۔ اس کی ڈینسٹی معلوم کریں۔

حل:

$m = 500$

$V = 200cm^3$

ڈینسٹی = ماس / والیوم

$= \frac{500g}{200cm^3} = 2.5gcm^{-3}$

مثال 7.2: ایک ہائیڈرولک پریس میں 100N کی فورس ایک پمپ کے پسٹن پر لگائی جاتی ہے جس کا کراس سیکشنل ایریا $0.01m^2$ ہے۔ زیادہ کراس سیکشنل ایریا $1m^2$ کے پسٹن پر رکھی گئی گیاس کی گانٹھ کو دبانے والی فورس معلوم کریں۔

حل:

$F_1 = 1000\ N$

$a = 0.01m^2$

$A = 1m^2$

$P = \frac{F_1}{a}$

$= \frac{100\ N}{0.01m^2}$

$= 10000Nm^{-2}$

پاسکل کے قانون کے مطابق:

$F_2 = PA$

$= 10000Nm^{-2} \times 1m^2$

$= 10,000\ N$

ہائیڈرولک پریس گانٹھ کو 10000N کی فورس سے دبائے گا۔

مثال: 1 میٹر لمبی سٹیل کی تار کے $5\times10^{-5}m^2$ کراس سیکشنل ایریا پر 10,000 N فورس لگانے سے اس کی لمبائی میں 1 mm کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

حل:

فورس $F = 10,000N$

لمبائی $L_o = 1m$

لمبائی میں اضافہ $\Delta L = 1mm = 0.001m$

کراس سیکشن ایریا $A = 5\times10^{-5}m^2$

چونکہ $Y = \frac{FL^o}{A\Delta L}$

اس لیے $Y = \frac{10000N\times1m}{5\times10^{-5}m^2\times0.001m}$

$Y = 2\times10^{11}Nm^{-2}$

پس سٹیل کی تار کا ینگ موڈولس $2\times10^{11}Nm^{-2}$ ہے۔

نمیریکلز

7.1 $40cm\times10cm\times5cm$ پیمائش کے ایک لکڑی کے ٹکڑے کا ماس 850 g ہے۔ لکڑی کی ڈینسٹی معلوم کریں۔

حل:۔

لکڑی کے ٹکڑے کی پیمائش = 40 cm × 10 × cm × 5 cm

لکڑی کے ٹکڑے کا والیوم $= \frac{40}{100}m\times\frac{10}{100}m\times\frac{5}{100}m$

$= 0.4m \times 0.1\ m \times 0.05m$

$= 0.002m^3$

= 850 g

$= \frac{850}{100} = 0.85\ kg$

$= \rho = ?$

فارمولا

ڈینسٹی = ماس / والیوم

$\rho = \frac{m}{v}$

قیمتیں درج کرنے سے

$\rho = \frac{0.85}{0.002} = 425kgm^{-3}$

پس لکڑی کے ٹکڑے کی ڈینسٹی $425kgm^{-3}$ ہو گی۔

7.2 1 لیٹر پانی جمانے پر بننے والی برف کا والیوم کتنا ہو گا؟

حل:۔

4°C پر پانی کا والیوم = 1 litre

پانی کا ماس = m = 1 kg

برف کی ڈینسٹی = P = 0.92kg/liter

برف کا والیوم = v = ?

فارمولا

والیوم = ماس / ڈینسٹی

$v = \frac{m}{\rho}$

قیمتیں درج کرنے سے

$v = \frac{1}{0.92}$

= 1.087

v = 1.09 liter

پس برف کا والیوم 1.09 لیٹر ہو گا۔

7.3 درج ذیل اجسام کا والیوم معلوم کریں۔

(i) 5 کلوگرام ماس کے لوہے کے گولے کا جبکہ لوہے کی ڈینسٹی $8200kgm^{-3}$ ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

(ii) 200 گرام لیڈ کے چھرے کا جس کی ڈینسٹی $11300 kgm^{-3}$ ہے۔

(iii) 0.2 کلوگرام ماس کی سونے کی سلاخ کا جبکہ سونے کی ڈینسٹی $8200 kgm^{-3}$ ہے۔

(i) 5 کلوگرام ماس کے لوہے کے گولے کا جبکہ لوہے کی ڈینسٹی $8200 kgm^{-3}$ ہے۔

حل:۔

لوہے کے گولے کا ماس $= m = 5 kg$

لوہے کے گولے کی ڈینسٹی $= \rho = 8200 kgm^{-3}$

لوہے کے ٹکڑے کا والیوم $= v = ?$

فارمولا

$$v = \frac{m}{\rho}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$v = \frac{5}{8200}$$

$$v = 6.09 \times 10^{-4} m^3$$

$$v = 6.1 \times 10^{-4} m^3$$

پس والیوم $6.1 \times 10^{-4} m^3$ ہوگا۔

(ii) 200 گرام لیڈ کے چھرے کا جس کی ڈینسٹی $11300 kgm^{-3}$ ہے۔

حل:۔

لیڈ کے چھرے کا ماس $= m = 200g$

$$= \frac{200}{1000} = 0.2 kg$$

چھرے کی ڈینسٹی $= \rho = 11300 kgm^{-3}$

چھرے کا والیوم $v = ?$

فارمولا

$$v = \frac{m}{\rho}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$v = \frac{0.2}{11300} = 1.77 \times 10^{-5} m$$

پس والیوم $1.77 \times 10^{-5} m$ ہوگا۔

(iii) 0.2 کلوگرام ماس کی سونے کی سلاخ کا جبکہ سونے کی ڈینسٹی $8200 kgm^{-3}$ ہے۔

حل:۔

سونے کی سلاخ کا ماس $= m = 0.2 kg$

سونے کی سلاخ کی ڈینسٹی $= \rho = 19300 kgm^{-3}$

سونے کی سلاخ کا والیوم $= v = ?$

فارمولا

$$v = \frac{m}{\rho}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$v = \frac{0.2}{19300}$$

$$v = 0.0000104$$

$$= 1.04 \times 10^{-5} m^3$$

پس والیوم $1.04 \times 10^{-5} m^3$ ہوگا۔

7.4 ہوا کی ڈینسٹی $1.3 kgm^{-3}$ ہے۔ $8m \times 5m \times 4m$ پیمائش کے کمرے میں موجود ہوا کا ماس معلوم کریں۔

حل:۔

ہوا کی ڈینسٹی $= \rho = 1.3 kgm^{-3}$

کمرے کی پیمائش $= v = 8m \times 5m \times 4m$

کمرے میں ہوا کا والیوم $= v = 160 m^3$

کمرے میں موجود ہوا کا ماس $= m = ?$

فارمولا

$$m = \rho \times v$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$m = 160 \times 1.3$$

$$m = 208 kg$$

پس ہوا کا ماس 208 kg ہوگا۔

7.5 ایک طالب علم اپنے انگوٹھے سے 75 N کی فورس لگا کر اپنی ہتھیلی کو دباتا ہے۔ اس کے انگوٹھے کے نیچے $1.5 cm^2$ کے ایریا پر لگنے والا پریشر کتنا ہوگا؟

حل:۔

فورس $= F = 75 N$

ایریا $= A = 1.5 cm^2$

$$= 1.5 \times \frac{1}{100} \times \frac{1}{100}$$

$$= 0.00015 m^2$$

پریشر $= P = ?$

فارمولا

$$\text{پریشر} = \frac{\text{فورس}}{\text{ایریا}}$$

$$P = \frac{F}{A}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$P = \frac{75}{0.00015}$$

$$P = 500000 Nm^{-2}$$

$$P = 5 \times 10^5 Nm^{-2}$$

$$P = 5 \times 10^5 Pa$$

پس اس ایریا پر لگنے والا پریشر $5 \times 10^5 Pa$ ہوگا۔

7.6 ایک پن کا بالائی سرا مربع نما ہے، جس کی ایک سائیڈ 10 mm ہے۔ اس پر لگنے والی 20N کی فورس سے پیدا ہونے والا پریشر معلوم کریں۔

حل:۔

پن کی ایک سائیڈ کی لمبائی $= l = 10 mm$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 تعلیم گھر WHTSAPP:03406042418

$= 10 \times 10^{-3} m$

$= 10^{-2} = \frac{1}{10^{+2}} = 0.01m$



پن کے بالائی سرے کا ایریا $= A = 0.01 \times 0.01$

$= 0.0001$

$= 1 \times 10^{-4}$

$= 10^{-4}\ m^2$

فورس $= F = 20N$

پریشر $= P = ?$

$$P = \frac{F}{A}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$P = \frac{20}{10^{-4}}$$

$$P = 20 \times 10^{4} Nm^{-2}$$

$$P = 2 \times 10^{5} Nm^{-2}$$

پس پن کے بالائی سرے پر پریشر $2 \times 10^5\ Nm^{-2}$ ہوگا۔

7.7 1000 گرام ماس اور $20cm \times 7.5cm$ پیمائش کا لکڑی کا ایک یکساں مستطیلی بلاک افقی سطح پر اپنے لمبے کنارے کے رخ عموداً کھڑا ہے۔ معلوم کریں۔

(i) لکڑی کے بلاک کی سطح پر پریشر (ii) لکڑی کی ڈینسٹی

حل: قیمتیں درج کرنے سے

لکڑی کا ماس $= 1000gm = \frac{1000}{1000} = 1kg$

لکڑی کے ٹکڑے کے نیچے سطح کا ایریا $= A = 7.5\ cm \times 7.5\ cm$

$= \frac{7.5}{100} \times \frac{7.5}{100}$

$= 0.075 \times 0.075$

$= 0.005625 m^2$

لکڑی کے بلاک کی سطح پر پریشر $= P = ?$

لکڑی کی ڈینسٹی $= S = ?$

فارمولا

$$P = \frac{F}{A}$$

$$S = \frac{m}{v}$$

فورس کیونکہ جسم کے وزن کے برابر ہوتی ہے لہذا

$F = w = mg$

$= 1kg \times 10\ m/s^2$

$F = 10 N$

قیمتیں درج کرنے سے

$$P = \frac{10}{0.005625}$$

$$P = 1778\ Nm^{-2}$$

(ii) ڈینسٹی معلوم کرنے کیلئے قیمت درج کرنے سے

$$\rho = \frac{m}{v}$$

لکڑی کے ٹکڑے کا والیم $= 20cm \times 7.5\ cm \times 7.5\ cm$

$= \frac{20}{100} cm \times \frac{7.5}{100} cm \times \frac{7.5}{100} cm$

$= 0.20 \times 0.075 \times 0.075$

$= 0.001125\ cm^3$

قیمت درج کرنے سے

$$\rho = \frac{1}{0.001125}$$

$$\rho = 888.88\ kg\ m^{-3}$$

$$\rho = 888.9\ kg\ m^{-3}$$

پس لکڑی کے ٹکڑے کی سطح پر پریشر $1778 Nm^{-2}$ اور لکڑی کی ڈینسٹی $889 kgm^{-3}$ ہے۔

7.8 5 سینٹی میٹر سائیڈ کے ایک شیشے کے کیوب کا ماس 306g ہے اور اس کے اندر کیویٹی (سوراخ) پائی جاتی ہے۔ اگر شیشے کی ڈینسٹی $2.55gcm^{-3}$ ہو تو اس کیویٹی کا والیوم معلوم کریں۔

حل:

کیوب کی سائیڈ کی لمبائی $= \ell = 5cm$

کیوب کا والیوم $= v = 5 \times 5 \times 5$

$= 125cm^3$

کیوب کا ماس $= 306g$

شیشے کی ڈینسٹی $= 2.55gcm^3$

کیویٹی کا والیوم $= v = ?$

فارمولا

شیشے کے دیئے گئے کیوب ماس کا والیوم $= \frac{\text{ماس}}{\text{ڈینسٹی}}$

$$v = \frac{m}{\rho}$$

$$v = \frac{306}{2.55}$$

$$v = 120cm^3$$

بلاک کا کل والیوم $= 125cm^3$

دیئے گئے ماس کا والیوم $= 120cm^3$

کیویٹی کا والیوم $= 125 - 120$

$= 5cm^3$

پس کیویٹی کا والیوم $5cm^3$ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHATSAPP:03406042418

7.9 ایک جسم کا ہوا میں وزن 18 N ہے۔ جب اس کو پانی میں ڈبو یا جائے تو اس کا وزن 11.4 N ہو جاتا ہے۔ اس کی ڈینسٹی معلوم کریں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جسم کس میٹریل کا بنا ہوا ہے؟

حل:۔

جسم کا وزن $= W_1 = 18\ N$

پانی میں وزن $= W_2 = 11.4\ N$

جسم کی ڈینسٹی $= D = ?$

پانی کی ڈینسٹی $= \rho = 1000\ kgm^{-3}$

فارمولا

$$D = \frac{W_1}{W_1 - W_2} \times S$$

$$D = \frac{18}{18 - 11.4} \times 1000\ kgm^{-3} = \frac{18}{6.6} \times 1000$$

$$D = 2727\ kgm^{-3}$$

پس ٹکڑے کی ڈینسٹی $2727 kgm^{-3}$ اور دھات ایلومینیم کی ہوگی۔

7.10 لکڑی کا ایک ٹھوس بلاک جس کی ڈینسٹی $0.6 gcm^{-3}$ ہے کا ہوا میں وزن 3.06 N ہے۔ معلوم کریں۔ (a) بلاک کا والیوم (b) بلاک کے اس حصہ کا والیوم جو $0.9 gcm^{-3}$ ڈینسٹی کے مائع میں آزاد چھوڑنے پر ڈوبتا ہے۔

حل:۔

بلاک کی ڈینسٹی $= \rho = 0.6\ gcm^3$

ہوا میں وزن $= w = 3.06\ N$

بلاک کا والیوم $= v = ?$

مائع کی ڈینسٹی $= D = 0.9\ gcm^3$

بلاک کا ماس $= m = \frac{w}{g} = \frac{3.06}{10} = 0.306 kg$

$= 0.306 \times 1000$

$= 306\ g$

فارمولا (a)

$$v = \frac{m}{\rho}$$

قیمتیں درج کرنے سے

بلاک کا والیوم $v = \frac{306}{0.6}$

$v = 510 cm^3$

(b)

مائع کا والیوم $v = \frac{306}{0.9}$

$v = 340 cm^3$

پس بلاک کا والیوم $510.4 cm^3$ اور بلاک کے اس حصہ کا والیوم جو مائع میں ڈوبا ہے $340 cm^3$ ہے۔

7.11 ہائیڈرولک پریس کے پسٹن کا ڈایا میٹر 30 cm ہے۔ 20,000N وزنی کار کو اٹھانے کے لیے کتنی فورس درکار ہوگی اگر پمپ کے پسٹن کا ڈایا میٹر 3cm ہو؟

حل:۔ پریس کے پسٹن کا ڈایا میٹر $= D = 30\ cm$

پسٹن کا ریڈیس $= r = \frac{D}{2} = \frac{30}{2} = 15 cm = \frac{15}{100} = 0.15 m$

پمپ کے پسٹن کا ڈایا میٹر $= D = 3 cm$

پسٹن کا ریڈیس $= r = \frac{D}{2} = \frac{3}{2} = 1.5\ cm = \frac{1.5}{100} = 0.015 m$

پریس پر وزن $= w = F_2 = 20,000\ N$

پمپ پر فورس $= F_1 = ?$

فارمولا

$$\frac{F_1}{a} = \frac{F_2}{A}$$

کیونکہ

$$A = \pi r^2$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$\frac{F_1}{\pi \times (0.015)^2} = \frac{20,000}{\pi \times (0.15)^2}$$

$$F_1 = \frac{20,000 \times \pi \times (0.15)^2}{\pi \times (0.15)^2}$$

$$F_1 = \frac{20,000 \times 0.000225}{0.0225}$$

$$F_1 = 200N$$

پس پمپ پر عمل کرنے والی فورس 200N ہے۔

7.12 سٹیل کے ایک تار کے $2 \times 10^{-5} m^2$ کراس سیکشنل ایریا پر 4000N کی فورس لگانے سے اس کی لمبائی میں 2mm کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ تار کا ینگز موڈولس معلوم کریں۔ جبکہ اس کی لمبائی 2m ہے۔

حل:۔

تار کا کراس سیکشنل ایریا $= A = 2 \times 10^{-5} m^2$

فورس $= F = 4000\ N$

لمبائی میں اضافہ $= \Delta L = 2mm$

$= \frac{2}{1000}\ 0.002\ m$

تار کی اصل لمبائی $= L = 2m$

ینگ ماڈولس $= Y = ?$

فارمولا

$$Y = \frac{F}{A} \times \frac{L}{\Delta L}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$Y = \frac{4000}{2 \times 10^{-5}} \times \frac{2}{0.002}$$

$$Y = \frac{8000}{2 \times 10^{-5} \times 2 \times 10^{-3}}$$

$$Y = 2000 \times 10^8$$

$$Y = 2 \times 1000 \times 10^8$$

$$Y = 2 \times 10^3 \times 10^8$$

$$Y = 2 \times 10^{11} Nm^{-2}$$

پس تار کا ینگ ماڈولس $2 \times 10^{11} Nm^{-2}$ ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-اسپ تعلیم ڈگیر WHTSAPP 03406042418

باب	8	مادہ کی حرارتی خصوصیات	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2013ء تا 2021ء

ALP Annual Paper 2021 Objective

1. حرارت کے بہاؤ کی شرح کا یونٹ ہے: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) کیلون (B) جول فی سیکنڈ (C) جول (D) سیکنڈ فی جول

2. 5kg پانی کی حرارتی گنجائش برابر ہوتی ہے ____ جبکہ پانی کی حرارت مخصوصہ کی قیمت ہے $4200\ Jkg^{-1}K^{-1}$: [FSD-II,MTN-II,DGK-I,GUJ-I/II]
(A) $5JK^{-1}$ (B) $21000JK^{-1}$ (C) $840JK^{-1}$ (D) $0.0011JK^{-1}$

3. پانی کا بوائلنگ پوائنٹ ____ ہے۔ (GUJ-I,SWL-II)
(A) 100 K (B) 100 °F (C) 100 °C (D) 0 °C

4. ریفریجریٹرکس کے اصولوں پر کام کرتا ہے؟ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]
(A) مکینکس (B) تھرموڈائنامکس (C) آواز (D) روشنی

5. طولی پھیلاؤ کے کوائفی ضعف اور والیوم میں پھیلاؤ کے کوائفی ضعف کا تعلق مساوات کی صورت میں ہے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) $\propto = 3\beta$ (B) $\beta = 2\propto$ (C) $\beta = 4\propto$ (D) $\beta = 3\propto$

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

8.1-8.3	ٹمپریچر اور حرارت، تھرمومیٹر، مخصوص حرارتی گنجائش، پانی کی بڑی مخصوص حراتی گنجائش کی اہمیت، حرارتی گنجائش

6. حرارت کے بہاؤ کی شرح ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) $\frac{Q}{t}$ (B) $\frac{t}{Q}$ (C) $\frac{Q}{A}$ (D) $\frac{KL(T_1-T_2)}{A}$

7. کسی جسم کے گرم یا ٹھنڈا ہونے کی شدت کو کہتے ہیں: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) حرارت (B) تھرمل کنڈکٹیٹی (C) گنجائش حرارت (D) ٹمپریچر

8. درج ذیل میں کونسا میٹریل زیادہ حرارت مخصوصہ کا حامل ہے۔ (BWP-II,DGK-II,SWL-I)
(A) کاپر (B) برف (C) پانی (D) مرکری

9. SI یونٹس میں، حرارت مخصوصہ کا یونٹ ہے۔ (RWP-II,MLT-I)
(A) $J\,Kg\,K$ (B) $J\,Kg\,K^{-1}$ (C) $J\,Kg^{-1}K$ (D) $JKg^{-1}K^{-1}$

10. پانی کی حرارت مخصوصہ ہے۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) $4200J\,Kg^{-1}K^{-1}$ (B) $4280J\,Kg^{-1}K^{-1}$ (C) $4200J\,Kg^{-2}K^{-1}$ (D) $4200J\,Kg^{1}K^{-1}$

11. حرارت مخصوصہ کا فارمولا ہے: (GUJ-II,FSD-I,DGK-II)
(A) $c=\frac{\Delta Q}{m\Delta T}$ (B) $c=\frac{m\Delta Q}{\Delta T}$ (C) $c=\frac{\Delta Q\Delta T}{m}$ (D) $c=\frac{\Delta Tm}{\Delta Q}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

-12 خشک مٹی کی حرارت مخصوصہ کی قیمت قریباً ہوتی ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) $4200\ Jkg^{-1}K^{-1}$ (B) $810\ Jkg^{-1}K^{-1}$ (C) $700\ Jkg^{-1}K^{-1}$ (D) $3000\ Jkg^{-1}K^{-1}$

-13 آئرن کی حرارت مخصوصہ کتنے جول فی کلوگرام فی کیلون ہوتی ہے؟ [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) 387.0 (B) 920.0 (C) 470.0 (D) 503.0

-14 سلور کی حرارت مخصوصہ ________ $Jkg^{-1}k^{-1}$ ہے: [RWP-II,MTN-II,RWP-I]

(A) 134.8 (B) 235.0 (C) 128.0 (D) 138.6

-15 برف کی حرارت مخصوصہ ہے: [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

(A) $2100\ Jkg^{-1}k^{-1}$ (B) $2200\ Jkg^{-1}k^{-1}$ (C) $2300\ Jkg^{-1}k^{-1}$ (D) $2400\ Jkg^{-1}k^{-1}$

8.4-8.6	حالت کی تبدیلی، پگھلاؤ کی مخفی حرارت، ویپورائزیشن کی مخفی حرارت

.16 گولڈ کا بوائلنگ پوائنٹ ____ کے مساوی ہوتا ہے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II,MTN-II]

(A) 2595°C (B) 2450°C (C) 2660°C (D) 2700°C

-17 لیڈ کا بوائلنگ پوائنٹ ہے: (DGK-II,SWL-I,LHR-II)

(A) 1750°C (B) 1751°C (C) 1752°C (D) 1753°C

-18 پگھلاؤ کی مخفی حرارت کا فارمولا ہے: [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

(A) $\Delta Q_f = mH_f$ (B) $\Delta Q = CH_f$ (C) $\Delta Q = mC_f\Delta T$ (D) $\Delta Q = mC_f$

-19 0°C پر ایک کلوگرام برف کی پگھلاؤ کی مخفی حرارت ہوتی ہے:

(A) $33.6\times10^5\ Jkg^{-1}$ (B) $3.36\times10^5\ Jkg^{-1}$ (C) $3.36\times10^3\ Jkg^{-1}$ (D) $336\times10^5\ Jkg^{-1}$

8.7,8.8	ایویپوریشن، حرارتی پھیلاؤ، ٹھوس اجسام میں طولی حرارتی پھیلاؤ، والیوم میں حرارتی پھیلاؤ

.20 ان میں سے کون سا جزو ایویپوریشن کو متاثر کرتا ہے: [GUJ-I,MTN-II,DGK-I,SWL-I]

(A) ٹمپریچر (B) مائع کی سطح کا ایریا (C) ہوا (D) یہ تمام عوامل

.21 ریفریجریٹر میں فری آن گیس کی جگہ گیس استعمال کی جا رہی ہے: [LHR-II,MTN-I,FSD-II,SWL-II]

(A) CO_2 (B) H_2 (C) NH_3 (D) N_2

.22 ایلومینیم کا والیوم میں پھیلاؤ کا کوایفی شنٹ ہے: [GUJ-I,SGD-II]

(A) $4.2\times10^{-5}K^{-1}$ (B) $7.2\times10^{-5}K^{-1}$ (C) $2.4\times10^{-5}K^{-1}$ (D) $6\times10^{-5}K^{-1}$

.23 درج ذیل میں سے کس میٹریل کے طولی پھیلاؤ کے کوایفی شنٹ کی قیمت زیادہ ہوتی ہے؟ (GUJ-II,DGK-I,LHR-II)

(A) ایلومینیم (B) گولڈ (C) پیتل (D) سٹیل

.24 ایک ٹھوس شے کے طولی حرارتی پھیلاؤ کے کوایفی شنٹ کی قیمت $2\times10^{-5}K^{-1}$ ہے۔ اس کے والیوم میں پھیلاؤ کے کوایفی شنٹ کی قیمت ہوگی۔ [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

(A) $2\times10^{-5}K^{-1}$ (B) $6\times10^{-5}K^{-1}$ (C) $8\times10^{-5^3}K^{-1}$ (D) $8\times10^{-15}K^{-1}$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP 03406042418

-25 کاپر کا والیوم میں پھیلاؤ کا کوایفی شنٹ ہے: [LHR-II,RWP-II,GUJ-I/II]

(A) $5.1\times10^{-5}K^{-1}$ (B) $6\times10^{-5}K^{-1}$ (C) $7.2\times10^{-5}K^{-1}$ (D) $3.6\times10^{-5}K^{-1}$

جوابات

A	10	D	9	C	8	D	7	A	6	D	5	B	4	C	3	B	2	B	1
D	20	B	19	A	18	A	17	C	16	A	15	B	14	C	13	B	12	A	11
										A	25	B	24	B	23	B	22	C	21

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

.1 ٹمپریچر اور حرارت میں فرق واضح کیجئے۔ [BWP-II,RWP-I,DGK-II]

جواب: ٹمپریچر: کسی جسم کے گرم یا ٹھنڈا ہونے کی شدت کو ٹمپریچر کہتے ہیں۔

حرارت: انرجی کی وہ قسم جو کہ ایک گرم جسم سے دوسرے متصل ٹھنڈے جسم کی طرف منتقل ہو حرارت کہلاتی ہے۔

.2 پگھلاؤ کی حرارت مخفی اور ویپورائزیشن کی حرارت مخفی کی تعریف کیجئے۔ [MTN-II,FSD-I/II,DGK-II,RWP-I,SGD-I]

جواب: پگھلاؤ کی حرارت مخفی: حرارت کی وہ مقدار جو کسی چیز کے یونٹ ماس کو اس کا ٹمپریچر تبدیل کئے بغیر اس کے میلٹنگ پوائنٹ پر ٹھوس سے مائع میں تبدیل کردے پگھلاؤ کی مخفی حرارت کہلاتی ہے۔

ویپورائزیشن کی حرارت مخفی: کسی مائع کے یونٹ ماس کو اس کے بوائلنگ پوائنٹ پر ٹمپریچر میں اضافہ کئے بغیر مکمل طور پر گیس میں تبدیل کرنے کے لئے درکار حرارت کی مقدار، ویپورائزیشن کی مخفی حرارت کہلاتی ہے۔

.3 سطح کے رقبہ کا ایویپوریشن پر کیا اثر ہے؟ [MTN-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: ایویپوریشن کی شرح کا انحصار سطح کے رقبہ پر ہے، کسی مائع کا رقبہ جتنا زیادہ ہوتا ہے اتنی ہی زیادہ تعداد میں مالیکیولز اس کی طرح سے باہر نکل رہے ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے جب پانی کو بڑے رقبہ پر پھیلا دیا جائے تو پانی زیادہ تیزی سے بخارات میں تبدیل ہوتا ہے اور ایویپوریشن کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔

.4 حرارتی پھیلاؤ کے کوئی سے دو استعمالات لکھیے۔ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]

جواب: i۔ تھرمامیٹر کے اندر استعمال ہونے والا مرکری جب حرارت ملنے پر پھیلتا ہے تو اس کا استعمال کر کے ٹمپریچر کا اندازہ لگایا جاتا۔

ii۔ کسی چیز پر لوہے کے ڈھکن اکثر سخت ہو جائے تو اس کو گرم پانی میں رکھ کر پھیلنے دیا جائے تو پھر یہ آسانی سے کھل سکتا ہے۔

.5 والیوم میں حرارتی پھیلاؤ سے کیا مراد ہے؟ اس کا حسابی فارمولا بھی تحریر کیجئے۔ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

جواب: جب کسی جسم کو گرم کیا جاتا ہے تو اس کی لمبائی چوڑائی اور اونچائی میں اضافہ ہوتا ہے جو والیوم میں حرارتی پھیلاؤ کہلاتا ہے۔

فارمولا:
$$\beta = \frac{\Delta V}{V_o \Delta T}$$

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

8.1-8.3 ٹمپریچر اور حرارت، تھرمومیٹر، مخصوص حرارتی گنجائش، پانی کی بڑی مخصوص حرارتی گنجائش کی اہمیت، حرارتی گنجائش

.6 ٹمپریچر کی تعریف کیجئے اور اس کا SI یونٹ لکھیے۔ [GUJ-I,FSD-I]

جواب: ٹمپریچر: کسی جسم کے گرم یا ٹھنڈا ہونے کی شدت کو ٹمپریچر کہتے ہیں۔

یونٹ: ٹمپریچر کا یونٹ (K) کیلون ہے۔

.7 "کسی جسم کی انٹرنل انرجی" سے کیا مراد ہے؟ [RWP-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: کسی جسم کے ایٹمز اور مالیکیولز کی کائی نیٹک اور پوٹینشل انرجی کے مجموعہ کو اس کی انٹرنل انرجی کہا جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

.8 حرارت کا بہاؤ گرم جسم سے ٹھنڈے جسم کی طرف کیوں ہوتا ہے؟ [LHR-I,FSD-II,SGD-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: حرارت کا گرم جسم سے ٹھنڈے جسم کی طرف بہاؤ ٹمپریچر کے فرق کی وجہ سے ہوتا ہے۔

.9 حرارت کی تعریف کیجئے۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]

جواب: انرجی کی وہ قسم جو کہ ایک گرم جسم سے دوسرے متصل ٹھنڈے جسم کی طرف منتقل ہو حرارت کہلاتی ہے۔

.10 حرارت مخصوصہ کی تعریف کیجئے اور اس کا حسابی فارمولا لکھئے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]

جواب: حرارت کی وہ مقدار جو کسی 1 کلوگرام ماس کو مہیا کرنے پر اس کا درجہ حرارت ایک کیلون بڑھ جاتا ہے۔اس جسم کی حرارت مخصوصہ کہلاتی ہے۔

فارمولا: $c = \dfrac{\Delta Q}{m\Delta T}$

.11 حرارتی گنجائش کی تعریف کیجئے اور اسکا یونٹ لکھئے؟ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

جواب: ''کسی جسم کی حرارتی گنجائش اس کے ٹمپریچر میں ایک کیلون (1K) اضافہ کیلئے جذب کردہ تھرمل انرجی کی مقدار ہوتی ہے''

یونٹ: اس کا یونٹ JK^{-1} ہیں۔

حالت کی تبدیلی، پگھلاؤ کی مخفی حرارت، ویپورائزیشن کی مخفی حرارت	8.4-8.6

.12 پگھلاؤ کی مخفی حرارت کی تعریف کیجئے۔ [DGK-I/II,SGD-I,BWP-II,MTN-II,FSD-I]

جواب: حرارت کی وہ مقدار جو کہ کسی چیز کے یونٹ ماس کو ٹمپریچر تبدیل کیے بغیر اس کے میلٹنگ پوائنٹ پر ٹھوس سے مائع میں تبدیل کردے۔اس کے پگھلاؤ کی مخفی حرارت یا "Latent heat of fusion" کہلاتی ہے۔اس کو H_f سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$H_f = \frac{\Delta Q t}{m}$$

.13 ویپورائزیشن کی مخفی حرارت کی تعریف کیجئے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: ویپورائزیشن کی مخفی حرارت: حرارت کی وہ مقدار جو کسی مائع کے یونٹ ماس کو اس کے ٹمپریچر میں اضافہ کیے بغیر مکمل طور پر گیس میں تبدیل کرتی ہے۔ویپورائزیشن کی مخفی حرارت کہلاتی ہے۔اسے H_v سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$H_v = \frac{\Delta Q_v}{m}$$

$$\Delta Q_v = mH_v$$

.14 ایلومینیم اور کاپر کی پگھلاؤ کی مخفی حرارت کی قیمتیں لکھیے۔ [SGD-II,MTN-I,FSD-II,DGK-II]

جواب: ایلومینیم کی پگھلاؤ کی مخفی حرارت $39.7\ KJKg^{-1}$ ہے جبکہ کاپر کی پگھلاؤ کی مخفی حرارت $205.0KJKg^{-1}$ ہے۔

ایویپوریشن، حرارتی پھیلاؤ، ٹھوس اجسام میں طولی حرارتی پھیلاؤ، والیوم میں حرارتی پھیلاؤ	8.7,8.8

.15 ایویپوریشن کی تعریف کیجئے۔ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: ''ایک مائع کی سطح سے اسے گرم کیے بغیر مائع کا بخارات میں تبدیل ہونا ایویپوریشن کہلاتا ہے۔''

.16 ہوا کس طرح ایویپوریشن پر اثر انداز ہوتی ہے؟ [FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-I/II]

جواب: کسی مائع کی سطح کے اوپر چلتی ہوئی تیز ہوا مائع کے ان مالیکیولز کو بہا کر لے جاتی ہے جو اس وقت مائع کی سطح سے باہر نکل رہے ہوتے ہیں۔اس طرح سے مائع کی سطح سے زیادہ مالیکیولز کو باہر نکلنے کا موقع ملتا ہے اور ایویپوریشن کی سپیڈ بڑھا دیتی ہے۔

.17 ٹمپریچر کا ایویپوریشن پر کیا اثر ہے؟ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب: زیادہ بلند ٹمپریچر پر ایک مائع کے زیادہ تر مالیکیولز تیز رفتاری سے حرکت کرتے ہیں یعنی ایویپوریشن کا عمل بلند ٹمپریچر پر تیز ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE | https://www.facebook.com/102079175269999 | WHTSAPP 03406042418

18. "والیوم میں حرارتی پھیلاؤ" اور "والیوم میں پھیلاؤ کا کوایفی شینٹ" کی تعریف کیجیے۔ [FSD-II,SWL-II,SGD-II]

جواب: **والیوم میں حرارتی پھیلاؤ:** جب کسی جسم کو گرم کیا جاتا ہے تو اس کی لمبائی چوڑائی اور اونچائی میں اضافہ ہوتا ہے جو والیوم میں حرارتی پھیلاؤ کہلاتا ہے۔

والیوم میں پھیلاؤ کا کوایفی شینٹ: کسی شے کے یونٹ والیوم میں ٹمپریچر کی فی کیلون تبدیلی کے ساتھ ہونے والی تبدیلی والیوم میں پھیلاؤ کا کوایفی شینٹ کہلاتی ہے۔

فارمولا: $\beta = \dfrac{\Delta V}{V_o \Delta T}$

انشائیہ سوالات

سوال نمبر 1: **ایویپوریشن کے عمل کی شرح کا انحصار کن عوامل پر ہوتا ہے؟**

جواب: **ایویپوریشن کے عمل کی شرح کا انحصار**

ایویپوریشن کے عمل کا مندرجہ ذیل عوامل پر انحصار ہے۔

(1) **ٹمپریچر (Temperature):** جب مائع کا ٹمپریچر زیادہ ہوتا ہے تو اس کے مالیکیول کی رفتار زیادہ ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کی زیادہ مقدار مائع کی سطح سے باہر نکل کر بخارات کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایویپوریشن کے عمل کی شرح اتنی ہی زیادہ ہوگی جتنا کہ اس مائع کا ٹمپریچر زیادہ ہوگا۔

(2) **سطح کا رقبہ (Surface area):** مائع کی اوپر کی سطح کا رقبہ جتنا زیادہ ہوتا ہے۔ اسی قدر مالیکیولز کو وہاں سے آزاد ہو کر بخارات میں تبدیل ہونا آسان ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ایویپوریشن کے عمل میں اضافہ ہوتا ہے۔ جس کی مثال یہ ہے کہ اگر گیلے کپڑوں کو پھیلا دیا جائے تو وہ جلدی خشک ہو جاتے ہیں۔

(3) **ہوا (Wind):** ایویپوریشن کے عمل کے دوران جب مائع کے مالیکیولز اس کی سطح سے باہر آ جاتے ہیں تو ان میں کچھ واپس مائع میں جا سکتے ہیں۔ لیکن اگر ہوا تیز چل رہی ہو تو ایسا نہیں ہو پاتا۔ ہوا سطح سے باہر نکلے ہوئے تمام مالیکیولز کو بہا کر اپنے ساتھ لے جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے دوبارہ ان کی واپسی مائع کے اندر نہیں ہو پاتی۔ اس لیے ایویپوریشن کی شرح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

(4) **مائع کی نوعیت (Nature of liquid):** مائع کی مختلف اقسام کے لئے ایویپوریشن کی شرح مختلف ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سپرٹ پانی کے مقابلہ میں زیادہ تیزی سے بخارات میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس بات سے واضح ہوتا ہے کہ ایویپوریشن کی شرح کا دارومدار مائع کی نوعیت پر بھی ہے۔

سوال نمبر 2: **مائعات کا حرارتی پھیلاؤ بیان کیجیے۔** [FSD-II,RWP-I,DGK-II,SGD-I/II,BWP-II]

جواب: **مائعات کا حرارتی پھیلاؤ**

مائعات کے مالیکیولز ہر سمت میں حرکت کرتے رہتے ہیں۔ گرم کرنے پر ان کے تھرتھراہٹ کا ایمپلی ٹیوڈ بڑھ جاتا ہے۔ اور پھر مالیکیولز ایک دوسرے کو دھکیل کر زیادہ جگہ میں پھیل جاتے ہیں۔ اس کو مائعات کا حرارتی پھیلاؤ کہتے ہیں۔ مائعات کے حرارتی پھیلاؤ کی شرح ٹھوس اجسام سے زیادہ ہوتی ہے۔ جب کہ مائع کو کسی برتن میں ڈال کر گرم کیا جائے تو برتن بھی گرم ہو کر پھیلتا ہے اور اس کے اندر مائع بھی گرم ہو کر پھیلتا ہے۔ لہٰذا مائع کے لیے حرارتی پھیلاؤ دو طرح کے ہوتے ہیں۔



(1) حقیقی والیوم کا پھیلاؤ



(2) ظاہری والیوم کا پھیلاؤ

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418



ایک لمبی گردن والی شیشے کی صراحی لے کر اس میں رنگ دار پانی بھر لیں اور پانی کے لیول پر نشان (A) لگا لیں۔ اس کے بعد صراحی کے نیچے سے آگ کے ذریعہ گرم کرنا شروع کریں تو مشاہدہ میں آتا ہے کہ پانی کا لیول پہلے صراحی کی گردن میں لگے ہوئے نشان (A) سے نیچے پوائنٹ (B) سے نیچے تک آتا ہے۔ لیکن مسلسل گرم کرتے رہنے پر پانی کا لیول پھر اوپر چڑھتا ہے اور آخر کار پوائنٹ (C) تک جا پہنچتا ہے۔

گرم کرنے پر لیول کا شروع میں گرنے کی وجہ صراحی کا پھیلاؤ ہے اس کے بعد لیول کا اوپر جانا صراحی میں موجود مائع کے پھیلاؤ کی وجہ سے ہے۔

اس وجہ سے ہم لکھ سکتے ہیں کہ

(صراحی کا پھیلاؤ) + (مائع کا ظاہری پھیلاؤ) = مائع کا حقیقی پھیلاؤ

مائع کے حقیقی والیوم میں ایک کیلون تک ٹمپریچر بڑھانے سے اضافہ ہونے والی تبدیلی کو مائع کے والیوم میں حقیقی پھیلاؤ کی شرح کہتے ہیں۔ اس کو β_r سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کی قیمت اس طرح لکھی جا سکتی ہے۔

$$\beta_r = \beta_a + \beta_g$$

یہاں پر β_a = مائع کے ظاہری پھیلاؤ کی شرح

β_g = صراحی کے ظاہری پھیلاؤ کی شرح

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) پانی جس ٹمپریچر پر برف بن جاتا ہے:

(a) 0 F° (b) 32 F° (c) -273 K (d) 0 K

(ii) نارمل یا صحت مند انسانی جسم کا ٹمپریچر ہے:

(a) 15 °C (b) 37 °C (c) 37 °F (d) 98.6 °C

(iii) مرکری کو تھرمومیٹرک میٹریل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ رکھتا ہے:

(a) یکساں حرارتی پھیلاؤ (b) کم فریزنگ پوائنٹ (c) کم حرارتی گنجائش (d) یہ تمام خصوصیات

(iv) کون سا میٹریل زیادہ حرارت مخصوصہ کا حامل ہے۔

(a) کاپر (b) برف (c) پانی (d) مرکری

(v) درج ذیل میں سے کسی میٹیریل کے طولی پھیلاؤ کے کوائفی شینٹ کی قیمت زیادہ ہوتی ہے؟

(a) ایلومینیم (b) گولڈ (c) پیتل (d) سٹیل

(vi) ایک ٹھوس شے کے طولی حرارتی پھیلاؤ کے کوائفی شینٹ کی قیمت $2\times10^{-5}K^{-1}$ ہے۔ اس کے والیوم میں پھیلاؤ کے کوائفی شینٹ کی قیمت ہوگی: $(\beta=3\alpha)$

(a) $2\times10^{-5}K^{-1}$ (b) $6\times10^{-5}K^{-1}$ (c) $8\times10^{-15}K^{-1}$ (d) $8\times10^{-5}K^{-1}$

(vii) ان میں سے کون سا جزو ایویپوریشن کو متاثر کرتا ہے؟

(a) ٹمپریچر (b) مائع کی سطح کا ایریا (c) ہوا (d) یہ تمام عوامل

جوابات

i	b	ii	b	iii	d	iv	c	v	b
vi	d	vii	d						

Scanned with CamScanner

مثالیں

مثال 8.1: سیلسیس سکیل 50°C ٹمپریچر کو فارن ہائیٹ سکیل میں تبدیل کریں۔

حل:

$C = 50°C$

$F = (1.8\,C + 32)$

$F = (1.8 \times 50 + 32)$

$F = 122°F$

پس سیلسیس سکیل پر 50°C فارن ہائیٹ سکیل پر 122°F کے برابر ہے۔

مثال 8.2: کیلون سکیل پر ٹمپریچر کیا ہوگا؟ جبکہ سیلسیس سکیل پر ٹمپریچر 20°C ہے۔

حل:

$C = 20\ °C$

$T_K = 273 + C$

$T_K = 273 + 20 = 293K$

مثال 8.3: کیلون سکیل پر 300K ٹمپریچر کو سیلسیس میں تبدیل کریں۔

حل:

$T(K) = 300K$

جیسا کہ $C = T(K) - 273$

اس لیے $C = (300 - 273)°C$

$C = 27°C$

مثال 8.4: فارن ہائیٹ سکیل 100°F ٹمپریچر کو سیلسیس سکیل میں تبدیل کریں۔

حل:

$F = 100°F$

$1.8\,C = F - 32$

$1.8\,C = 100 - 32$

$1.8\,C = 68$

$C = 68/1.8$

$C = 3.78\ °C$

مثال 8.5: ایک برتن میں موجود 2.5 لٹر پانی ہے۔ جس کا ٹمپریچر 20°C ہے۔ پانی کو ابالنے کے لیے حرارت کی کتنی مقدار درکار ہے؟

حل:

پانی کا والیوم = 2.5 لیٹر

کیونکہ ایک لٹر پانی کا ماس ایک کلو گرام کے برابر ہے۔

اس لیے

m پانی کا ماس $= 2.5\ kg$

c پانی کی حرارت مخصوصہ $= 4200\ Jkg^{-1}K^{-1}$

t_1 ابتدائی ٹمپریچر $= 20°C$

t_2 آخری ٹمپریچر $= 100°C$

ΔT ٹمپریچر میں اضافہ $= t_2 - t_1$

$= 100°C - 20°C$

$= 80°C$ or $80K$

$Q = cm\Delta T$

$Q = 4200\ Jkg^{-1}K^{-1} \times 2.5kg \times 80k$

$Q = 840000\ J$

پس حرارت کی مطلوبہ مقدار 840000 J یا 840 kJ ہے۔

مثال 8.6: ایک پیتل کی سلاخ جو 0°C ٹمپریچر پر ایک میٹر لمبی ہے۔ اس کی لمبائی 30°C پر معلوم کیجئے۔ جبکہ پیتل کے طولی حرارتی پھیلاؤ کے کوایفی شنٹ کی قیمت $1.9 \times 10^{-5} K^{-1}$ ہے۔

حل:

$L_o = 1m$

$t = 30°C$

$T_o = 0 + 273 = 273K$

$T_o = 30 + 273 = 303\ K$

$\Delta T = T - T_o$

$\Delta T = 303 - 273K$

$= 30\ K$

$\alpha = 1.9 \times 10^{-5} K^{-1}$

$L = L_o(1 + \alpha\Delta T)$

$= 1m \times (1 + 1.9 \times 10^{-5} K^{-1} \times 30K)$

$L = 1.00057\ m$

$L = 1.00057m$

پس 30°C پر پیتل کی سلاخ کی لمبائی 1.00057m ہوگی۔

مثال 8.7: 100°C پر پیتل کے کیوب کا والیوم معلوم کریں۔ جس کی لمبائی 0°C پر 10 سینٹی میٹر ہے۔ جبکہ پیتل کے طولی حرارتی پھیلاؤ کے کوایفی شنٹ کی قیمت $1.9 \times 10^{-5} K^{-1}$ ہے۔

حل:

$L_o = 10cm = 0.1m$

$T_o = 0°C = (0+273)K = 273K$

$T = 100°C = (100+273)K = 373K$

$\Delta T = T - T_o$

$= 373K - 273\ K = 100K$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHITSAPP:03406042418

$\alpha = 1.9\times10^{-5}K^{-1}$

کیونکہ $\beta = 3\alpha$

اس لیے $\beta = 3\times1.9\times10^{-5}K^{-1}$

$= 5.7\times10^{-5}K^{-1}$

ابتدائی والیوم $V_o = L_o^3 = (0.1m)^3$

$= 0.001m^3 = 10^{-3}m^3$

کیونکہ $V = V_o(1+\beta\Delta T)$

اس لیے $V = 10^{-3}m^3\times(1+5.7\times10^{-5}K^{-1}\times100K)$

$V = 10^{-3}m^3\times(1+5.7\times10^{-3})$

$= 10^{-3}m^3\times(1+0.0057)$

$= 1.0057\times10^{-3}m^3$

پس $100°C$ پر پیتل کے کیوب کا والیوم $1.0057\times10^{-3}m^3$ ہوگا۔

نمیریکلز

8.1 ایک بیکر میں موجود پانی کا ٹمپریچر $50°C$ ہے۔ فارن ہائیٹ سکیل میں ٹمپریچر کتنا ہوگا؟

حل:۔

پانی کا ٹمپریچر = $T = 50°C$

فارن ہائیٹ میں ٹمپریچر

$F = 1.8°C + 32$

$= 1.8\times50+32$

$= 122°F$

پس فارن ہائیٹ میں ٹمپریچر $122°F$ ہوگا۔

8.2 انسانی جسم کا نارمل ٹمپریچر $98.6°F$ ہوتا ہے۔ اسے سیلسیس اور کیلون سکیل میں تبدیل کیجیے۔

حل:۔

نارمل ٹمپریچر = $T = 98.6°F$

سیلسیس سکیل میں ٹمپریچر = $C = ?$

کیلون سکیل میں ٹمپریچر = $K = ?$

فارمولا

$$C = \frac{F-32}{1.8}$$

$$C = \frac{98.6-32}{1.8}$$

$$C = \frac{66.6}{1.8}$$

$$C = 37°C$$

اب

$K = C+273$

$K = 37+273$

$K = 310\,K$

پس سیلسیس سکیل میں ٹمپریچر $37°C$ اور کیلون سکیل میں ٹمپریچر $310°K$ ہوگا۔

8.3 2 میٹر لمبی ایک ایلومینیم کی سلاخ کو $0°C$ سے $20°C$ تک گرم کیا گیا ہے۔ سلاخ کی لمبائی میں اضافہ معلوم کریں۔ جبکہ ایلومینیم کے طولی حرارت پھیلاؤ کے کوائفی شینٹ کی قیمت $2.5\times10^{-5}K^{-1}$ ہے۔

حل:۔

ابتدائی لمبائی = $L_O = 2m$

ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = 0°C = 0+273-273\,K$

آخری ٹمپریچر = $T_2 = 20°C = 20+273-293\,K$

طولی حرارتی پھیلاؤ کا کوائفی شینٹ = $\alpha = 2.5\times10^{-5}K^{-1}$

لمبائی میں اضافہ = $\Delta L = ?$

فارمولا

$\Delta L = \alpha\ L_O(T_1 - T_2)$

$\Delta L = 2.5\times10^{-5}\times2(193-273)$

$\Delta L = 2.5\times10^{-5}\times2(20)$

$\Delta L = 2.5\times40\times10^{-5}$

$\Delta L = 100\times10^{-5}$

$$\Delta L = \frac{100}{10^5}$$

$$\Delta L = \frac{100}{100000}$$

$\Delta L = 0.001m$

$\Delta L = 0.001\times100\,cm$

$\Delta L = 0.1cm$

پس سلاخ کی لمبائی میں اضافہ **0.1cm** ہے۔

8.4 ایک غبارے میں $15°C$ پر $1.2m^3$ ہوا موجود ہے۔ اس کا والیوم $40°C$ پر معلوم کیجیے۔ جبکہ ہوا کے والیوم میں حرارتی پھیلاؤ کے کوائفی شینٹ کی قیمت $3.67\times10^{-3}m^3$ ہے۔

حل:۔

ابتدائی والیوم = $V_O = 1.2m^3$

ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = 15°C = 15+273 = 288\,K$

آخری ٹمپریچر = $T_2 = 40°C = 40+273 = 313K$

والیوم میں حرارتی پھیلاؤ کا کوائفی شنٹ = $\beta = 3.67\times10^{-3}\ m^3$

آخری والیوم = $v = ?$

فارمولا

$v = V_o(1+\beta\Delta T)$

قیمتیں درج کرنے سے

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999 WHTSAPP:03406042418

$v = 1.2((1 + 3.67 \times 10^{-3})(313 - 288))$

$v = 1.2((1 + 3.67 \times 10^{-3})(25))$

$v = 1.2(1 + 0.09175)$

$v = 1.3m^3$

پس غبارے کا والیوم $1.3m^3$ ہے۔

8.5 0.5 کلوگرام پانی کا ٹمپریچر 10°C سے 65°C تک بڑھانے کے لیے حرارت کی کتنی مقدار درکار ہوگی؟

حل:-

پانی کا والیوم = $m = 0.5kg$

پانی کا ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = 10°C = 10 + 273 = 283\ K$

پانی کا آخری ٹمپریچر = $T_2 = 65° = 65 + 273 = 338\ K$

پانی کی حرارت مخصوصہ = $C = 4200\ Jkg^{-1}k^{-1}$

حرارت کی مقدار = $\Delta Q = ?$

فارمولا

$$\Delta Q = mC\Delta T$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$\Delta Q = 0.5 \times 4200\ (338 - 283)$$

$$\Delta Q = 0.5 \times 4200 \times 55$$

$$\Delta Q = 115500\ J$$

پس حرارت کی مقدار 115500J ہے۔

8.6 ایک الیکٹرک ہیٹر $1000JS^{-1}$ کی شرح سے حرارت مہیا کرتا ہے۔ 200 گرام پانی کا ٹمپریچر 20°C سے 90°C تک بڑھانے کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا؟

حل:-

حرارت کی مقدار = $\Delta Q = 1000\ JS^{-1}$

پانی کا ماس = $m = 200g = \frac{200}{1000} = 0.2\ kg$

ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = 20°C = 20 + 273 = 293\ K$

آخری ٹمپریچر = $T_2 = 90°C = 90 + 273 = 363K$

وقت = $t = ?$

فارمولا

$$\Delta Q = \frac{mc\Delta T}{t}$$

$$t = \frac{mc\Delta T}{\Delta Q}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$t = \frac{0.2 \times 4200 \times (363 - 293)}{1000}$$

$$t = \frac{58800}{1000}$$

$$t = 58.8s$$

پس پانی کا ٹمپریچر بڑھانے کے لیے درکار وقت 58.8 سیکنڈ ہے۔

8.7 50000 جول حرارت مہیا کرنے سے کتنی برف پگھلے گی؟ جبکہ برف کے پگھلاؤ کی مخفی حرارت $336000\ Jkg^{-1}$ ہے۔

حل:-

حرارت کی مقدار = $\Delta Q = 50000J$

حرارت مخفی = $L_f = 336000\ Jkg^{-1}$ $\qquad L_f = H_f$

برف کا ماس = $m = ?$

برف کی حرارت مخصوصہ = $2100\ Jkg^{-1}k^{-1}$

فارمولا

$$\Delta Q_f = m \times L_f$$

$$m = \frac{\Delta Q_f}{L_f}$$

قیمتیں درج کرنے سے

$$m = \frac{50000}{336000}$$

$$m = 0.149kg$$

$$m = 0.149 \times 1000\ g$$

$$m = 149g$$

پس برف کا ماس 149 g ہے۔

8.8 -10°C ٹمپریچر پر موجود 100g برف کو پگھلا کر 10°C ٹمپریچر پر پانی میں تبدیل کرنے کے لیے درکار حرارت کی مقدار معلوم کیجیے جبکہ (برف کی حرارت مخصوصہ $2100Jkg^{-1}K^{-1}$ ہے۔ پانی کی حرارت مخصوصہ $4200Jkg^{-1}K^{-1}$ ہے اور برف کے پگھلاؤ کی مخفی حرارت $336000Jkg^{-1}$ ہے۔

حل:-

برف کا ماس = $m = 100g$

برف کا ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = -10°C$

پانی کا آخری ٹمپریچر = $T_2 = 10°C$

برف کی حرارت مخصوصہ = $C_1 = 2100JKg^{-1}K^{-1}$

پانی کی حرارت مخصوصہ = $C_w = 4200JKg^{-1}K^{-1}$

برف کے پگھلاؤ کی مخفی حرارت = $L_f = 336000JKg^{-1}$

حرارت کی مقدار = $\Delta Q = ?$

فارمولا

$$\Delta Q_f = m \times L_f$$

$$Q = mC\Delta T$$

پہلے ہم 0.1 کلوگرام برف کی 0°C پانی میں تبدیل کرنے کیلئے حرارت کی مقدار معلوم کریں گے۔

$$Q_1 = mC_1\Delta T$$

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

قیمتیں درج کرنے سے

$Q = 0.1 \times 2100 \times 10$

$Q = 2100\ J$

اب حرارت کی وہ مقدار جو 0°C برف کو پانی میں تبدیل کرے۔

$\Delta Q_f = m \times L_f$

قیمتیں درج کرنے سے

$\Delta Q_f = 0.1 \times 336000$

$\Delta Q_f = 33600J$

حرارت کی مقدار جو پانی کو آخری ٹمپریچر کیلئے درکار ہے۔

$Q = mC_w\Delta T$

قیمتیں درج کرنے سے

$Q = 0.1 \times 4200 \times 10$

$Q = 4200\ J$

حرارت کی کل مقدار = $Q = 2100 + 33600 + 4200$

$= 39900J$

پس 0.1 کلوگرام پانی میں تبدیل ہونے کیلئے 39,900 جول حرارت کی مقدار درکار ہوگی۔

8.9 100 گرام پانی کو 100°C ٹمپریچر پر بھاپ میں تبدیل کرنے کے لیے کتنی حرارت درکار ہوگی؟ جبکہ پانی کی ایویپوریشن کی مخفی حرارت $2.26 \times 10^6\ Jkg^{-1}$ ہے۔

حل:

پانی کا ماس = $m = 100g$

$= \frac{100}{1000} = 0.1\ kg$

پانی کا ٹمپریچر = $T = 100°C$

پانی کی ایویپوریشن کی مخفی حرارت = $L_V = 2.26 \times 10^6\ Jkg^{-1}$

حرارت کی مقدار = $Q = ?$

فارمولا

$\Delta Q_V = mL_V$

قیمتیں درج کرنے سے

$\Delta Q_V = 0.1 \times 2.26 \times 10^6$

$= 2.26 \times 10^5\ J$

پس درکار حرارت کی مقدار $2.26 \times 10^5\ J$ ہوگی۔

8.10 10°C ٹمپریچر پر موجود 500 g پانی میں سے 100°C پر 5g بھاپ گزارنے کے بعد پانی کا ٹمپریچر معلوم کیجیے۔ جبکہ پانی کی حرارت مخصوصہ $4200Jkg^{-1}K^{-1}$ ہے اور پانی کی ایویپوریشن کی مخفی حرارت $2.26 \times 10^6\ Jkg^{-1}$ ہے۔

حل:

بھاپ کا ماس = $m_1 = 5g = \frac{5}{1000} = 0.005\ kg$

پانی کا ماس = $m_2 = 500g = \frac{500}{1000} = 0.5kg$

بھاپ کا ابتدائی ٹمپریچر = $T = 100°C$

پانی کا ابتدائی ٹمپریچر = $T_1 = 10°C$

پانی کے مکسچر کا آخری ٹمپریچر = $T_2 = ?$

پانی کی اویپوریشن کی مخفی حرارت = $L_V = 2.26 \times Jkg^{-1}$

فارمولا

جذب شدہ حرارت = خارج شدہ حرارت

$\Delta Q = mL_V$

$Q = mC\Delta T$

بھاپ سے خارج شدہ حرارت

$\Delta Q_V = m \times L_V$

$= 0.005 \times 2.26 \times 10^6$

$= 0.0113 \times 10^6$

$\Delta Q_V = 11300J$

100°C سے پانی کے آخری ٹمپریچر تک خارج شدہ حرارت

$Q = mC\Delta T$

قیمتیں درج کرنے سے

$Q = 0.005 \times 4200\ (100 - T_2)$

$= 21(100 - T_2)$

$Q = 2100 - 21\ T_2$

10°C سے پانی کے آخری ٹمپریچر تک جذب شدہ حرارت

$Q = mC\Delta T$

$= 0.5 \times 4200 \times (T_2 - 10)$

$= 2100(T_2 - 10)$

$= 2100\ T_2 - 21000$

اب

جذب شدہ حرارت = خارج شدہ حرارت

مساوات (i)، (ii) اور (iii) سے قیمتیں درج کرنے سے

$2100\ T_2 - 2100 = 11300 + 2100 - 21\ T_2$

$2100\ T_2 + 21\ T_2 = 11300 + 2100 + 21000$

$2121\ T_2 = 34400$

$T_2 = \frac{34400}{2121}$

$T_2 = 16.21°C$

پس مکسچر کا آخری ٹمپریچر 16.21°C ہوگا۔

Scanned with CamScanner

باب	9	انتقال حرارت	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2013ء تا 2021ء

ALP Annual Paper 2021 Objective

.1 حرارت کے بہاؤ کی شرح کسی بھی کنڈکٹر میں انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے اس کے: [LHR-II,GUJ-II,RWP-II,FSD-I,SWL-II,MTN-I]
(A) ایریا (B) لمبائی (C) ٹمپریچر (D) ٹائم

.2 کاپر کی تھرمل کنڈکٹیوٹی $Wm^{-1}K^{-1}$ میں ہے۔ [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]
(A) 200 (B) 300 (C) 400 (D) 500

.3 نسیم بری اور نسیم بحری نتیجہ ہوتی ہیں: [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]
(A) کنڈکشن (B) ریڈی ایشن (C) انجذاب (D) کنویکشن

.4 نسیم بری اور نسیم بحری نتیجہ ہوتی ہیں: [GUJ-II,MTN-II,DGK-I]
(A) کنڈکشن (B) ریڈی ایشن (C) انجذاب (D) کنویکشن

.5 حرارت کی انتہائی خراب جذب کنندہ ہوتی ہے: [GUJ-II,MTN-II,DGK-I]
(A) بے رونق سیاہ سطح (B) رنگین سطح (C) سفید سطح (D) چمکدار نقرئی سطح

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

MCQ's (کثیر الانتخابی سوالات)

9.1,9.2	انتقال حرارت، کنڈکشن، تھرمل کنڈکٹیوٹی

.6 تھرمل کنڈکٹیوٹی کا SI یونٹ ہے: [LHR-II,MTN-II,DGK-I/II,FSD-II]
(A) $Jm^{-1}K^{-1}$ (B) $Wm^{-1}K^{-1}$ (C) WmK^{-1} (D) $Wm^{-1}K$

.7 $\frac{Q}{t}$ (حرارت کے بہاؤ کی شرح) کے مساوی ہوتا ہے۔ [LHR-I,FSD-I,SGD-I,MTN-II]
(A) $\frac{KA(T_1-T_2)}{L}$ (B) $\frac{L}{A(T_1-T_2)}$ (C) $\frac{A(T_1-T_2)}{L}$ (D) $\frac{KA(T_1-T_2)}{L^2}$

.8 ٹھوس اجسام میں انتقال حرارت کا طریقہ ہے۔ [LHR-II,GUJ-II,SGD-I,FSD-I]
(A) ریڈی ایشن (B) کنڈکشن (C) کنویکشن (D) ابزارپشن

.9 کسی دیوار کی موٹائی دگنا کرنے پر اس کی تھرمل کنڈکٹیوٹی: [DGK-II,MTN-I]
(A) دگنا ہو جاتی ہے (B) وہی رہتی ہے (C) آدھی ہو جاتی ہے (D) ایک چوتھائی ہو جاتی ہے

-10 لکڑی کی تھرمل کنڈکٹیوٹی ہے: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) $0.06\ Wm^{-1}K^{-1}$ (B) $0.07\ Wm^{-1}K^{-1}$ (C) $0.08\ Wm^{-1}K^{-1}$ (D) $0.09\ Wm^{-1}K^{-1}$

-11 تھرمل کنڈکٹیوٹی کا S.I یونٹ ____ ہے۔ [MTN-II,FSD-I,GUJ-II]
(A) $Jm^{-1}k^{-1}$ (B) $Wm^{-1}k^{-1}$ (C) $Wm^{-1}C$ (D) $Wm^{-1}k^{-2}$

9.3-9.5	کنویکشن، ہوا میں کنویکشن کرنٹس، کنویکشن کرنٹس کا استعمال، نسیم بری اور نسیم بحری، گلائیڈنگ، ریڈی ایشن، ریڈی ایٹرز کا اطلاق اور نتائج

-12 گیسز میں زیادہ تر انتقال حرارت کا سبب ہے: [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]
(A) مالیکیولز کا ٹکراؤ (B) کنڈکشن (C) کنویکشن (D) ریڈی ایشن

-13 نسیم بری چلتی ہے: [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]
(A) رات کے وقت سمندر سے خشکی کی طرف (B) دن کے وقت سمندر سے خشکی کی طرف
(C) رات کے وقت خشکی سے سمندر کی طرف (D) دن کے وقت خشکی سے سمندر کی طرف

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

-14 عام طور پر لیزلی کیوب کی سطحیں ہوتی ہیں: [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

-15 کون سے سطح ناقص اخراج کنندہ ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

(A) سفید سطح (B) سیاہ سطح (C) رنگین سطح (D) نقرئی سطح

جوابات

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
D	C	D	D	B	B	A	B	B	C
11	12	13	14	15					
B	C	C	B	A					

ALP Annual Paper 2021 Subjective Type

.1 حرارت کے بہاؤ کی شرح کی تعریف کیجئے اور اس کا فارمولا لکھیے۔ [GUJ-II,FSD-II,SWL-I]

جواب: حرارت کی وہ مقدار جو یونٹ وقت میں بہتی ہے حرارت کے بہاؤ کی شرح کہلاتی ہے۔ یا کسی دھاتی سلاخ یا ٹھوس بلاک کی دو مخالف سطحوں کا کراس سیکشن ایریا A ہو اور اس کی ایک سطح کو ٹمپریچر T_1 تک گرم کیا گیا ہو جبکہ L فاصلہ پر مخالف سطحوں کا ٹمپریچر T_2 ہو تو لمبائی کے رخ t سیکنڈ میں بہنے والی حرارت کی مقدار Q ہوتی ہے۔

فارمولا:
$$\frac{Q}{t} = \frac{kA(T_1 - T_2)}{L}$$

.2 کنڈکشن کی تعریف کیجئے۔ [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: انتقال حرارت کا وہ طریقہ جس میں ٹھوس اجسام میں ایٹمز کی وائبریشنز اور آزاد الیکٹرونز کی تیز رفتاری سے گرم حصوں سے سرد حصوں کی جانب انتقال حرارت ہوتا ہے۔ کنڈکشن کہلاتا ہے۔

.3 نان کنڈکٹرز کے دو استعمال لکھیے۔ [FSD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: انسولیٹرز یا ناقص کنڈکٹرز کے استعمالات:

1- انسولیٹرز یا ناقص کنڈکٹرز گھریلو برتنوں جیسا کہ ساس پین، ہاٹ پاٹ، چمچ وغیرہ کے ہینڈل میں استعمال ہوتے ہیں۔ وہ لکڑی یا پلاسٹک سے بنے ہوتے ہیں۔

2- ہوا ناقص کنڈکٹرز یا بہترین انسولیٹرز میں سے ایک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خلا والی دیواریں، یعنی ایسی دو دیواریں جن کے درمیان ہوا اور دوہرے شیشوں والی کھڑکیاں ہوتی ہیں۔ گھروں کو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں ٹھنڈا رکھتی ہیں۔

.4 نسیم بری اور نسیم بحری میں کیا فرق ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

نسیم بری	نسیم بحری
رات کے وقت زمین سمندر کے مقابلہ میں زیادہ تیزی سے ٹھنڈی ہو جاتی ہے اس لیے سمندر کے اوپر کی ہوا زیادہ گرم ہونے کے باعث اوپر اٹھتی ہے اس کی جگہ لینے کے لیے قریب کی خشکی سے نسبتاً ٹھنڈی ہوا سمندر کی طرف چلتی ہے اسے نسیم بری کہتے ہیں۔	دن کے وقت زمین کا ٹمپریچر سمندر کی نسبت زیادہ تیزی سے بڑھتا ہے۔ زمین کے اوپر کی ہوا گرم ہو کر اوپر اٹھتی ہے اس کی جگہ لینے کے لیے قریب کے سمندر سے ٹھنڈی ہوا زمین کی طرف چلتی ہے اسے نسیم بحری کہتے ہیں۔

.5 نسیم بحری کی تعریف کیجئے۔ [LHR-II,DGK-I,RWP-I/II]

جواب: "دن کے اوقات میں سمندر سے خشکی کی طرف چلنے والی ہوا کو نسیم بحری کہتے ہیں۔" زمین کے ٹمپریچر میں دن کے اوقات میں سمندر کی نسبت زیادہ تیزی سے اضافہ ہوتا ہے کیونکہ پانی کی نسبت زمین کی حرارت مخصوصہ کم ہوتی ہے۔ جس سے زمین کے اوپر کی ہوا گرم ہو کر اوپر اٹھتی ہے اور قریبی سمندر سے ٹھنڈی ہوا زمین کی طرف چلتی ہے۔

.6 ہوا میں کنویکشن کرنٹس سے کیا مراد ہے؟ [GUJ-II,MTN-I,SGD-II]

جواب: سیال اشیاء گرم ہو کر اوپر اٹھتی ہیں جس کی وجہ سے خلا پیدا ہو جاتا ہے اور اس خلا کو پر کرنے کے لیے ٹھنڈی ہوا تیزی سے اس کی جگہ لینے کے لیے حرکت کرتی ہے اور یہ بھی گرم ہو کر اوپر اٹھتی ہے۔ جس کی وجہ سے کنویکشن کرنٹس پیدا ہوتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

MUHAMMAD SHAFIQUE https://www.facebook.com/102079175269999-تعلیم-گھر WHTSAPP:03406042418

2013, 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019

انتقال حرارت، کنڈکشن، تھرمل کنڈکٹیویٹی	9.1,9.2

.7 **کنڈکشن آف ہیٹ کی تعریف کیجئے۔** [DGK-II,MTN-I]

جواب: انتقال حرارت کا وہ طریقہ جس میں ٹھوس اجسام میں ایٹمز کی وائبریشنز اور آزاد الیکٹرونز کی تیز رفتاری سے گرم حصوں سے سرد حصوں کی جانب انتقال حرارت ہوتا ہے۔ کنڈکشن کہلاتا ہے۔

.8 **کنڈکٹر اور انسولیٹر میں فرق بتائیے۔** [GUJ-II,MTN-II,DGK-I,BWP-II]

جواب: **کنڈکٹر اور انسولیٹر میں فرق:**

کنڈکٹرز	انسولیٹر
وہ اشیا جن میں حرارت کا گزر آسانی سے ہوتا ہے اچھی موصل یا کنڈکٹر کہلاتی ہیں۔	وہ اشیا جن میں سے حرارت کا گزر آسانی سے نہیں ہوتا ناقص کنڈکٹر یا انسولیٹر کہلاتی ہیں۔
مثالیں: دھاتیں، بھرت وغیرہ	مثالیں: ربڑ، اون، گلاس، لکڑی، کارک وغیرہ۔

.9 **انتقال حرارت سے کیا مراد ہے؟** [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: جب دو اجسام کے ٹمپریچرز مختلف ہوتے ہیں تو گرم جسم کی تھرمل انرجی حرارت کی صورت میں گرم جسم سے ٹھنڈے جسم میں منتقل ہوتی ہے۔ اسے انتقال حرارت کہتے ہیں۔

.10 **حرارت کے بہاؤ کی شرح کی تعریف کیجئے۔ کوئی سے دو عوامل کے نام لکھیے جن پر اس کا انحصار ہے؟** [LHR-I,FSD-II,DGK-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: حرارت کی وہ مقدار جو یونٹ وقت میں بہتی ہے حرارت کے بہاؤ کی شرح کہلاتی ہے۔

حرارت کے بہاؤ کی شرح کا انحصار درج ذیل عوامل پر ہوتا ہے۔

i- سلاخ کا کراس سیکشنل ایریا (A) ii- دونوں سروں کے ٹمپریچر کا فرق $(T_1 - T_2)$

iii- سلاخ کی لمبائی (L) iv- وقت (t)

.11 **نان کنڈکٹرز آف ہیٹ کے دو استعمالات لکھیے۔** [GUJ-I,MTN-I,BWP-II,SWL-I]

جواب: 1- انسولیٹرز یا ناقص کنڈکٹرز گھریلو برتنوں جیسا کہ ساس پین، ہاٹ پاٹ، چمچ وغیرہ کے ہینڈل میں استعمال ہوتے ہیں۔ وہ لکڑی یا پلاسٹک سے بنے ہوتے ہیں۔

2- ہوا ناقص کنڈکٹرز یا بہترین انسولیٹرز میں سے ایک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خلا والی دیواریں، یعنی ایسی دو دیواریں جن کے درمیان ہوا اور دوہرے شیشوں والی کھڑکیاں ہوتی ہیں۔ گھروں کو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں ٹھنڈا رکھتی ہیں۔

.12 **انتقال حرارت کیا ہے؟ کنڈکشن کی تعریف کیجئے۔** [FSD-I,DGK-II,BWP-II,SGD-I]

جواب: جب دو اجسام کے ٹمپریچرز مختلف ہوتے ہیں تو گرم جسم کی تھرمل انرجی حرارت کی صورت میں گرم جسم سے ٹھنڈے جسم میں منتقل ہوتی ہے، اسے انتقال حرارت کہتے ہیں۔

کنڈکشن: انتقال حرارت کا وہ طریقہ جس میں ٹھوس اجسام میں ایٹمز کی وائبریشنز اور آزاد الیکٹرونز کی تیز رفتاری سے گرم حصوں سے سرد حصوں کی جانب انتقالِ حرارت ہوتا ہے۔ کنڈکشن کہلاتا ہے۔ [DGK-I,BWP-II]

.13 **گلاس کی دوہری دیوار والی بوتل تھرماس فلاسک میں کیوں استعمال ہوتی ہے؟** [GUJ,RWP,FSD-II]

جواب: تھرماس فلاسک گلاس کی دوہری دیواروں والے برتن پر مشتمل ہوتی ہے تاکہ یہ کنڈکشن اور ریڈی ایشن سے ہونے والے انتقال حرارت کو انتہائی کم کر دے۔

.14 **میٹلز حرارت کی اچھی کنڈکٹر کیوں ہوتی ہیں؟** [LHR-II,GUJ-II,MTN-I]

جواب: میٹلز حرارت کی اچھی کنڈکٹر اس لیے ہوتی ہیں کیونکہ ان میں الیکٹران آزاد حالت میں پائے جاتے ہیں۔

